بیاد حضرت میراں حسین زنجانی رحمۃ اللہ علیہ پیر بھائی حضرت داتا گنج بخش علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ لاہور

A.B.C سے باقاعدہ منظور شدہ اشاعت

روحانی ماہنامہ آئینہ قسمت

جلد نمبر 67 FEBRUARY 2015 شمارہ نمبر 11

بانی ادارہ مجمع اعظم الحاج سید ناظر حسین شاہ زنجانی قدس سرہ العزیز

جانشین خاندان زنجانیہ عالیہ

شہزادہ سید مصور علی شاہ زنجانی

شہزادہ سید محمد علی شاہ زنجانی

شہزادہ سید محسن علی شاہ زنجانی

بیرون ممالک سالانہ چندہ

مڈل ایسٹ 6500 روپے

انڈیا، ایران، سری لنکا 6500 روپے

یورپ، فارایسٹ 7500 روپے

امریکہ، کینیڈا، آسٹریلیا 8500 روپے

قیمت 70 روپے

سالانہ چندہ 750 روپے

لائف ممبرشپ 9000 روپے

لائف ممبرشپ 1000 ڈالر For 12 Years

ہیڈ آفس کاشانہ زنجانی D-125 گلبرگ II لاہور

فون: 042-35752277, 35872277 فیکس: 042-35755253

موبائل: 0300-9483758

کراچی آفس کاشانہ زنجانی آرام باغ روڈ کراچی 74200

فون: 021-32217544

E-Mail: aienaeqismat@gmail.com

سید انتظار حسین زنجانی ایڈیٹر / پبلشر نے حیدری پریس ریلوے روڈ لاہور سے چھپوا کر کاشانہ زنجانی D-125 گلبرگ 2 لاہور سے شائع کیا

حمد

امجد علی سرور

اس کے فیض عام کے سائل سبھی
صاحب لطف و عطا کوئی نہیں
خالق و مالک تو ہی رزاق بھی
نازش جود و سخا کوئی نہیں
اک تری ہی ذات ہے ترے سوا
لائق حمد و ثنا کوئی نہیں
بیکسوں نادار کا ربّ کریم
خلق میں مشکل کشا کوئی نہیں
تحفۂ فن سے نوازا ہے مجھے
ورنہ مجھ کو جانتا کوئی نہیں
تجھ سے قائم رہنمائی کا چراغ
ہم کو رستوں کا پتا کوئی نہیں
ماسوا خلقت میں ہے ربّ جہاں
راز سرور پر کھلا، کوئی نہیں

حدیث قدسی

اللہ سبحانہٗ تعالیٰ فرماتا ھے:

میں اپنے بندے کے لیے ویسا ہی ہوں، جیسا وہ میرے متعلق خیال کرتا ہے اور جب وہ پکارتا ہے تو میں اس کے ساتھ ہوتا ہوں۔
(بخاری)

نعت

افروز عالم

عقل و شعور و فکر کے محور حضورؐ ہیں
خوش رنگ حسن و خوبی کے پیکر حضورؐ ہیں
آتی ہیں آفریں کی صدائیں سماعت میں
ہر صاحب شعور کے دلبر حضورؐ ہیں
وہ جس کی صاف گوئی کا چرچا ہے ہر طرف
سارے جہاں کے ہادیؐ کو رہبر حضورؐ ہیں
وہ روح کائنات ہیں وہ رحمتِ جہاں
صبر و رضا کے گویا سمندر حضورؐ ہیں
ہر لحہ ان کے ذہن میں امت کی فکر تھی
سب کے لیے وہ رحم کے پیکر حضورؐ ہیں
ہر رونق خیال ضیا بار اُن سے ہے
ہر فلسفہ ہے زیست کے زیور حضورؐ ہیں
عالم کے گوشے گوشے میں رونق بڑھی ہے جہاں
وہ شہر علم مہر منور حضورؐ ہیں

منقبت

آج جشنِ حیدرِ کرارؓ ہے
جو ہمارا مالک و مختار ہے
پڑھ رہے ہیں آپ جو صلّے علیٰ
اُن سے اُلفت کا یہی اظہار ہے
فاطمہ بنت اسد کی گود میں
دین و دنیا کا یہی سردار ہے
چادرِ تطہیر میں شامل ہے جو
اور ولائت کا بھی دعوے دار ہے
بندگی سیکھی ہے سب نے آپ سے
ساری خلقت کو یہ ہی اقرار ہے
ان کا دامن تھام لو تم بھی مظہر
فکرِ محشر بھی تو آخر کار ہے

معلم سال 2015

فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ

یا جمہوریت یا مارشل لاء

تو تم اپنے پروردگار کی نماز پڑھا کرو اور قربانی دیا کرو

ایسا کرنے سے نہ تو کبھی مارشل لاء لگے گا اور نہ ہی الیکشن میں کرپشن جیسے واقعات پیش آئیں گے

جشن عید میلاد النبی ﷺ ربیع الاول کا مہینہ عالم اسلام خصوصاً پاکستانیوں کے لیے ایک انتہائی پاکیزہ ماہ ہے، سرکار دو عالمؐ سے عقیدت و محبت کے وہ مثالی ایام ہیں جب پورے پاکستان میں پورا ماہ جشن کا سا سماں رہتا ہے۔ عاشقانِ رسول حضورؐ سے اپنی اپنی عقیدت کا بھرپور اظہار کرتے ہیں۔

میں گنہگار شاہ زنجانی روز و شب سائلین، بہن بھائیوں کی دکھ بھری داستانیں سن سن کر شب خود بھی دکھی ہو جاتا ہوں اور شب اپنی عبادت و ریاضت اور وظائف کے بعد ان کے لیے دعائیں کرنا واجب خیال کرتا ہوں، جن کی دعائیں میرے ذمہ ہیں۔ کبھی کبھی مجھے محسوس ہوتا ہے کہ قدرت نے نسبت آلِ نبیؐ اولادِ علیؑ سے میری یہ ڈیوٹی لگا رکھی ہے۔ تب اور بھی خشوع و خضوع کی کیفیت طاری ہو جاتی ہے۔ اس دنیا میں مسلم ہونا ہی ایک بہت بڑا اعزاز ہے اور اگر نسبت آلِ رسولؐ سے ہو تو یہ ایک اور بڑا اعزاز ہے، اس پر اپنے خالق و مالک کا جتنا بھی شکر ادا کیا جائے کم ہے۔ مزید میں شکر گزار ہوں کہ سرکارؐ نے ربیع الاول میں بمعہ اہل و عیال مجھے اپنے در پر بلایا۔ پہلے مدینہ حاضری اور اذن سے پھر عمرہ کی ادائیگی نصیب ہوئی۔ سرکارؐ کے در پر ان سب احباب کے لیے دعائیں کی گئیں جو میرے ذمہ واجب تھیں۔ دعاؤں کا تسلسل روضہ رسول مصطفےٰ ﷺ کے بعد ادائیگی عمرہ میں بھی جاری رہا ہے۔ اس دوران معلوم نامعلوم قارئین **زنجانی جنتری، 12 امامیہ جنتری، البیرونی تقویم اور ماہنامہ آئینہ قسمت** کے لیے بھی دعائیں کیں۔ دوران سفر اپنے **معصوم پوتے شہزادہ سید محمد اذان علی زنجانی** کی قسمت پر بھی رشک آیا جو بعمر 4 سال میں ہمراہ ہر جگہ حاضری دے آیا ہے۔ اس کے حافظہ میں مدینہ اور مکہ کی یادیں اور نورانی کرنیں یوں پیوست ہو گئی ہیں، جیسے گلاب اپنی خوشبو کی معرفت جان کر اپنے اندر اسے جذب کر لے اس کی معصوم شرارتوں میں سفر سعودی عربیہ اور دبئی (امارات) میں گزارا گیا وقت ایک حسین یادگار روحانی سفر بن گیا ہے۔

قارئین جانتے ہیں کہ ہم وطن عزیز پاکستان کے زائچہ سے علمی و روحانی تجزیے پیش کرتے رہتے ہیں۔ پاکستان کا بنیادی زائچہ جمہوری نہیں بلکہ عسکری ہے۔ اسی سبب اب تک ملک میں پانچ مارشل لاء لگے اور ایک جوڈیشل مارشل لاء بھی منگل کے دن لگا، مریخ پاکستان کا ستارہ ہے جس سے دن منگل منسوب ہے۔ آج کل آئین میں ترمیم اور دو سال کے لیے ملٹری کورٹس (جوڈیشل مارشل لاء) بننے جا رہے ہیں۔ انصاف ہماری عدلیہ کرے یا ملٹری عدلیہ کرے، انصاف ضرور اور جلد ہونا چاہیے۔ دعا ہے کہ ہماری اصل عدلیہ بھی جلد انصاف دینے کے لیے رنگ بدلے۔ آئین بننے کے بعد اب تک آئین میں ضرورت کے مطابق متعدد ترامیم ہو چکی ہیں۔ آئین کی بہ نسبت ملک زیادہ اہم ہے، استحکام وطن کے لیے جہاں آئین میں ترمیم ہو رہی ہے۔ زائچہ پاکستان کی روح سے عرض ہے کہ فوج کا آئین میں کردار متعین کرنا چاہیے (نیشنل سکیورٹی کونسل) ایسا کرنے سے نہ تو کبھی مارشل لاء لگے گا اور نہ ہی الیکشن میں کرپشن جیسے واقعات پیش آئیں گے۔ نتیجہ کے طور پر جمہوریت بھی ڈی ریل ہونے سے بچی رہے گی۔ سورۃ کوثر کی آیت "فصل الربک والنحر"

ترجمہ: نماز پڑھا کرو اور قربانی دیا کرو۔ نماز کے ساتھ ساتھ قربانی کا ذکر ہے۔ ہم نماز تو روزانہ پانچ وقت پڑھتے ہیں مگر قربانی سال میں ایک مرتبہ کرتے ہیں۔

2015ء ہم سے قربانی طلب کرنے کا سال ہے۔ ہم استحکام وطن کے لیے خود قربانی دیں، ورنہ **معلم سال 2015** خود ہی ہم سے قربانی لے لے گا۔

سال 2015ء سیاست دانوں کو سیاست کا تسلسل قائم رکھنے کے لیے اپنی سیاسی بقا کے تحفظ کا سال ہے

زائچہ نیومون 39 سرطان 16 بحساب ویدک

بتاریخ 20 جنوری 2015ء، بوقت 18 بجکر 13 منٹ، بمقام اسلام آباد

زائچہ فل مون 21 قوس 03 بحساب ویدک

بتاریخ 4 فروری 2015ء، بوقت 04 بجکر 08 منٹ، بمقام اسلام آباد

زائچہ اول: زائچہ نیومون میں قران شمس و قمر ساتویں جبکہ طالع (پوری پاکستانی قوم کا گھر) میں سعد اکبر ستارہ مشتری درجاتی اعتبار سے کم سن اور رجعت یافتہ ہو کر بھی اپنے شرفی برج میں نہایت سعد ہے۔ 2014ء کے پُرآشوب حالات کے برعکس 2015ء کی ابتداء نیو مون جنوری/فروری میں یہاں ہوا کا ٹھنڈا جھونکا ثابت ہو۔ مشتری کی سعادت کے سبب عدلیہ اور فوری انصاف کی (ملٹری) عدالتوں کے قیام کے نتیجہ کے طور پر عوام میں عدم تحفظ کا احساس بتدریج کم ہونے لگے گا۔ ارضِ وطن فصلوں، باغات کی حالت میں بہتری کے آثار نمایاں ہوں۔ اندرونِ ملک ترقیاتی کاموں کی رفتار میں اضافہ، تجارتی و کاروباری سرگرمیاں بھی بڑھیں۔ عوام اور ملکی حالات میں بتدریج بہتری قومی دولت اور بیرونِ ملک سے سرمایہ کاری میں اضافہ، کمرشل حالات سنبھالا، سٹاک شیئرز میں اُتار چڑھاؤ، مجموعی طور سے استحکام رہے۔ زحل پانچویں سے آٹھویں مریخ سے تربیع بننے سے فلم ورشوبزنس کے حلقوں میں بے چینی میڈیا کے افراد کے اسکینڈل، آزمائش میں مبتلا ہوں۔ خواتین خصوصاً بچوں میں موسمی امراض کی وبا پھوٹنے کا اندیشہ، وزارت صحت کو حفاظتی اقدامات میں محتاط رہنا ہوگا۔ اُدھر پانچویں آٹھویں زحل مریخ تربیع کے ناقص اثرات، اندرونِ ملک ناگہانی، حادثاتی اموات، آگ، ایکسیڈنٹ اور جرائم (دہشت گردی) کے سبب نقصانات کے خدشات نظر انداز نہیں کیے جاسکتے۔ نیپچون بھی مریخ کے ہمراہ آٹھویں نحوستوں میں اضافہ کا اشارہ ہے۔ قومی اخلاق مجروح ہونے کی روک تھام، سیاست دانوں کی اپوزیشن کو ملکی مفاد میں مشترکہ فیصلے کرنے ہوں گے۔ پانچویں دسویں کا مشترکہ حاکم مریخ آٹھویں نحس گھر حکومت کے لیے مشکلات، وزارتوں میں ردوبدل، میڈیا پر حکمرانوں کے اسکینڈل حکومت کے لیے مشکلات میں اضافہ کر سکتے ہیں۔

زائچہ دوم: طالع کا حاکم مشتری شرف یافتہ آٹھویں اور آٹھویں کا مالک قمر ہمراہ ہونے سے اگرچہ یہ گھر نحس مگر دو سعد کواکب کی یہاں موجودگی ملکی سلامتی سے متعلق حکومت اپوزیشن کے مابین قومی سلامتی سے متعلق کسی خاموش معاہدے کا اشارہ ہے۔ آٹھویں سعادت

قمر در عقرب

اس نحس وقت کی ابتداء 10 فروری 12 بجکر 5 منٹ تا 12 فروری 21 بجکر 48 منٹ تک رہے گی۔
اس دوران آئمہ معصومینؑ کے نزدیک کوئی بھی نیا کام شادی بیاہ کرنا ہرگز نیک نہیں ہے۔

مشتری ملکی خزانے دوست ممالک سے تجارتی، ثقافتی تعلقات میں اندرونِ ملک قیمتی معدنیاتی ذخائر کی دریافت سے ایک نئے روشن دور کے آغاز کی نوید قوم کو سنائی جاسکے گی۔ وراثتی، مذہبی دہشت گردی کے خاتمہ کے لیے قوانین میں مثبت تبدیلیاں متوقع ہوں، بینکوں سے عوام کو سہولت بہم پہنچانے کے لیے نئی مالیاتی پالیسیاں بنائی جاسکیں۔ طالع میں پلوٹو کا قیام حکومت وقت کے لیے نیک فال نہیں۔ سراسر حکومت کے خلاف اپوزیشن پھر سے مورچہ بندی، مار دھاڑ، انقلاب کے نعرے، بلند ہو سکتے ہیں۔ بعض حیرت انگیز، عجیب و غریب واقعات رونما ہوں، جو فوری تبدیلیوں کا باعث بنیں۔ زلزلوں کا اندیشہ، نیوکلیئر اثاثوں کی حفاظت پر سیکورٹی کے اقدامات سخت کرنے کی ضرورت پر زور دینا چاہیے۔ ذنب اور یورانس کی چوتھے موجودگی عوام میں جذبہ حب الوطنی ابھارنے کے لیے پرنٹ و الیکٹرانک میڈیا اہم کردار ادا کرے۔ راس کی دسویں موجودگی امکان ہے کہ حکومت وقت حکومت چلانے کے لیے ازخود کسی ضابطہ حیات و اخلاق حکومت اور تعمیر وطن کے لیے اور دہشت گردی کے خاتمہ کے لیے مشترکہ نتائج پر متفق ہو، اس عمل میں قومی سیاست دانوں کی بقا دکھائی دیتی ہے۔

منجم اعظم الحاج سید ناظر حسین شاہ زنجانی کا 18واں سالانہ عرس

جشن میلادِ النبی ﷺ کے زیرِ سایہ بانی ادارہ آئینہ قسمت منجم اعظم الحاج سید ناظر حسین شاہ زنجانی" کا 18واں سالانہ عرس حسب سابق عزت و تکریم سے منایا گیا۔ مہمانِ خصوصی آئی جی پنجاب (ر) سید اظہر حسن ندیم، آئی جی اسلام آباد (ر) میجر اکرم، سجادہ نشین سید انتظار حسین شاہ زنجانی کے ہمراہ سینکڑوں مہمانوں نے شرکت فرمائی۔ تصاویر میں نمایاں چوہدری واحد علی خان، سید ریاض علی شاہ، مفتی سید عاشق حسین، ملک نسیم رضا، حاجی جمیل بدر، اسد بخاری اور شہزادہ سید محسن علی زنجانی، سید افضل زنجانی، پیر سید ظہور کاظمی۔ مزید تفصیلات آئینہ قسمت مارچ 2015ء میں ملاحظہ فرمائیں۔

2015ء سیاست کی بقا کا سال ہوگا

وزیراعظم قربانی کا جذبہ پیدا کریں، ورنہ مارشل لاء لگ سکتا ہے

جنگ فورم میں معروفِ ماہرینِ علم نجوم، علم الاعداد کی پیش گوئیاں

2015ء سیاست دانوں اور سیاست کی بقا کا سال ہوگا، قربانی نہ دینے والوں کا مستقبل تاریک ہوسکتا ہے۔ ذبیحہ پر منگل کے دن پابندی کے خاتمہ تک ہمارے نوجوانوں کا خون بہتا رہے گا۔ نئے سال ملک میں چار حلقے کھول دیے جائیں گے لیکن این اے 122میں دھاندلی ثابت نہیں ہوسکے گی۔ نئے سال کا عددی نمبر 8 ہے اور اس نمبر والی شخصیات متاثر ہوسکتی ہیں۔ ملک میں جمہوری ڈسپلن اور اداروں کی بہتری کے امکانات ہیں پاکستان ورلڈکپ حاصل نہیں کرسکے گا۔ ان ملے جلے خیالات کا اظہار مختلف ماہرین علم نجوم نے جنگ فورم میں "2015 کا سال۔۔۔کیسا ہوگا؟" کے موضوع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا پروگرام کے میزبان اسلم جاوید تھے۔ ماہرین روحانیات وعلم نجوم سید انتظار حسین شاہ زنجانی نے کہا کہ وزیراعظم میاں نواز شریف کے پاس ستمبر تک کا وقت ہے وہ اپنے اندر قربانی کا جذبہ پیدا کریں ورنہ مشکلات بڑھیں گی۔ حتیٰ کہ دس سال کے لیے مارشل لاء لگ سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نئے سال سے ملک میں اگلے دس سالوں کے اندر نئے سیاست دان اور نئے صوبے بن سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آسمانی کونسل کے نقشہ سے ظاہر ہوتا ہے کہ اب اللہ تبارک تعالیٰ کو پاکستان پر رحم آگیا ہے اور ہمارے حالات بدلیں گے، لیکن 2015ء کا سال بہتر اہم ہے۔ خصوصاً جنوری، مئی اور ستمبر میں سیاسی طور پر حالات مخدوش ہوسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نئے سال میں چار گرہن لگیں گے جن کی وجہ سے یہودیوں پر شدید منفی اثرات مرتب ہوسکتے ہیں اور مڈل ایسٹ میں جنگ کا دائرہ وسیع ہوتا ہوا نظر آرہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نئے سال میں سیاستدانوں نے قربانی نہ دی تو بڑے سیاستدانوں کا مستقبل تاریک نظر آرہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں جب تک منگل کے مذبحہ پر عائد پابندی ختم نہیں ہوتی تب تک پاکستانی جوانوں کا خون بہتا رہے گا۔ منگل کی قربانی پر پابندی کی وجہ سے ملک میں دہشت گردی پھل پھول رہی ہے، اس دن مذبح خانے کھولنا ملک وقوم کا صدقہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر ہمارے سپورٹس مین چاہتے ہیں کہ ہم ورلڈکپ جیتیں تو ہمیں سپورٹس کے میدان میں عدل کا نظام قائم کرنا ہوگا۔ پاکستان کی پارلیمنٹ میں جولائی تک سرگرمی رہے گی اور نئی آئینی تبدیلیاں آسکتی ہیں۔ آصف زرداری اپنے بیٹے کو منالیں گے مگر پی پی میں فارورڈ بلاک بننے کی بو آرہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان حکومت اگر اپنے ملک کا جنم دن ٹھیک کرلے اور پاک بھارت ایک دن سالگرہ منائیں تو حالات بہتر ہوسکتے ہیں۔ پاکستان کو اپنے جھنڈے سے ڈوبتے ہوئے چاند کو درست کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ نئے سال سے پاکستان میں بے پناہ معدنیات کے ذخائر دریافت ہوں گے۔ ماہر علم نجوم عالیہ نذیر نے کہا کہ نیا سال مسائل کا گڑھ ہوگا، مگر 2015ء کے اختتام پر ہم دنیا بھر کے سامنے ایک بہترین قوم بن کر ابھریں گے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں دہشت گردی کا کوئی بڑا واقعہ نہیں ہوگا۔ نیا سال ملک کے اتحاد کے حوالے سے بہت اہم ہے۔ میاں نواز شریف نیا سال بہت مشکلات میں گزاریں گے مگر ان کی حکومت قائم رہے گی۔ ملک میں مارشل لاء نہیں نظر آرہا مگر عملی طور پر حکومت اسٹیبلشمنٹ کے پاس رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ 2015ء میں چار حلقے کھول دیے جائیں گے لیکن این اے 122 میں دھاندلی ثابت نہیں ہوسکے گی۔ انہوں نے کہا کہ آصف زرداری اور بلاول بھٹو کے اختلافات سامنے نہیں آسکیں گے۔ انہوں نے کہا کہ انڈیا پاکستان کی فوجیں آمنے سامنے آسکتی ہیں مگر جنگ کے امکانات نہیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ افتخار چوہدری اور پرویز مشرف سیاست میں آگے آئیں گے۔ انہوں نے کہا کہ کرکٹ ورلڈکپ میں نیوزی لینڈ کی کامیابی کے امکانات ہیں، پاکستان فائنل تک جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 2015ء (بقیہ صفحہ نمبر 10 پر)

EXPRESS FORUM

2015ء میں بڑی تبدیلیاں آئیں گی، مشکلات کے باوجود ملک ترقی کرے گا

ایکسپریس فورم میں معروف ماہرین علم نجوم، جفر، اعداد اور قیافہ کی پیشین گوئیاں

2015ء کا آغاز ہو چکا ہے اور نئے سال کے حوالے سے بہت سے سوالات جنم لے رہے ہیں۔ اس نئے سال میں دنیا میں کیا تبدیلیاں رونما ہوں گی، خطے کی صورتحال کیا ہوگی، ملک کا سیاسی منظر نامہ کیسا ہوگا، قوم کو دہشت گردی سے نجات مل پائے گی، سیاسی شخصیات کا مستقبل کیا ہوگا، ملکی معیشت، لوڈشیڈنگ اور بجٹ کیسا ہوگا، عوام کو ریلیف ملے گا یا ان کی مشکلات میں اضافہ ہوگا، کھیلوں کی صورتحال کیا ہوگی۔ اس قسم کے سوالات ذہنوں میں جنم لیتے ہیں اور عام آدمی ان کے بارے میں جاننے کی خواہش رکھتا ہے۔ غیب کا علم صرف اللہ تعالیٰ کے پاس ہے لیکن اس کے بخشے ہوئے علم اور دماغ سے صاحب علم لوگ مختلف تجزیے کرتے ہیں جو حتمی اور یقینی تو نہیں ہوتے مگر انسانی دلچسپی کی وجہ سے اپنی اہمیت رکھتے ہیں۔ نئے سال کے حوالے سے پیش گوئیوں کیلئے "ایکسپریس فورم" میں ماہرین علم الاعداد اور علم نجوم کو مدعو کیا، ان کی پیش گوئیاں نذر قارئین ہیں۔

سید انتظار حسین زنجانی

ہر نیا سال ہمیں سہانے سپنے دکھاتا ہے اور ہمارے سیاستدان ہمیں نئی امیدیں دیتے ہیں۔ پاکستان کے زائچے کے حوالے سے بات کریں تو پاکستان کا قیام 15 اگست 1947ء کو ہوا لیکن ہماری پوری قوم ایک دن کے فرق سے 14 اگست کو جشن آزادی مناتی ہے۔ آزادی کے بعد دو سال تک 15 اگست کو ہی جشن آزادی منایا گیا لیکن اس کے بعد سے 14 اگست کو جشن آزادی منانا شروع کر دیا۔ تمام پاکستانی لیڈر خاص طور پر ہمارے وزیراعظم یہ چاہتے ہیں کہ ہمسایہ ملک بھارت کے ساتھ ہمارے تعلقات بہتر ہو جائیں تاکہ خطے میں امن قائم ہو۔ ایسٹرولوجی کی رو سے دیکھیں تو پاکستان اور بھارت کے تعلقات بہتر ہو سکتے ہیں لیکن اس کے لیے ہمیں پاکستان کے حقیقی جنم دن یعنی 15 اگست کو جشن آزادی منانا ہوگا۔ اس کا فائدہ ہوگا کہ جس طرح دو جڑواں بھائیوں میں محبت ہوتی ہے ایسے ہی دو جڑواں ممالک کے درمیان بھی محبت بڑھ سکتی ہے۔ 2015ء کا مفرد نمبر 8 ہے، یہ نمبر ستارہ زحل سے منسوب ہے اور یہ الجھنوں اور رکاوٹوں کا ستارہ ہے لیکن اس میں مثبت چیز یہ ہے کہ یہ ایک معلم ستارہ ہے لہٰذا یہ سال پوری قوم کے لیے ایک معلم سال کی حیثیت رکھتا ہے۔ اس ستارے کا تعلق سیاست سے بھی ہے لہٰذا یہ سال سیاستدانوں کی بقاء کا سال ہے۔ میرے نزدیک ان کے پاس ستمبر تک کا وقت ہے اور ستمبر پاکستان کے حوالے سے بہت اہم ہے کیونکہ 65ء کی جنگ بھی ستمبر میں ہوئی تھی۔ 5 ستمبر سے پاکستان کے پیدائشی زائچے میں ستارہ قمر کی دس سالہ مہادشا شروع ہو رہی ہے، ستاروں کی چال کے حوالے سے قدرت پاکستان کو سدھارنے آ رہی ہے، اگر ہم پیار سے سمجھ جائیں گے تو ٹھیک ورنہ قدرت اپنے سدھارنے کے طریقے کو سامنے لائے گی۔ پاکستان کے پیدائشی زائچے میں اس کا حاکم ستارہ مریخ ہے، مریخ کا تعلق فوج سے ہے اور یہ آسمانی فوجوں کا کمانڈر انچیف ہے۔ اس کے علاوہ اس کا تعلق منگل کے دن اور نمبر 9 سے ہے۔ منگل کا دن پاکستانی تاریخ میں بہت اہم ہے۔ پاکستان اسلامی جمہوریہ پاکستان ہے لیکن یہاں بار بار منگل کے دن فوج کو آنا پڑتا ہے۔ چار فوجی اور ایک سول مارشل لاء منگل کے روز لگائے گئے، سانحہ ماڈل ٹاؤن اور سانحہ پشاور بھی منگل کو ہی پیش آیا۔ لہٰذا حکومت اگر پاکستان میں جمہوریت اور امن چاہتی ہے اور دہشت گردی کا خاتمہ چاہتی ہے تو اسے چاہیے کہ منگل کے روز گوشت کا ناغہ ختم کر دے۔ منگل کو جب جانور قربان ہوں گے، صدقہ خیرات ہوگا تو آفتیں، بلائیں ٹل جائیں گی۔ میں یہ بات برسوں کی تحقیق سے کہہ رہا ہوں کہ حکومت منگل کے روز جانوروں کو ذبح کرنے کی اجازت دے، اس سے مشکلات ختم ہو جائیں گی۔ لہٰذا اب بھی اگر پاکستانیوں نے قربانی نہ دی تو یاد رکھیں کہ پاکستان کے زائچے کے مطابق اس کا مزاج جمہوری نہیں بلکہ عسکری ہے، ستاروں کی پوزیشن کے حوالے سے مارشل لاء کی چنگاری دبی ہوئی ہے جو کسی وقت بھی بھڑک سکتی ہے۔ لہٰذا اگر ہمارے سیاستدانوں نے ستمبر تک افہام و تفہیم نہ کی اور ملک و قوم کے لیے قربانی نہ دی تو پاکستان میں دس سالہ سخت ترین مارشل لاء لگ سکتا ہے۔ اس سال چار گرہن لگ رہے ہیں اور اس میں سے دو خونی گرہن ہیں۔ ان کی تاریخ یہ ہے کہ جب بھی یہ گرہن لگتے ہیں عالمی سطح پر عجیب و غریب واقعات پیش آتے ہیں جو دنیا کو ہلا کر رکھ دیتے ہیں۔ اس وقت ان گرہن سے سب سے زیادہ یہودی فکرمند ہیں اور انہیں خطرہ ہے کہ ان پر مصیبت آنے والی ہے۔ اس گرہن کے نتیجے میں وسطی ایشیاء میدان جنگ بننے جا رہا ہے اس کے علاوہ سعودیہ عرب کی آزادی اور سالمیت کو بھی خطرہ ہے۔ یہ خونی گرہن ہمارے ایٹمی اداروں کے لیے اچھا نہیں ہے، ان پر تخریب کاری ہو سکتی ہے۔ 2015ء میں جنوری، مئی اور دسمبر کے کچھ ایام میں فوج اور سیاستدانوں کے مابین حالات بہت زیادہ تلخ رہیں گے۔ حکومت، سیاستدانوں، عدلیہ، سینٹ اور ارکان اسمبلی سے اپیل ہے کہ ملکی ترقی کے لیے فوج کو 2015ء میں آئینی کردار دے دیں، اس سے جمہوریت بھی ڈی ریل نہیں ہوگی۔ اس سال میں الیکشن ریفارمز ہوں گے، اس کے علاوہ دہشت گردی اور کرپشن کا خاتمہ ہوتا نظر آ رہا ہے۔ نئے سال میں نئے یونٹس اور نئے صوبے بننے کا امکان ہے۔ اس کے علاوہ قوم کو کرپٹ سیاستدانوں سے چھٹکارا حاصل ہوگا اور ملک میں تعمیر و ترقی ہوگی لہٰذا میں 2015ء کو تعمیر وطن کا سال قرار دیتا ہوں۔ اس سال کے آغاز سے 8 اپریل تک معدنیات کے نئے ذخائر غیر متوقع طور پر دریافت ہوتے نظر آ رہے ہیں، جس سے ملک کو فائدہ ہوگا۔ 8 اپریل سے 14 جولائی تک یہ سال فائدہ مند ثابت ہوگا کیونکہ 14 جولائی تک ستارہ مشتری پاکستان کے زائچے کے پانچویں گھر میں اچھی پوزیشن رکھتا ہے اور اس کا تعلق کھیل اور اسٹاک ایکسچینج سے ہے۔ اگر کھیل کو سیاست سے الگ کر دیا جائے تو پاکستان کرکٹ ورلڈ کپ جیت سکتا ہے اور اس میں عمران خان کو بلا تاخیر سپورٹس کمیٹی کو مشورے دینے چاہئیں۔ جولائی سے دسمبر تک کے مہینے جیل خانہ جات، ہسپتالوں، فلاحی اداروں اور این جی اوز کے لیے بہت اہم ہیں۔ ان اداروں کی از سر نو تعمیر، سہولیات اور رعایات کی فراہمی میں بہتری ہوگی۔ اس کے علاوہ تھر کی صورتحال بھی بہتر ہوگی جہاں خشک سالی اور شرح اموات میں کمی آئے گی۔ اس سال میں پاکستان کے بیرونی ممالک کے ساتھ مشروط اور غیر مشروط تعلقات قائم ہوں گے اور پڑوسی ممالک کے ساتھ ہمارے تعلقات ایک حد تک بہتر ہوتے نظر آ رہے ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ کشمیر کے مسئلے میں پیش رفت کا سلسلہ شروع ہوگا۔ 2015ء ایک ٹرننگ پوائنٹ ثابت ہوگا، اس سال میں پاکستان کی معیشت بہتر ہوتی ہوئی نظر آ رہی ہے۔ اس سال میں ہمارے ملک میں غیر ملکی سرمایہ کاری آئے گی۔ اس کے علاوہ عدلیہ اور اسمبلی میں ملکی تعمیر و ترقی کے لیے نئے قوانین بنائے جائیں گے، ہماری عدالت کی خرابیاں بھی دور ہوں گی اور لوگوں کو بروقت انصاف ملنا شروع ہو جائے گا۔ 2015ء میں بلدیاتی انتخابات کا معاملہ ہائی لائٹ رہے گا اور اس سال حکمرانوں کو نا چاہتے ہوئے بھی اپنے طرز عمل میں تبدیلی لانا پڑے گی۔ 2015ء میں بین الاقوامی سطح پر پاکستان کا وقار بلند ہوگا، پاکستان کی ساکھ بہتر ہوگی اور اگست کے بعد پاکستان میں ترقیاتی کام شروع ہوں گے۔ اس سال میں اسلامی ممالک کے ساتھ بھی پاکستان کے تعلقات بہتر ہوں گے اور پاکستان ان کی مدد کرے گا۔

یاسمین نو

2015ء کی پہلی سہ ماہی محیر العقول تبدیلیوں کی ہے۔ یکم جنوری سے ملکی حالات جس پہلو سے کروٹ لے رہے ہیں، اس میں مارشل لاء کے امکان کو رد نہیں کیا جا سکتا۔ گزشتہ سال کے خونی سورج گرہن کے اثرات ابھی تک پاکستان پر منڈلا رہے ہیں مزید یہ کہ آئینی ایمرجنسی کے نفاذ کو بھی خارج از امکان قرار نہیں دیا جا سکتا۔ 2015ء کا مفرد عدد 8 ہے، جو بحران کن پریشانیوں اور افسوسناک واقعات کو جنم دیتا ہے، کیونکہ علم الاعداد کی روشنی میں یہ عدد اچھا نہیں سمجھا جاتا۔ اس نمبر کے لوگ اور ملک قسمت کے رحم و کرم پر ہوتے ہیں لہٰذا جہاں تک پاکستان کے حالات و واقعات کا تعلق ہے، اس سال پریشانیوں اور رکاوٹوں کے باوجود کوئی معجزہ رونما ہو سکتا ہے۔ جنرل راحیل شریف اس طوفان میں ایک مضبوط چٹان کی طرح کھڑے نظر آتے ہیں، ان کا برج جوزا ہے، جس کا حاکم

ستارہ عطارد ہے وہ خوش اسلوبی سے کشتی کو بھنور سے نکال لیں گے اور اس وقت بھی دہشت گردی کو ختم کرنے میں وہ پیش پیش نظر آرہے ہیں۔اس کے علاوہ جنرل (ر) پرویز مشرف کے حالات اب بہتری کی طرف جارہے ہیں،ان کو کسی کیس میں سزا ہونے کا کوئی امکان نہیں ہے،وہ ملک سے باہر بھی جاسکتے ہیں اور ملک میں رہ کر سیاست بھی کر سکتے ہیں اور ایم کیو ایم انہیں سپورٹ کرے گی۔ہمسایہ ممالک کے ساتھ تعلقات کے حوالے سے اس سال مسئلہ کشمیر کے حل ہونے کا کوئی امکان فی الحال نظر نہیں آتا تاہم بھارت اور افغانستان کے ساتھ پاکستان کے تعلقات بہتری کی طرف گامزن ہوں گے،اور تجارت کا سلسلہ شروع ہوگا۔افغان حکومت پاکستان کے ساتھ تعلقات بڑھائے گی اور اشرف غنی کا جھکاؤ پاکستان کی طرف ہوگا۔بھارت کے معاملے میں نواز شریف کا معاملہ تسلی بخش نہیں ہے،بھارت کے ساتھ مسائل بھی پیدا ہو سکتے ہیں۔اس سال کا عدد 8 ہے اور اس حساب سے حالات بہتر نہیں ہیں۔ہمیں حالات کی بہتری کے لیے اللہ سے دعا کرنی چاہیے کیونکہ صرف اللہ ہی ملکی حالات بہتر کرنے کا اختیار رکھتا ہے۔پاکستان کا عدد 5 ہے اور اس کا کل عدد 7 ہے۔عدد 5 مریخ کا عدد ہے،جب سے پاکستان وجود میں آیا ہے اس کے حالات میں اتار چڑھاؤ آرہا ہے اور اس کی بڑی وجہ مریخ ہے۔نمبر 7 کو تمام مذاہب میں روحانی نمبر کی حیثیت حاصل ہے،لہٰذا اب روحانیت اس طرف آئے گی اور وہ لوگ جو اللہ کی طرف نگاہ رکھتے ہیں ملکی سالمیت کے لیے دعا کر رہے ہیں۔لہٰذا 7 نمبر کی وجہ سے روحانیت ہمیشہ پاکستان کے ساتھ رہے گی اور ابھی تک پاکستان دعاؤں کے طفیل ہی بچا رہا ہے۔سیاسی حوالے سے اس سال میں کافی ہلچل رہے گی اور اس سال بھی حکومت بالکل کمزور نظر آرہی ہے۔سانحہ پشاور نے پوری قوم اور لیڈر شپ کو ایک جگہ جوڑ دیا ہے لیکن اس سال دوبارہ سے سیاسی لڑائیاں شروع ہو جائیں گی۔میاں محمد نواز شریف کے سیاسی حالات غیر تسلی بخش نظر آرہے ہیں اور اس سال فوج اور حکومت ایک پیج پر نہیں ہوں گے۔اس کے علاوہ حکومت اور تحریک انصاف کے مذاکرات ناکام ہونے کا خدشہ دکھائی دے رہا ہے۔آصف علی زرداری کا کوئی مستقبل نظر نہیں آرہا،ان کا گراف نیچے جائے گا اور اس کے ساتھ ساتھ پاکستان پیپلز پارٹی تقسیم ہوتی ہوئی نظر آرہی ہے۔اس سال پاکستان تحریک انصاف کا مستقبل بھی تباہی تک نظر آرہا ہے۔ایم کیو ایم کی بات کریں تو الطاف حسین سزا سے بچ جائیں گے۔پاکستان کی سالمیت کے حوالے سے بات کریں تو ہمارا ٹرننگ پوائنٹ محفوظ ہے اور اس کو بالکل خطرہ نہیں ہے۔سال 2015ء میں ملکی معیشت غیر تسلی بخش ہوگی،مہنگائی ملک کو پوری طرح اپنی لپیٹ میں لیتی ہوئی نظر آرہی ہے اور گیس،بجلی اور دیگر اشیاء خورونوش بھی مہنگی ہوں گی۔دہشت گردی سرد ستان طرح چلتی رہے گی اور ہمارے ملک پر اس کے خطرات منڈلاتے رہیں گے۔

ڈاکٹر زیب خان

ستاروں کی روشنی میں دیکھیں تو زحل کی پوزیشن تبدیل ہو چکی ہے جس کی وجہ سے 2015ء میں پاکستان میں بہت سی تبدیلیاں رونما ہوں گی۔عالمی سطح پر ہمارے نئے الائنس بنیں گے اور پاکستان سوویت یونین اور چین کے ساتھ اپنے تعلقات بڑھائے گا۔اس سال زحل،پاکستان کے نیٹل چارٹ کے پانچویں خانے میں آجائے گا جس کے بعد کوئی بھی رسک والا کام پاکستان کے لیے خطرناک ثابت ہوگا۔مشتری کی پوزیشن بھی اگست 2015ء میں تبدیل ہو رہی ہے،زحل کا یہ سائیکل گذشتہ ڈھائی سالوں کی نسبت بہتر ہے،ہم پر اس کے اثرات آسان گزریں گے اور ملکی سیکیورٹی کی صورتحال میں بہتری آئے گی۔امریکہ کیلئے یہ سال سورج کا سال ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ امریکہ ہمارے ساتھ الائنس کی تجدید تو کرے گا،اس سلسلے میں ہمارے کچھ مطالبات بھی مانے جائیں گے اور امریکہ اپنا ایجنڈا بھی تبدیل کرے گا۔اس سال افغانستان کی صورتحال بہتر ہوگی اور وہاں امن آئے گی۔اس کے بعد پاکستان سمیت پورے خطے کی صورتحال بہتر ہوگی۔میاں نواز شریف پر مشکلات کا دور ختم ہو چکا ہے لیکن ان کے لیے یہ چیلنج ہوگا کہ انہیں ملک کے حوالے بڑے بڑے فیصلے کرنا پڑیں گے اور اگر ان فیصلوں میں رسک لیں گے تو وہ نقصان اٹھا سکتے ہیں۔اس سال خاص طور پر وہ بین الاقوامی تعلقات کے بارے میں اہم فیصلے کریں گے،جس سے ہماری نئی پارٹنر شپ یا فارن پارٹنر شپ نئے طریقے سے سامنے آئے گی۔اس سال ہمارا ضرب عضب بہتری کی طرف جائے گا اور پاکستان دہشت گردی کے خاتمے کے حوالے سے دنیا میں ایک اہم کردار ادا کرے گا۔2015ء میں ہمارے ہمسایہ ممالک کے ساتھ تعلقات بہتری کی طرف جائیں گے،چین کے ساتھ ہمارے تعلقات بہتر ہوں گے۔بھارت کے بارے میں ہمیں محتاط رہنا ہوگا کیونکہ اس کے قول و فعل میں تضاد ہوگا۔زحل ہمارے پانچویں خانے میں ہے اس لیے معاشی لحاظ سے پاکستان پر سخت وقت آسکتا ہے اور حکمرانوں کو معاشی چیلنجز کا سامنا کرنا پڑے گا۔میاں نواز شریف کا برج جدی ہے ان پر بھی مالی لحاظ سے سخت وقت آسکتا ہے۔اس وقت نواز شریف جو معاشی ایجنڈا لے کر چل رہے ہیں وہ اس میں تبدیلی کریں گے۔اس سال ایسا لگتا ہے کہ کسی طرح ملک سے پیسہ غائب ہو جائیں گے۔سال کا پہلا آدھا حصہ معاشی لحاظ سے مشکل ہوگا لیکن اگست کے بعد سے معاشی صورتحال میں بہتری آئے گی تاہم نئے سال کا بجٹ کافی سخت ہوگا۔جہاں تک سیکیورٹی خدشات کا سوال ہے تو پاکستان میں فوجی آپریشن زیادہ ہوں گے اور کامیاب بھی رہیں گے۔نیا سال سیاسی جماعتوں کے لیے بھی تبدیلیوں کا ہوگا۔پاکستان تحریک انصاف کا موجودہ ایجنڈا ناکام ہو جائے گا ان کی لیڈر شپ چیزوں کو بہتری کی طرف لائے گی اور پھر وہ ایک نیا ایجنڈا اور ٹرینڈ لے کر سامنے آئیں گے۔مسلم لیگ (ن) کا برج عقرب پر آتا ہے،یہاں ابھی صورتحال یہ نظر آتی ہے کہ گذشتہ ڈھائی سال سے زحل ان کے سر منڈلا رہا تھا اب وہ ہٹ جائے گا اور ان پر سختی ختم ہو جائے گی،لیکن جولائی سے ستمبر تک مسلم لیگ (ن) پر دوبارہ سخت وقت آئے گا اور اس کے نتائج اس بات پر منحصر ہیں کہ وہاں حالات کو کیسے دیکھتے ہیں۔پاکستان پیپلز پارٹی کے لیے برا وقت ہے،اس کی قسمت کا نمبر سورج پر آتا ہے،اس سال بلاول بھٹو اور آصف زرداری کے درمیان فاصلے بڑھتے جائیں گے اور پیپلز پارٹی میں اندرونی خلفشار پیدا ہوگا۔جہاں تک آل پاکستان مسلم لیگ اور پرویز مشرف کی صورتحال ہے تو پرویز مشرف کا برج اسد ہے،اس سال میں جس طرح پاکستان کی صورتحال ہے اسی طرح پرویز مشرف کی صورتحال بھی ہوگی،اس کا مطلب یہ ہے کہ رسک کا عمل کامیاب نہیں رہے گا مالی معاملات میں بھی پرویز مشرف اور ان کی جماعت پر تنگی رہے گی،ان کے بہت سے مکان تبدیل ہوں گے اور پرویز مشرف اپنی رہائش یا اپنے دفاتر تبدیل کریں گے اور اس سال میں جو گرہن ہیں ان کے اثرات آل پاکستان مسلم لیگ پر اچھے نہیں ہوں گے۔16 ویں صدی سے 19 ویں صدی تک چار چاند گرہن لگاتار نہیں آئے لیکن لگاتار چار چاند گرہن کا یہ تسلسل 2014ء سے شروع ہوا جو 2015ء میں بھی جاری رہے گا،ان چار چاند گرہن کے درمیان سورج گرہن بھی آرہا ہے۔اس کے اثرات یہ ہوں گے کہ اس وقت حکومت جو پالیسیاں لا رہی ہے وہ سب کچھ اس تاریخ کو تبدیل ہو جائے گا۔اس کے علاوہ اگر ستمبر تک حکومت سے ملکی حالات بہتر نہیں ہوں گے تو فوج اس میں کردار ادا کرے گی۔2015ء میں جنرل راحیل شریف بیرونی ممالک کے دورے کریں گے اور فارن پارٹنر شپ میں اہم کردار ادا کریں گے۔

شہباز انجم

علم نجوم کے حوالے سے 2015ء گزشتہ سال کی نسبت ملک کے لیے بہتر ہوگا اور ملک بدامنی کی صورتحال سے نکل جائے گا۔ان دنوں مریخ اور مشتری دونوں آمنے سامنے ہیں اور جنوری کی 7،6 تاریخ تک وقت اچھا نہیں ہے۔اس کے علاوہ مارچ سے اگست تک کا وقت بھی بہتر نہیں ہوگا کیونکہ اس دوران میں زحل ستارہ اچھا نہیں ہے۔میاں نواز شریف کا برج جدی ہے اور اس کا حاکم ستارہ زحل ہے،اس عرصے میں ان کو زیادہ جدوجہد کرنا پڑے گی اور اگر کوئی مذاکرات کا عمل چل رہا ہے تو اس میں اونچ نیچ والا معاملہ آسکتا ہے کیونکہ جس وقت ستارے حالت رجعت میں چل رہے ہوتے ہیں تو جو چیزیں حل ہو رہی ہوتی ہیں وقتی طور پر ان میں انتشار پیدا ہو سکتا ہے اور ہم آہنگی کے امکانات کم ہو جاتے ہیں،ویدک آسٹرالوجی کے حساب سے دیکھا جائے تو جولائی کے مہینے تک مشتری ستارہ بہت اچھا ہے،لہٰذا جب تک یہ حالت شرف میں ہے اس دوران دہشت گردی پر کافی حد تک قابو پایا جائے گا اور جو قانون سازی اس عرصے میں کی جائے گی وہ اپنی حتمی شکل کو پہنچ جائے گی۔30 جولائی سے 15 ستمبر تک مریخ ستارہ حالت زوال میں ہوگا،اس عرصے میں حکمران جماعت یا جن کے قلم میں طاقت ہے انہیں محتاط رہنا ہوگا۔گزشتہ کئی سالوں میں سورج اور چاند گرہن آتے رہے ہیں،اس سال بھی مارچ اور اپریل میں گرہن ہیں اور اس عرصے میں زحل ستارہ حالت رجعت میں ہوگا۔نئے سال کے پہلے دو تین ماہ تو ایسے ہی گزر جائیں گے لیکن

مارچ کے بعد سے ملکی سطح پر تبدیلیاں رونما ہو سکتی ہیں اور بعض سیاسی جماعتیں لڑائی جھگڑے کی طرف جا سکتی ہیں۔ یہ سال عمران خان اور ان کی جماعت تحریک انصاف کے لیے جدوجہد کا ہے اور ان کی قسمت میں جلد ہی کسی بڑی کامیابی کے امکانات کم ہیں۔ پاکستان پیپلز پارٹی اور پاکستان مسلم لیگ (ق) بھی ستاروں کے مطابق ابھی کامیاب ہوتے دکھائی نہیں دے رہے۔ آصف زرداری اور پرویز مشرف کا برج اسد ہے، دونوں جدوجہد کے دور سے گزریں گے اور دونوں کے لیے کسی بڑی کامیابی کے امکانات کم ہیں۔ پاکستان مسلم لیگ (ن) اور افواج پاکستان کے ستارے لمبے عرصے تک ساتھ چلتے ہوئے دکھائی دے رہے ہیں۔ پاکستان عوامی تحریک کی کامیابی کے کوئی خاص امکانات نہیں ہیں، طاہر القادری کے ستارے حالت شرف میں نہیں ہیں لہٰذا انہیں پس پشت جانا پڑ سکتا ہے۔ کھیل کے حوالے سے دیکھا جائے تو پاکستان کا ستارہ اچھا رہے گا۔ اس کے علاوہ 2014ء میں جیسے ملالہ کو نوبل انعام ملا تھا، اسی طرح اس سال بھی پاکستان کی قسمت میں بڑا ٹائٹل یا کامیابی آتی ہوئی دکھائی دے رہی ہے۔ انرجی بحران کے حوالے سے حالات و واقعات ایسے ہی رہیں گے، تاہم معمولی سی بہتری آ سکتی ہے۔ اس سال مارشل لاء کے کوئی واضح امکانات نہیں ہیں۔ انفراسٹرکچر کے حوالے سے دیکھیں تو زحل، برج عقرب میں ہے، اس عرصے میں توڑ پھوڑ بہت ہوگی مثلاً سڑکیں، پل، ڈیم و دیگر تعمیرات ہوں گی۔ زحل کا تعلق معدنیات، زمین اور زراعت سے ہے، اس سال زراعت سے تعلق رکھنے والے لوگوں کو خاصی بہتری کا سامنا ہو سکتا ہے۔ اس وقت مریخ ستارہ اچھا ہے، لہٰذا اس عرصے میں ہماری فوج دہشت گردی پر کافی حد تک قابو پا لیں گی۔

علی زنجانی

2015ء ایک معظم سال ثابت ہوگا اور دہشت گردی، تعلیم، صحت و دیگر مسائل کے حل کے حوالے سے یہ سال بہت اہم ہوگا اور یہ تمام مسائل زیر بحث رہیں گے۔ 2014ء میں سیاسی و دیگر حوالے سے جو تبدیلیاں رونما ہو چکی ہیں، 2015ء میں انہی تبدیلیوں کا تسلسل رہے گا اور مارچ تک تمام معاملات ایسے ہی چلتے رہیں گے۔ جو معاملات اس وقت پس پشت چلے گئے ہیں، وہ سب مارچ کے بعد سر اٹھاتے نظر آ رہے ہیں، اس میں عمران خان کے دھرنے اور تمام سیاسی جماعتوں کے معاملات شامل ہیں۔ اس کے علاوہ اس وقت جو ملکی سالمیت کے لیے سیاسی اتحاد بنا ہے مارچ کے بعد سے وہ کمزور ہوتا دکھائی دے رہا ہے۔ 5 ستمبر سے پاکستان کی ترقی کا دس سالہ ایسا دور شروع ہوگا جس میں پاکستان کی تعمیر و ترقی کے کام ہوں گے اور اس دوران سیاست اور بیوروکریسی کے موجودہ چہرے غائب ہوتے نظر آ رہے ہیں اور ان دس سالوں میں نئے چہرے سامنے آئیں گے۔ ستاروں کے حوالے سے موجودہ حکومت کے پاس مداہر کے لیے ستمبر تک کا وقت ہے، اس کے بعد سے وزیراعظم، وزیراعلیٰ پنجاب اور پوری حکومت کے لیے مشکل وقت شروع ہو جائے گا اور گزشتہ سال کی طرح اس سال بھی انہیں مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ اس سال میں معیشت کے حوالے سے عام آدمی کو کوئی فائدہ نہیں ہوگا اور عوام مزید مشکلات کا شکار ہوں گے۔ اس سال لوڈشیڈنگ میں پچاس فیصد تک کمی آئے گی۔ اس کے علاوہ گیس، بجلی اور پیٹرولیم کرائسس کمی کی طرف جاتے نظر آ رہے ہیں اور اس سے عوام کو ریلیف ملے گا۔ 2015ء کے پہلے چھ ماہ کے اندر بہت سی نئی معدنیات پاکستان سے دریافت ہوں گی جس سے پاکستان کی معیشت کو کافی فائدہ ہوگا۔ فروری میں ورلڈ کپ آ رہا ہے اور پاکستان ٹیم اس میں اچھے مقام پر نظر آ رہی ہے۔ ورلڈ کپ میں پاکستانی ٹیم ایک مضبوط ٹیم بن کر ابھرے گی لیکن ورلڈ کپ پاکستان میں آتا دکھائی نہیں دے رہا تاہم ٹیم کی کارکردگی قابل تعریف ہوگی اور پوری قوم سے انہیں داد ملے گی۔ پاکستان کا زائچہ دیکھیں تو اس کا حاکم ستارہ مریخ ہے اور مریخ کا تعلق فوج، خون، دہشت گردی کے ساتھ ہے۔ فوج اور دہشت گردی کا پاکستان میں چولی دامن کا ساتھ ہے تاہم دہشت گردی کو وقتی طور پر دبایا جا سکتا ہے۔ ایک بات قابل غور ہے کہ پاکستان میں دہشت گردی اور سیاسی لحاظ سے بڑے واقعات منگل کے دن رونما ہوئے لہٰذا جب تک ہم مریخ کی احتیاطی تدابیر نہیں کریں گے ہمارے ملک میں دہشت گردی ہوتی رہے گی اور فوج کسی نہ کسی صورت میں پاکستان پر حکومت کرتی رہے گی۔ اس سال جوڈیشل عدالتوں پر عملدرآمد ہوگا اس کے علاوہ عدلیہ فلٹر ہوتی ہوئی نظر آ رہی ہے اور فوج سے بہتر بنائے گی۔ نئے سال میں سیاسی اداروں میں ریفارمز ہوں گے، ان کی نئی پالیسیاں بنائی جائیں گی اور سیاسی اداروں کی کرپشن میں کمی آتی ہوئی دکھائی دے رہی ہے۔ پاکستان کی بہتری کا دور ستمبر سے شروع ہوگا اس سے پہلے حالات میں اتار چڑھاؤ آتا رہے گا لیکن سال کا اختتام پاکستان کے لیے بہت اچھا ہوگا۔

بقیہ: جنگ فورم 2015ء

عالمی سطح پر یہودیوں کے زوال کا سال ہوگا۔ ماہر علم الاعداد و پامسٹ نوین طارق نے کہا کہ نئے سال کا عددی نمبر 8 بنتا ہے اور اس نمبر والی تمام شخصیات متاثر ہوتی نظر آ رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انفرادی طور پر وزارت عظمیٰ کی لڑائی جاری رہنے سے ملک کو نقصان کا اندیشہ ہے۔ نئے سال میں عمران خان کے وزیراعظم بننے کے امکانات نظر نہیں آ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نئے سال میں پوری صنعت خصوصاً پراپرٹی، شیئر مارکیٹ اور کپڑوں کے کاروبار سے وابستہ افراد کو صدقات دینا چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں بچوں کے تحفظ اور سلامتی کے لیے منگل کے روز مذبح خانوں کو کھول دیا جائے تاکہ جانوروں کا خون انسانی صدقہ کے طور پر بہتا رہے۔ اگر کالاباغ ڈیم کا نام تبدیل کر دیا جائے تو اس کا آغاز ہو سکتا ہے۔ اس سال مارشل لاء کے کوئی امکان نہیں۔ ماہر علم نجوم شہزادہ سید محمد علی زنجانی نے کہا کہ 2015ء معظم سال ہے، جس میں 2014ء کا تسلسل جاری رہے گا۔ سانحہ پشاور کی وجہ سے معطل ہونے والی تبدیلی کا عمل پہلے تین ماہ کے اندر دوبارہ شروع ہوتا ہوا نظر آ رہا ہے۔ آئندہ 10 سالوں میں ملک میں نئے صوبے بنیں گے۔ علاوہ ازیں نئے سال میں شیخ رشید سمیت کئی سیاسی شخصیات کے چہرے کم دکھائی دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کے حلف کا زائچہ بہتر نہیں ہے، نیا سال ان کے لیے مشکلات سے بھرپور رہے گا۔ انہیں اپنے کچھ ساتھیوں کی قربانی دینا پڑے گی۔ اگلے سال ہونے والے ورلڈ کپ میں پاکستان جاتا ہوا دکھائی نہیں دے رہا ہے۔

ازتحریر: امان اللہ علوی، خانیوال

جفری پیش گوئیاں

جدول ابجد ظکم	
ا	ب
ج	د
ھ	و
ز	ح
ط	ی
ک	ل
م	ن
س	ع
ف	ص
ق	ر
ش	ت
ث	خ
ذ	ض
ظ	غ

یا علیم! کیا وزیر اعظم محمد نواز شریف پاکستان میں وسط مدتی انتخابات کروائیں گے یا نہیں؟

11 دسمبر 2014ء (11۔ ای۔ 2014ء۔ دی غ ب)

تخلیص	ک	ی	ا	ا	ز	ر	ع	ۃ	م	ج	د	ن	ش	ف	ب	س	ت	ط	خ	ھ	غ
صدرمؤخر	ک	غ	ی	ھ	ا	خ	و	ط	ز	ت	ر	س	ع	ب	ۃ	ف	م	ش	ح	ن	د
مؤخرصدر	د	ک	ن	غ	ح	ی	ش	ھ	م	ا	ف	خ	ۃ	د	ب	ط	ع	ز	س	ت	ر
تعداد حروف اساس	1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	11	12	13	14	15	16	17	18	19	20	21
نظیرہ	ص	ذ	غ	ن	ت	خ	ز	ق	ۃ	س	ج	ی	م	ر	ع	ث	ب	ش	ا	ح	و
	ت		ی		ن		ب		ر		س		م		ل		ی		د		ر
جواب	تین					برس						ملے						در			

یہ حکومت تین سال تک چلے گی۔ (واللہ اعلم بالصواب)

یا علیم! آئندہ الیکشن میں پاکستان تحریک انصاف اقتدار حاصل کر پائے گی یا نہیں۔

(11 دسمبر 2014ء۔ (11۔ای)۔ (2014۔دی غ ب)

حروفِ خالص	ا	ی	ن	د	ھ	ل	ک	ش	م	ب	س	ت	ح	ر	ص	ف	ق	غ
صدرمؤخر	ا	غ	ی	ق	ن	ت	د	ص	ھ	ر	ل	ح	ک	ت	ش	س	م	ب
مؤخرصدر	ب	ا	م	غ	س	ی	ش	ق	ت	ن	ک	ف	ح	د	ل	ص	ر	ھ
تعداد حروف اساس	1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	11	12	13	14	15	16	17	18
نظیرہ	خ	س	ۃ	ن	ا	خ	ز	ھ	ح	غ	ذ	ج	ت	ص	ض	د	و	ق
	ج		ا		ن		م		خ		ل		و		ط		د	ر
جواب	ہاں						مخلوط										در	

تحریک انصاف کو مخلوط اقتدار ملے۔ (واللہ اعلم بالصواب)

جدول اجبز طکم	
ا	ب
ج	د
ھ	و
ز	ح
ط	ی
ک	ل
م	ن
س	ع
ف	ص
ق	ر
ش	ت
ث	خ
ذ	ض
ظ	غ

یاعلیم! عمران احمد خان نیازی پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین وزیر اعظم بن پائیں گے یا نہیں؟

11 دسمبر 2014ء (11۔ ای، 2014ء۔ دی غ ب)

	1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	11	12	13	14	15	16	17	18	19	20
تخلیص	ع	م	ر	ا	ن	ح	د	خ	ی	ز	ب	ک	س	ت	ص	ف	ج	و	ظ	غ
صدر مؤخر	ع	غ	م	ظ	ر	و	ا	ج	ن	ف	ح	ص	د	ت	خ	س	ی	ک	ز	ب
مؤخر صدر	ب	ع	ز	غ	ک	م	ی	ظ	س	ر	خ	و	ت	ا	د	ج	ص	ن	ح	ف
تعداد حروف اساس	1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	11	12	13	14	15	16	17	18	19	20
نظیرہ	ع	ب	ش	ن	ذ	ظ	خ	م	ا	و	ی	ر	ح	س	ص	ف	د	غ	ت	ج
جواب	ب		ن		ج		ا		ی		ن		ک		ھ		و			
	بن				جائے								کھو							

عمران خان نیازی وزیراعظم بن جائیں گے۔ (واللہ اعلم بالصواب)

یاعلیم! موجودہ حکومت عوام سے کیے ہوئے وعدے پورے کر پائے گی یا نہیں؟

11 دسمبر 2014ء (11۔ ای، 2014ء۔ دی غ ب)

	1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	11	12	13	14	15	16
تخلیص	م	و	ج	د	ھ	ح	ک	ت	ع	ا	س	ی	ب	ر	ن	غ
صدر مؤخر	م	غ	و	ن	ج	ر	د	ب	ھ	ی	ح	س	ک	ا	ت	ع
مؤخر صدر	ع	م	ت	غ	ا	و	ک	ن	س	ج	ح	ر	ی	د	ھ	ب
تعداد حروف اساس	1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	11	12	13	14	15	16
نظیرہ	ب	ظ	ج	ن	س	ر	ذ	غ	ا	ف	ت	و	خ	ص	ق	ع
جواب	ن		ا		ک		ر		ی		ف		ر		ی	ب
	نا				کرے						فریب					

ناکرے فریب۔ (واللہ اعلم بالصواب)

ازتحریر: شہزادہ حافظ سید محسن علی زنجانی

ماہ مبارک ربیع الثانی کی شان و عبادات

ربیع الثانی کے نوافل یہ اسلامی سال کا چوتھا مہینہ ہے۔ اسے ربیع الآخر بھی کہا جاتا ہے۔ اس کا نام رکھتے وقت ربیع کا موسم تھا یعنی ربیع کا آخر تھا اس لیے اس کا نام ربیع الآخر رکھا گیا مگر ربیع الاول کی مناسبت سے ربیع الثانی مشہور ہو گیا۔ اس مہینہ کے مشہور واقعات یہ ہیں کہ اس مہینہ کی تیسری تاریخ کو حجاج نے کعبہ معظمہ پر آگ پھینکی تھی جبکہ سیدنا حضرت ابن زبیر رضی اللہ عنہ وہاں محصور تھے۔ جس سے خانہ کعبہ جل گیا۔ اسی ماہ میں حضرت سیدنا عبدالقادر جیلانی رحمتہ اللہ علیہ کا وصال بھی ہوا۔ نفلی عبادات: اس ماہ کے نوافل حسب ذیل ہیں جو اکثر صوفیاء پڑھتے رہے ہیں۔ شب اول کے نوافل: عابدوں کا کہنا ہے کہ جب ربیع الثانی کا چاند نظر آجائے تو اس کی شب اول میں بعد نماز مغرب آٹھ رکعت نفل دو دو کی نیت سے پڑھے اور اس میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ کوثر تین بار اور دوسری رکعت میں سورۃ کافرون تین بار، پھر تیسری، چوتھی، پانچویں، چھٹی، ساتویں، آٹھویں رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص تین تین بار ہر رکعت میں پڑھے۔ انشاء اللہ اس نماز کے پڑھنے والے کو بے شمار نمازوں کا ثواب ملے گا۔ چار رکعت نفل: جواہر غیبی میں ہے کہ اس مہینہ کی پہلی، پندرھویں، انتیسویں تاریخوں میں، چار رکعت نفل پڑھے۔ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص پانچ بار پڑھے اس کیلئے ہزار نیکیاں لکھی جاتی ہیں اور ہزار برائیاں محو کی جاتی ہیں۔

انجام بخیر کا وظیفہ

جو شخص پورا ماہ بعد نماز عشاء یہ وظیفہ روزانہ 1111 مرتبہ پڑھے گا وہ موت کے وقت کلمہ پڑھتا ہوا اس دنیا سے رخصت ہوگا۔ بعض بزرگوں کا کہنا ہے کہ اس وظیفے میں خاتمہ بالخیر کی بے حد تاثیر ہے۔ اس وظیفہ سے خاتمہ بالخیر ہوتا ہے۔ وظیفہ درج ذیل ہے:

فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ قف اَنْتَ وَلِیّٖ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ ج تَوَفَّنِیْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ ه

ترجمہ: اے آسمانوں اور زمینوں کے پیدا کرنے والے! دنیا اور آخرت میں تو ہی میرا رفیق ہے، تو مجھ کو اپنی فرمانبرداری کی حالت میں دنیا سے اٹھا لے اور مجھ کو اپنے نیک بندوں میں داخل کرلے۔

اس ماہ مبارک میں حضرت زیدؓ ابن حارث اور حضرت ابوبکر صدیقؓ شرف اسلام سے بہرہ ور ہوئے۔ اس کے علاوہ اور بھی بہت سے واقعات اور شواہد ایسے ہیں جن کا ظہور خصوصیت کے ساتھ اسی مہینے ہوا۔ چند اہم واقعات یہ ہیں۔

(1) ربیع الثانی 1ھ اکتوبر 626ء فرض نمازوں میں سرکار دو عالم ﷺ کی مدینہ تشریف آوری کے بعد اضافہ ہوا۔ قبل ازیں شب معراج میں مغرب کے علاوہ تمام نمازوں کی دو رکعت مقرر ہوئیں تھیں البتہ مغرب کی شروع ہی سے تین رکعات مقرر ہوئیں تھیں اور یہ اضافہ منگل کے روز ہوا۔

(2) 1ھ ربیع الثانی ہی میں عبداللہ بن سلامؓ اسلام کی دولت سے مالا مال ہوئے۔ ان کے ہمراہ اہل خانہ اور ان کی پھوپھی خالدہ بنت حارث نے بھی اسلام قبول کیا یہ ان دنوں کی بات ہے جب آپؐ مدینہ منورہ تشریف لائے اور ابھی ابو ایوب میزبان رسول ﷺ کے گھر تشریف نہ لائے تھے کہ انہوں نے اسلام قبول کیا۔ اس موقع پر ان کے ہی حق میں دو آیات مبارکہ نازل ہوئی تھیں۔

(3) مہاجرین و انصار میں مواخات بھائی بندی ربیع الثانی میں ہوئی۔

(4) 2ربیع الثانی 3ھ کو ام المومنین حضرت زینب بنت خزیمہؓ کا وصال ہوا۔ ان کی کنیت ام المساکین تھی۔ فقراء و مساکین کو نہایت فیاضی کے ساتھ کھانا کھلایا کرتیں تھیں آپؐ نے نماز جنازہ پڑھائی، جنت البقیع میں دفن ہوئیں، عمر 30 برس تھی۔

(5) ربیع الثانی 6ھ اگست 726ء غزوہ ذی قرد پیش آیا۔ اس غزوہ کو غزوہ الغابہ بھی کہتے ہیں۔ سرکار دو عالم ﷺ کو اطلاع ہوئی کہ بن حض نے 40

سواروں کے ساتھ آپ کے مویشیوں پر ڈاکہ ڈالا ہے۔آپؐ نے ابن ام مکتومؓ کو مدینہ میں جانشین بنایا، 300 افراد کو مدینہ منورہ کے پہرے پر مقرر فرمایا اور خود 5 یا 700 غازیوں کو لیکر ان کے تعاقب میں چلے۔حضرت سلمہ بن اکوعؓ تن تنہا پیدل سب مسلمانوں سے آگے نکل گئے مشرکوں پر تیر اندازی کرتے ہوئے تمام مویشی واگزار کر لئے اور دشمن کے ہاتھ سے 30 چادریں 30 نیزے، 30 ڈھالیں بھی چھین لیں اور اپنے تیروں سے کئی کافروں کو واصل جہنم کیا۔یہ تنہا اونٹوں کو واپس لا رہے تھے کہ راستے میں رسول پاک ﷺ اور صحابہ کرامؓ پہنچ گئے۔آپؐ یہیں سے مدینہ منورہ واپس آگئے۔

(6) ربیع الثانی 6ھ اگست 726ء سریہ حضرت عکاشہ بن محصنؓ سریہ اس کو کہتے ہیں جس میں آنحضرت ﷺ شریک نہ ہوں بلکہ ان کے حکم سے مجاہدین اسلام کا لشکر روانہ کیا گیا ہو۔حضرت عکاشہؓ کو 40 سواروں کی معیت میں غمر زوق کی طرف بھیجا گیا۔ یہ بنو اسد کے کنویں کا نام ہے جو مکہ کے راستے پر واقع تھا۔یہ حضرات غنیمت کے 200 اونٹ لائے کسی سے مقابلہ نہ ہوا نہ کوئی شہید ہوا۔صحیح سالم مدینہ واپس آگئے۔

(7) ربیع الثانی 6ھ حضرت محمد بن مسلمہؓ کو 10 افراد کی معیت میں بنو معویہ کی طرف بھیجا یہ لوگ ربذہ کے راستے میں موضع ذوالقصہ میں آباد تھے۔کفار مکہ کو غلبہ ہوا اور ان میں سے بیشتر حضرات شہید ہو گئے۔ سرکار دوعالم ﷺ کو اسکی خبر ملی تو ان کی مدد کیلئے حضرت ابوعبیدہ بن الجراحؓ کو بھیجا۔انہوں نے کفار سے انتقام لیا۔ذوالقصہ مدینہ منورہ سے 40 میل پر ایک جگہ کا نام ہے۔ربذہ یہ بھی مدینہ کے قریب ایک جگہ کا نام ہے جو عراقی حاجیوں کے راستے میں ذات عرق کے قرب وجوار میں واقع ہے۔

(8) ربیع الثانی 6ھ کے آخری دن حضرت زید بن حارثؓ کو سریہ بنی سلیم کی طرف موضع جموم بھیجا گیا۔یہ مدینہ سے 21 میل پر بطن نخلہ کے قریب ایک جگہ تھی۔ان حضرات نے دشمن کے چند افراد کو پکڑا ان کے اونٹوں پر قبضہ کیا اور مدینہ واپس آگئے۔

چار رکعت نوافل:

اس مہینہ کی پہلی اور پندرہویں اور انتیسویں تاریخوں میں جو کوئی چار رکعت نفل پڑھے اور ہر رکعت میں الحمد شریف کے بعد قُل ھُوَ اللہُ اَحَد پانچ پانچ مرتبہ پڑھے تو اس کے لئے ہزار نیکیاں لکھی جاتی ہیں۔اور ہزار بدیاں معاف کی جاتی ہیں اور اس کے لئے چار حوریں پیدا ہوتی ہیں۔(فضائل الایام والشہور صفحہ 375 بحوالہ جواہر غیبی)

تیسری شب کے نوافل:

ربیع الثانی کے مہینے کی تیسری شب کو چار رکعت نماز ادا کرے قرآن حکیم میں سے جو کچھ یاد ہے پڑھے۔سلام کے بعد یابدوح یابدیع کہے۔(لطائف اشرفی صفحہ 341)

پندرہویں شب کے نوافل:

اس ماہ کی پندرہ کو چاشت کے بعد چودہ رکعتیں دو دو رکعات ادا کرے۔اس نماز کی ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد سورہ اقراء سات بار پڑھے۔(لطائف اشرفی صفحہ 341)

ربیع الثانی کے اعمال کے ضمن میں سید ابن طاوس نے نقل کیا ہے کہ اس ماہ میں جس وقت چاہے چار رکعت نماز دو دو کر کے بجالائے کہ پہلی رکعت میں سورہ الحمد کے بعد ایک مرتبہ آیت الکرسی اور پچیس مرتبہ سورہ قدر، دوسری رکعت میں سورہ الحمد کے بعد ایک مرتبہ سورہ تکاثر اور پچیس مرتبہ سورہ توحید، اور پھر آخری دو رکعت میں سے پہلی رکعت میں سورہ الحمد کے بعد ایک مرتبہ سورہ کافرون اور پچیس مرتبہ سورہ فلق، دوسری رکعت میں سورہ الحمد کے بعد ایک مرتبہ سورہ نصر اور پچیس مرتبہ سورہ ناس پڑھے اور نماز کے بعد ستر مرتبہ کہے:

سُبحَانَ اللہِ وَالحَمدُ لِلّٰہِ وَ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہُ وَ اللہُ اَکبَرُ۔ ستر مرتبہ کہے: اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ۔ تین مرتبہ کہے: اَللّٰھُمَّ اغفِر لِلمُو مِنِینَ وَ المُو مِنَاتِ۔ پھر سجدے میں جا کر تین مرتبہ یہ کہے: یَا حَیُّ یَا قَیُّو مُ یَا ذَا الجَلَالِ وَالاِ کرَامِ یَا اَللہُ یَا رَحمٰنُ یَا رَحِیمُ یَا اَرحَمَ الرَّاحِمِینَ۔

"پاک تیرے ہے حمد ہی کے لئے ہے نہیں ہے کوئی معبود سوائے کے اور بزرگ تر ہے اے معبود! رحمت نازل فرما سرکار محمد و آل محمد پر اے معبود! مومن مردوں اور مومنہ عورتوں کو بخش دے اے زندہ اے پائندہ اے جلالت اور بزرگی کے مالک اے اے بڑے رحم والے مہربان اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے"۔

اس کے بعد اپنی حاجات طلب کرے، کیونکہ جو شخص یہ عمل کرے، حق تعالیٰ آئندہ سال تک اس کو، اس کے مال، اس کے اہل خاندان اور اس کی اولاد کو اس کے دین اور دنیا کو محفوظ و مامون کر دے گا، اگر وہ شخص اس سال کے دوران مرجائے تو اس کو شہید کے برابر ثواب عطا کیا جائے گا۔

نظراتِ سیّارگان کے عملیات برائے ماہِ فروری 2015ء

آسمانی کونسل میں نظرات سیارگان کی عملیات وتعویذات کی تیاری میں ایسے ہی اہمیت رکھتی ہے جیسے جسم میں روح کی ہو۔ مندرجہ ذیل اوقات تربیع میں نحس اعمال جبکہ تسدیس، تثلیث اور قران (بشرطیکہ قران شمس کو اکب کا نہ ہو) میں سعد اعمال کیے جاتے ہیں۔
قارئین آئینہ قسمت! چند سال سے آپ نے اس کالم میں تبدیلی محسوس کی ہوگی۔ نظر سیارگان کی ابتداء، انتہا اور خاتمہ کے اوقات بن عملیات میں شامل کر کے ہم نے عاملین، شائقین عملیات کیلئے آسانی پیدا کر دی ہے۔ اب یہ اُلجھن ختم ہوگئی کہ فلاں سیارے کی نظر کب بن کر کب ختم ہوگی۔ اب عملیات کی تیاری میں پورے پورے وقت سے استفادہ کیا جاسکتا ہے۔ نقشہ ساعت (جو نیچے درج ہے) سے جو ہر دن طلوع آفتاب سے شروع ہوتی ہے، اپنے شہر کے طلوع آفتاب سے متعلقہ ستارے کی ساعت دیکھ کر اس ساعت میں تیار کیا گیا عمل اور بھی موثر ہو جاتا ہے۔ سالنامہ زنجانی جنتری 2015ء میں بھی ہم نے اہم سالانہ نظرات سیارگان تفصیلی درج کیے ہیں۔ ہماری خدمت باعث فخر بھی بن سکتی ہے، جب آپ وقتاً فوقتاً اپنے تبصروں سے نوازتے رہیں۔ **عامل شاہ زنجانی**

کسی بھی عمل کی ابتداء سے پہلے 2 رکعت نماز اجمالاً ہدیہ روح حضرت رسالت، پناہ ﷺ مع سائر انبیاء، عظام اور اولیاء کرام پڑھیں۔ پھر مخصوص بہ نیت رجال الغیب مردان خدا جس سمت یہ اس روز کھڑے ہوں، اُن کی طرف باادب رُخ کر کے دائیں ہاتھ کی شہادت کی انگلی اُس سمت کھڑی کر کے درج ذیل دعا مع ایک بار بسم اللہ شریف پڑھ کر سات بار پڑھیں۔ رجال الغیب کی تواریخ کا چارٹ حسب ذیل ہے۔ عمل کرتے وقت رجال الغیب کی جانب اپنی پشت رکھیں۔

جنوب مشرق 24`16`09`01	جنوب مغرب 25`17`10`02	جنوب 26`18`11`03	مغرب 27`19`12`04
شمال مغرب 00`20`13`05	شمال مشرق 28`21`00`06	مشرق 29`22`14`07	شمال 30`23`15`08

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا رِجَالَ الْغَیْبِ وَیَا اَرْوَاحُ الْمُقَدَّسَۃ اَعِیْنُوْنِیْ بِقُوَّۃٍ وَّ نْظُرُوْنِیْ بِنَظْرَۃٍ یَا رُقَبَاء یَا نُقَبَاء یَا نُجَبَاء یَا اَبْدَال یَا اَوْتَاد یَا قُطْب یَا غَوْث اَعِیْنُوْنِیْ بِحُرْمَۃِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ وَ عَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْن

روحانی ماہنامہ آئینہ قسمت میں تمام اعمال نیک نیتی کی بناء پر عاملین وقارئین کے استفادہ کیلئے دیئے جاتے ہیں۔ جائز کام میں تو اللہ اور اس کا رسول بھی مدد کرتے ہیں۔ ناجائز عمل کرنے سے باز رہیں، ورنہ سخت رجعت بھی ممکن ہے۔ بہر حال جب بھی کوئی عمل کریں تو لازم ہے کہ عمل کی رجعت سے بچنے کیلئے 6 کلو چینی، ایک کلو سوجی یا بارہ کلو باجرہ، دو کلو چاول اپنے سر سے وار کر رکھ لیں۔ بعد از عمل استعمال سے پہلے کسی بھی قبرستان جا کر عامل شاہ زنجانی کا اور اپنا اہل قبور کو سلام عرض کریں اور فاتحہ خوانی کر کے درختوں کی جڑوں میں حشرات الارض کو صدقہ ڈال دیں اور صدقہ ڈالنے کے بعد پیچھے مڑ کر نہ دیکھیں۔ یہ صدقہ صرف ایک عمل کیلئے ہے، دوسرے عمل کیلئے علیحدہ صدقہ دیں۔

ساعات کی ترتیب آپ کے شہر کے طلوع آفتاب سے شروع ہوتی ہے۔

شمار	پہلی								دوسری							تیسری							چوتھی	
دن	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴
اتوار	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
پیر	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
منگل	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
بدھ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
جمعرات	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
جمعہ	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
ہفتہ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ

ڈبل تسدیس عطارد زحل: پہلی سعد نظر کی ابتداء 4 فروری 15 بجکر 34 منٹ، تکمیل نظر 5 فروری 16 بجکر 56 منٹ اور خاتمہ نظر 6 فروری 23 بجکر 17 منٹ پر ہوگا۔ دوسری سعد نظر کی ابتداء 18 فروری 3 بجکر 56 منٹ، تکمیل نظر 19 فروری 17 بجکر 52 منٹ اور خاتمہ نظر 21 فروری 2 بجکر 31 منٹ پر ہوگا۔ برائے حل المشکلات ہر قسم نقش نادعلی لکھ کر باپرہیز پاس رکھیں، نیکی پائیں گے۔

۷۸۶			
۱۶۰۳	۱۶۰۶	۱۶۰۹	۱۵۹۶
۱۶۰۸	۱۵۹۷	۱۶۰۲	۱۶۰۷
۱۵۹۷	۱۶۱۱	۱۶۰۴	۱۶۰۱
۱۶۰۵	۱۶۰۰	۱۵۹۹	۱۶۱۰

مقابلہ شمس مشتری: اس نحس وقت کی ابتداء 6 فروری 2 بجکر 23 منٹ، تکمیل نظر 6 فروری 23 بجکر 19 منٹ اور خاتمہ نظر 7 فروری 9 بجکر 48 منٹ پر ہوگا۔ حاسدین کی تباہی، خرابی یا پھر کسی جگہ کو ویران کرنے کے لیے از حد ضروری ہو تو سورۃ لہب کے خالی البطن نقش سے استفادہ کریں، ناجائز ہرگز نہ کریں۔

(نقش آگے دیا جارہا ہے)

قران زہرہ مریخ: اس سعد وقت کی ابتداء 20 فروری 6 بجکر 17 منٹ، تکمیل نظر 22 فروری 10 بجکر 12 منٹ اور خاتمہ نظر 23 فروری 12 بجکر 10 منٹ پر ہوگا۔ تسخیر مرد وزن، زوجین میں صلح صفائی کے لیے سورۃ یوسف کا نقش لکھ کر باپرہیز پاس رکھیں۔ مطلوب کو پلا بھی سکتے ہیں یا کسی پھلدار درخت سے باندھیں۔

(نقش آگے دیا جارہا ہے)

تربیع شمس زحل: اس نحس وقت کی ابتداء 22 فروری 18 بجکر 17 منٹ، تکمیل نظر 23 فروری 18 بجکر 55 منٹ اور خاتمہ نظر 24 فروری 7 بجکر 13 منٹ پر ہوگا۔ حاسدین، مخالفین کو مرتبہ سے گرانے، تنزلی کے لیے اگر اشد ضروری ہو تو سورۃ لہب کا خالی البطن نقش لکھ کر احاطہ قبور میں دبائیں، ناجائز ہرگز نہ کریں۔

۷۸۶		
۱۴۵۵	۲۸۸۶	۴۸۵
۳۴۰۱	یہاں مقصد لکھیں	۲۴۲۵
۹۷۰	۱۹۴۰	۲۹۱۶

تثلیث زہرہ زحل: اس سعد وقت کی ابتداء 23 فروری 23 بجکر 55 منٹ، تکمیل نظر 24 فروری 19 بجکر 57 منٹ اور خاتمہ نظر 25 فروری 15 بجکر 58 منٹ پر ہوگا۔ زوجین یا دوستوں میں محبت پیدا کرنے، تسخیر حکام، افسران بالا کے لیے ساعت زہرہ میں سورۃ یوسف کا خالی البطن نقش لکھ کر باپرہیز پاس رکھیں یا کسی پھلدار درخت سے باندھیں۔

۷۸۶		
۱۲۵۹۹۴	۳۳۵۹۸۸	۴۱۹۹۸
۲۹۳۹۹۰	یہاں مقصد لکھیں	۲۰۹۹۹۰
۸۳۹۹۶	۱۶۷۹۹۲	۲۵۱۹۹۲

تثلیث مریخ زحل: اس سعد وقت کی ابتداء 24 فروری 23 بجکر 35 منٹ، تکمیل نظر 26 فروری 8 بجکر 7 منٹ اور خاتمہ نظر 27 فروری 16 بجکر 37 منٹ پر ہوگا۔ ترقی زراعت، باغبانی، گھریلو خوشحالی کے لیے خالی البطن نقش سورۃ یٰسین سے فیض یاب ہوسکتے ہیں۔ نقش لکھ کر پھلدار درخت سے دعا کرکے لٹکائیں۔

۷۸۶		
۵۵۳۵۰	۱۴۷۶۱۰	۱۸۴۵۰
۱۲۹۱۶۰	یہاں مقصد لکھیں	۹۲۲۵۰
۳۶۹۰۰	۷۳۸۰۰	۱۱۰۷۱۰

لوح شرفِ زہرہ

از تحریر: سید انور فراز، کراچی

شرفِ زہرہ کے موقع پر تسخیرِ خلق اور ترقی عروج کیلئے تحفۂ خاص

اوقات شرفِ زہرہ: شرف کی ابتداء 17 فروری 19 بجکر 33 منٹ اور انتہا 18 فروری 14 بجکر 59 منٹ ہے

سیارہ زہرہ عشق و محبت، حسن و خوبصورتی اور دوستی و تعلقات کا ستارہ کہلاتا ہے، یہ مالی امور پر بھی اثر انداز ہے، آمدن میں اضافے اور انعامی اسکیموں میں زہرہ کے کردار کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا کیوں کہ دائرۂ بروج میں زہرہ دوسرے گھر یعنی خانہ مال کا حاکم ہے اور دائرۂ بروج کے ساتویں گھر برج میزان پر بھی اس کی حکمرانی ہے، ساتواں گھر انسانی زندگی میں تعلقات پر زور دیتا ہے لہٰذا ہر قسم کی پارٹنر شپ خواہ کاروباری ہو یا ازدواجی، ساتویں گھر کے زیر اثر ہے۔

کسی بھی زائچے میں سیارہ زہرہ محبت، شادی اور دیگر نوعیت کے تعلقات کی نشان دہی کرتا ہے، اگر زائچے میں زہرہ کمزور ہو یا نحس اثرات کا شکار ہو تو ایسے خواتین و حضرات کی زندگی میں ہر قسم کے تعلقات متاثر ہوتے ہیں، محبت میں ناکامی، شادی میں تاخیر، عملی زندگی میں عزیز و اقارب، ملازمت یا کاروبار میں دوسروں سے تعلقات میں خرابی کی نشان دہی ہوتی ہے، ایسے افراد عموماً خشک مزاجی کا شکار رہتے ہیں، زائچے میں سیارہ زہرہ کی خرابیاں بعض اوقات نہایت پیچیدہ اذیت کی بیماریوں کا سبب بھی بنتی ہیں جن میں جنسی و نفسیاتی امراض اور بانجھ پن جیسے مسائل شامل ہیں۔

سیارہ زہرہ اگر زائچے میں طاقت ور ہو اور نحس اثرات سے پاک ہو تو انسان معاشرے میں محبوبیت اور مقبولیت حاصل کرتا ہے، دوسرے لوگ اس کی قربت سے خوشی و شادمانی محسوس کرتے ہیں اور پروانہ وار اس پر نثار ہوتے کے لیے تیار رہتے ہیں، محبت یا شادی اس کے لیے خوشی اور اطمینان کا باعث ہوتی ہے، عام زندگی میں بھی لوگوں سے بہتر تعلقات استوار ہوتے ہیں جس کی وجہ سے ملازمت یا کاروباری معاملات میں ترقی ملتی ہے اور خوش قسمتی ساتھ چلتی ہے، ایسے لوگوں کو کبھی کوئی مالی پریشانی نہیں ہوتی بلکہ تحفہ تحائف ملتے رہتے ہیں اور انعامی اسکیموں میں بھی کامیابی حاصل ہوتی رہتی ہے۔

علم نجوم میں ''پنچم مہا پرش یوگ'' بہت مشہور ہیں، یہ پانچ اہم سیارگان زہرہ، مشتری، مریخ، عطارد اور زحل کی زائچے میں باقوت پوزیشن کو ظاہر کرتے ہیں، زہرہ اگر زائچے میں اپنے ذاتی گھر میں یعنی ثور یا میزان میں ہو یا شرف یافتہ ہو اور زائچے کے پہلے، چوتھے، ساتویں یا دسویں گھر میں ہو تو ''ملاویا یوگ'' تشکیل دیتا ہے اور ایسے لوگ خوش قسمت تصور کیے جاتے ہیں، ان کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ وہ زیادہ کوشش اور محنت کیے بغیر ہی وہ سب کچھ حاصل کرلیتے ہیں جس کی انہیں تمنا ہوتی ہے، پاکستان کی مشہور شخصیات میں تحریک انصاف کے سربراہ جناب عمران خان اور وزیر خارجہ محترمہ حنا ربانی کھر کے زائچے میں سیارہ زہرہ کا یہ یوگ موجود ہے۔

زائچے میں زہرہ کی کمزوری دور کرنے اور ناقص اثرات سے نجات کے لیے عام طور سے ڈائمنڈ تجویز کیا جاتا ہے جو آج کے زمانے میں عام آدمی کے لیے خاصی ناممکن سی بات ہے اور شاید ماضی میں بھی ڈائمنڈ کا استعمال عام آدمی کے بس کی بات نہ رہی ہوگی، ایسے قیمتی جواہرات تو امراء اور بادشاہوں کے زیر استعمال ہی ہوسکتے ہیں۔

علم جفر اور علم نجوم کے اشتراک سے ماہرین نجوم و جفر ایسے طلسم و نقوش ترتیب دینے میں کامیاب رہے ہیں جو پیدائشی زائچے کی کمزوریوں اور

نحس اثرات کو دور کرسکیں۔ اس سے یں سیارہ زہرہ کے اوج، شرف یا دیگر باقوت سعد نظرات سے مدد لی جاتی ہے اور ایسا مادہ مہیا کیا جاتا ہے جو زہرہ کے سعد و باقوت اثر کو قبول کرلے پھر مقررہ وقت، پر زہرہ سے منسوب دھات پر مرتب شدہ نقوش وطلسمات نقش کرلیے جاتے ہیں ضرورت مند ایسی الواح کے استعمال سے خاطر خواہ فائدہ اٹھاتے ہیں۔

عزیزان من! اگرچہ شرفِ زہرہ کے حوالے سے بہت سے اعمال و نقوش مروج ہیں اور مختلف کتابوں میں بھی درج ہیں، ماہرین جفر ہر سال ایسے اعمال سے آگاہ کرتے رہتے ہیں جو یقیناً مؤثر و مفید بھی ہوتے ہیں لیکن ہم پہلی بار "**لوح شرفِ زہرہ نورانی**" پیش کررہے ہیں جس کے سریع التاثیر ہونے میں کوئی کلام نہیں ہے، قرآنی حروف مقطعات کی یہ لوحِ مبارکہ اپنی صفات و تاثیر میں عجیب ہے، جو لوگ اسے شرفِ زہرہ کے موقع پر تیار کرکے پاس رکھیں گے وہ خود اس کے فیوض و برکات کا مشاہدہ کریں گے، لوح مبارک یہ ہے۔

الحق	عزر	یا لطیفُ الرَّحیمُ الکریمُ ۷۸۲				قولہ
یا اللہ الرزاق الباسط السمیع	23 حمعسق	20 کافی	12 یٰسٓ	9 دیان	1 کھیٰعٓصٓ	یا اللہ الرزاق الباسط السمیع
	7 ۶۳	4 اللہ الاعین	21 عزیز القائم	18 طسٓمٓ	15 ۷۳	
	16 ۱۰۷	13 الٓمٓ	10 اللہ	2 حٓم محصی	24 ۲۷۹	
	5 ۱۹۹	22 نعم المولیٰ	19 علی	11 طٓسٓ	8 ۶۴	
	14 باسط	6 ۶۲	3 نٓ اولیٰ	25 ۲۸۰	17 حق	
قولہ الحق	یا لطیفُ الرَّحیمُ الکریمُ					الملک

عزیزان من! اس لوحِ مبارک کو شرفِ زہرہ کے اوقات میں

زہرہ میں چاندی یا تانبے کی لوح پر کندہ کیا جائے اور تمام قواعد عملیات کا خیال رکھا جائے یعنی رجال الغیب سامنے نہ ہوں، سفید لباس پہن کر باوضو ہو کر زہرہ کا بخور صندل سفید، کافور وغیرہ جلائیں یا عمدہ قسم کی صندل کی اگربتیاں کام میں لائیں، لباس میں عطر حنا کی خوشبو لگائیں، فاتحہ کے لیے کچھ سفید یا سبز رنگ کی مٹھائی پاس رکھیں اور نقش مکمل کرنے کے بعد 719 مرتبہ اسمائے الٰہی یالطیف الرحیم الکریم کا ورد کرکے لوح پر دم کریں اور مٹھائی پر فاتحہ دے کر بعد ازاں خود بھی کھائیں اور دیگر احباب میں بھی تقسیم کردیں، ہر شخص کو اپنی ذات کے لیے ایک لوح تیار کرنے کی اجازت عام ہے، لوح کو پاس رکھنے یا پہننے کے بعد اگر تسخیر خاص یا تسخیر خلق مقصود ہو تو روزانہ یالطیفُ الرحیمُ الکریمُ کا ورد 719 مرتبہ 80 روز تک کریں اور اگر رزق و روزگار یا کاروباری ترقی، ملازمت کا حصول مقصود ہو تو اسمائے الٰہی یا اللہُ الرزاقُ الباسطُ السمیعُ کا ورد 719 مرتبہ 80 دن تک جاری رکھیں انشاء اللہ آپ کا مقصد پورا ہوگا۔

نقش کے خانوں میں چال کو سمجھنے کے لیے ہر خانے کے کونے میں انگریزی ہندسے دیے گئے ہیں، انہیں نقش کے اندر لکھنے کی غلطی نہ کریں، یہ نقش کی رفتار ظاہر کرتے ہیں، ان کی پیروی کرتے ہوئے نقش کے خانے پر کیے جائیں گے، پہلے خانے میں زہرہ کے حروفِ مقطعات کھیعص اور 23 ویں خانے میں حمعسق نقش کی پیشانی پر موجود ہیں، اسم ذات اللہ نقش کے قلب میں قائم ہے، نقش کی کاملیت اور خوبیوں پر ہم کیا روشنی ڈالیں، اہل نظر ہی اس کا عرفان کرسکتے ہیں۔

نقش مکمل کرنے کے بعد پشت پر زہرہ کے مؤکلات و طلسم اور اپنا نام مع والدہ لکھیں اور ساتھ ہی نقش کے مؤکل کا نام لکھیں جو یہ ہے "یاطمیذائیل"

مؤکلاتِ زہرہ اور طلسم یہ ہے

یا عینیائل ابو الحسن زوبہ ابیض

۹ ۱ ۹ ۱ ۲ ۹ ۱ ۱۴ ۷

ھے ھے ھے ھے ھے ھے

اعمالِ خیر کی توفیق کیلئے

☆ اللہ تعالیٰ کی توفیق اگر شامل حال نہ ہو تو عملِ خیر کوئی نہیں بجالاسکتا اگر کوئی درج ذیل آیت کو ہر نماز کے بعد دو تین مرتبہ پڑھ لیا کرے تو جو عملِ خیر وہ چاہتا ہو اللہ تعالیٰ اسکی توفیق بھی عطا فرمائے گا اور عمل خیر کے لیے اسباب بھی مہیا فرمائے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَنْتَ وَلِیّٖ فِی الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے آسمانوں اور زمینوں کے خالق تو ہی میرا دنیا اور آخرت میں ولی ہے

اِنِّیْ تُبْتُ اِلَيْكَ وَتَوَفَّنِیْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِيْنَ (یوسف ۱۰۱)

میں تجھ سے طالبِ عفو ہوں اور میری موت اسلام پر ہو اور مجھے اپنے نیک بندوں میں شمار فرما

☆ اگر کوئی توفیقاتِ خیر چاہتا ہو تو ہر روز یہ دعا پڑھا کرے تو وہ کبھی بھی گمراہ نہ ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اَللّٰهُمَّ اَعْطِنِی الْهُدٰی وَثَبِّتْنِیْ عَلَيْهِ وَاحْشُرْنِیْ عَلَيْهِ اٰمِنًا

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے اے! اللہ مجھے ہدایت عطا فرما اور مجھے اُس پر ثابت قدم رکھ اور میرا حشر امان کے ساتھ فرما دینا

برائے وسعت رزق

☆ حضرت امیر المومنینؑ سے روایت ہے کہ حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اگر کوئی یہ دعا بعد از نماز صبح و نمازِ عشاء تین مرتبہ پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ اسے اس قدر مال و دولت عطا فرمائے گا کہ اس کی سات پشتیں بھی محتاج نہ ہوں گی۔

يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا رَبِّ يَا رَبِّ يَا رَبِّ يَا حَیُّ يَا قَيُّوْمُ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ

اے اللہ اے اللہ اے اللہ اے رب اے رب اے رب اے زندہ اے، ہمیشہ قائم رہنے والے! اے جلال و بزرگی والے میں سوال کرتا ہوں

الْعَظِيْمِ الْاَعْظَمِ اَنْ تَرْزُقَنِیْ رِزْقًا وَّاسِعًا حَلَالًا طَيِّبًا بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

تیرے اُس اسم کے واسطے سے جو عظیم سے عظیم ہے پس تو مجھے بکثرت رزق حلال و پاکیزہ عطا فرما اپنی رحمت کے ساتھ اے سب سے زیادہ رحم کرنیوالے

☆ جو شخص دوپہر کے وقت یا آدھی رات کو ہاتھ اُٹھا کر سو مرتبہ درج ذیل اسمائے حسنٰی کی تلاوت کریگا تو مرتبہ کے ساتھ اسکے رزق میں وسعت بھی ہوگی یہ اسمائے حسنٰی عہدہ کی واپسی اور ترقی کے لئے بھی عجیب تاثیر رکھتے ہیں يَا رَافِعُ الرَّافِعُ

☆ کسی ایک نماز کے بعد ہر روز پندرہ مرتبہ اوّل و آخر صلوات کے ساتھ یہ آیات پڑھا کرے تو رزق بے حساب کی فراوانی ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے۔ ہمارے رب ہم پر آسمان سے ایک خوان نازل فرما کہ وہ دن ہمارے اگلوں اور پچھلوں کیلئے عید کا دن

لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ ۚ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿١١٤﴾ (المائدہ: ۱۱۴)

قرار پائے تیری طرف سے ایک بڑی نشانی ہو اور تو ہمیں روزی دے اور تو سب روزی دینے والوں سے بہتر ہے

☆ شرح اسمائے الٰہی میں منقول ہے کہ جو شخص ہر روز نماز صبح سے پہلے اپنے مکان کے چاروں کونوں میں دس دس مرتبہ اَلرَّزَّاقُ کہے اور داہنے ہاتھ کی طرف سے شروع کرتے ہوئے قبلہ کی جانب کو چلے تو وہ فقر و فاقہ اور بے سروسامانی سے خلاصی پائے گا اور تنگدستی جاتی رہے گی

عمل برائے رزق: یہ عمل حضرت امیر المومنینؑ سے منسوب ہے کہ جمعرات کو شروع کرے انتالیس روز تک درج ذیل آیات ہر روز ایک سو انسٹھ (۱۵۹) مرتبہ بلا کمی و بیشی کے پڑھے بہتر ہے کہ نماز فجر کے بعد پڑھے چالیسویں دن ۹۷ مرتبہ پڑھے اس طرح درج ذیل آیات کے اعداد کے مطابق کُل تعداد (۶۲۸۰) ہوجائے گی دوران عمل ہی کامیابی نصیب ہوگی۔

وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ۙ﴿٢﴾ وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ۭ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ

اور جو اللہ سے ڈرے گا تو اللہ اس کیلئے نجات کی صورت نکال دے گا اور اس کو ایسی جگہ سے رزق دے گا جہاں وہم بھی نہ ہو اور جس نے

عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ ۭ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا ﴿٣﴾ (سورہ طلاق ۲-۳)

اللہ پر بھروسہ کیا تو وہ اس کے لیے کافی ہے بیشک اللہ اپنے کام کو پورا کر کے رہتا ہے اللہ نے ہر چیز کا ایک انداز مقرر کر رکھا ہے

☆ اگر کوئی اس آیت کو ہر روز سو مرتبہ پڑھے گا تو اس کے رزق میں فراوانی ہوگی

اَللّٰهُ لَطِيْفٌ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ (الشوریٰ-۱۹)

اللہ اپنے بندوں پر کریم ہے جس کو چاہتا ہے رزق دیتا ہے اور وہ قوی زبردست ہے

☆ دُر النظیم میں ہے کہ اگر کوئی ان تین اسموں کو ہر روز گیارہ مرتبہ پڑھے گا تو اس کی تنگی معاش وسعتِ رزق میں بدل جائے گی اَلْكَرِيْمُ الْوَهَّابُ ذُوالطَّوْلِ

برائے ادائے قرض

☆ بحوالہ گنج ہائے معنوی امام جعفر صادقؑ کا ارشاد ہے کہ اگر کوئی اس دعا کو بعد از نماز سات مرتبہ پڑھے گا تو اس کا قرض ادا ہونے کا رستہ نکل آئے گا اور رزق میں برکت ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۞ بِسْمِ اللّٰهِ مَاشَاءَ اللّٰهُ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے اللہ کے نام کی مدد سے جو اللہ چاہے نہیں کوئی حرکت وقوت سوائے اللہ بلند و بزرگ کے

تَوَكَّلْتُ عَلَى الْحَيِّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا وَّلَمْ

میں نے توکل کی اس زندہ پر جس کو موت نہیں اور تمام تعریفیں اس اللہ کیلئے ہیں کہ جس نے نہ کسی کو بیوی اور نہ کسی کو اپنا بیٹا بنایا اور نہ ہی اس کی

يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا

سلطنت میں اس کا کوئی شریک ہے اور نہ وہ کمزور ہے اور نہ اس کا کوئی سرپرست ہے اور اس کی بڑائی بیان کرو جیسے بڑائی کا حق ہے

☆ حضرت امیر المومنین علیہ السلام کا ارشاد ہے کہ اگر کوئی اس دعا کو پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ اس کا قرض غیب سے ادا کرے گا اگرچہ وہ پہاڑ کے برابر ہی کیوں نہ ہو!

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۞ اَللّٰهُمَّ اَغْنِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَبِطَاعَتِكَ عَنْ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے اے اللہ! مجھے بے پروا کر دے حلال کے ذریعے حرام سے اور اپنی فرمانبرداری کے ذریعے

مَعْصِيَتِكَ وَبِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

اپنی معصیت سے اور اپنے فضل کے ذریعے اپنے غیر سے اپنی رحمت کیساتھ اے سب سے زیادہ رحم والے

☆ حضرت امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ جو بھی یہ دعائے استغفار ہر روز سو مرتبہ پڑھے گا تو اس کا قرض غیب سے ادا ہوگا اور اللہ تعالیٰ اُسے مال اور علم کا خزانہ عطا فرمائے گا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۞ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے میں مغفرت طلب کرتا ہوں اللہ سے جس کے سوا کوئی معبود نہیں وہ رحمٰن و رحیم زندہ اور سنبھالنے والا

بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ مِنْ جَمِيْعِ جُرْمِيْ وَظُلْمِيْ وَاِسْرَافِيْ عَلٰى نَفْسِيْ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ

آسمان و زمین کا بنانے والا ہے میں اپنے تمام جرم اور ظلم اپنے نفس کے ساتھ ناانصافی میں اُس سے طلب عفو کرتا ہوں

☆ یہ دُعا امیر المومنین علیہ السّلام نے اپنے ایک صحابی کو لکھ کر بھیجی تھی جو مقروض تھا۔
☆ ہر نماز کے بعد تین مرتبہ پڑھیں اور پڑھنے سے پہلے کسی سے بات نہ کریں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ یَالَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ بِحَقِّ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ اَنْ تَرْحَمَنِیْ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن ورحیم ہے۔ اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اے وہ کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں لا الہ الا انت کے طفیل مجھ پر رحم فرما

بِلَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ یَالَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ بِحَقِّ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ اَنْ تَرْضٰی عَنِّیْ بِلَا اِلٰہَ

لا الہ الا انت کے طفیل اے اللہ! میں تجھ سے درخواست کرتا ہوں اے وہ کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں لا الہ الا انت کے واسطے، مجھ سے راضی ہو جا لا الہ

اِلَّا اَنْتَ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ یَالَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ بِحَقِّ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ اَنْ تَغْفِرَ لِیْ بِلَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ

الا انت کے طفیل پروردگار! میں سوال کرتا ہوں تجھ سے اے وہ کہ جسکے سوا کوئی معبود نہیں بحق لا الہ الا انت میرے گناہوں کو معاف فرما لا الہ الا انت کے طفیل

عمل: اکیلے مکان میں دو رکعت نماز برائے ہدیہ فاطمۃ الزہراؑ پڑھے سلام کے بعد پچاس مرتبہ یہ درج ذیل دعا پڑھے تو اللہ تعالیٰ اسکے قرض کا انتظام بوسیلہ حضرت فاطمہؑ فرما دیگا (نقش سلیمانی)

یَا فَاطِمَۃَ بِنْتِ مُحَمَّدٍ اَسْتَشْفِعُ بِکِ اِلَی اللّٰہِ فِیْمَا نَزَلَ بِیْ فَرَّجَ اللّٰہُ عَنْہُ بِرَحْمَتِہٖ

اے فاطمہ بنت محمد میں وسیلہ قرار دیتا ہوں آپ کو اللہ کی بارگاہ میں جو میرے لئے نازل ہوئی اللہ نے کھول دی (میری مصیبت) اس سے اپنی رحمت کے ساتھ

☆ کتاب سر المستتر شیخ بہائیؒ میں حضرت امام رضا علیہ السّلام سے روایت ہے کہ اگر کوئی مقروض ہو اور قرض کی ادائیگی کی کوئی صورت نظر نہ آتی ہو تو درج ذیل آیت چار سو بیالیس مرتبہ پڑھے تو انشاء اللہ اسکے قرض کی ادائیگی کی صورت پیدا ہو جائے گی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ﴿۸۷﴾

اللہ کے نام سے جو رحمٰن ورحیم ہے ترے سوا کوئی معبود نہیں تو پاک و پاکیزہ ہے بیشک میں قصوروار ہوں

فَاسْتَجَبْنَا لَہٗ وَنَجَّیْنٰہُ مِنَ الْغَمِّ وَکَذٰلِکَ نُنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۸۸﴾ (الانبیاء۔۸۷۔۸۸)

پس ہم نے ان کی دُعا قبول کر لی اور اُنہیں رنج سے نجات دلائی اور ہم تو ایمانداروں کو یونہی نجات دیا کرتے ہیں

برائے قرض: سورۂ مبارکہ حجر لکھ کر پاس رکھنا برائے ادائے قرض مجرّب ہے۔
☆ سورۂ مبارکہ مزمل کو ہر روز سات بار پڑھنا قرض سے خلاصی کا موجب ہے۔
☆ اگر کوئی قرضدار ہو جائے تو سورۂ فیل کو لکھ کر بازو پر باندھے تو اس کا قرض غیب سے ادا ہوگا۔
☆ جو کوئی سورۂ دہر کو لکھ کر گلے میں ڈالے گا تو بھی اس کا قرض غیب سے ادا ہو۔

ڈوبے ہوئے قرض کیلئے

☆ قرض کی وصول یابی اور ڈوبی ہوئی رقم کے حصول اور دیگر حقوق کی بازیابی وغیرہ کیلئے حضر وسفر میں متعلقہ افراد کی تصوراتی تصویر ذہن میں رکھ کر اوّل وآخر صلوات کے ساتھ ان درج ذیل آیات کو اکتالیس مرتبہ پڑھا کرے تو مطلب حاصل ہوگا۔

اوّل: اِنَّ اللّٰہَ فَالِقُ الْحَبِّ وَالنَّوٰی بیشک اللہ ہی تو گٹھلی اور دانہ کو شگافتہ کرتا ہے (انعام ۹۶)

دوم: وَاللّٰہُ غَالِبٌ عَلٰٓی اَمْرِہٖ اور اللہ تو اپنے کام پر (ہر طرح) غالب وقادر ہے (یوسف ۲۱)

سوم: وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَی اللّٰہِ اور میں تو اپنا کام اللہ ہی کو سونپے دیتا ہوں (المؤمن ۴۴)

☆ قرض کی وصولی کے لئے درج ذیل آیت مجیدہ ہر روز اوّل وآخر صلوات کے ساتھ گیارہ مرتبہ پڑھا کرے تو اس کا قرض وصول ہوگا۔

اِنْ تُقْرِضُوا اللّٰہَ قَرْضًا حَسَنًا یُّضٰعِفْہُ لَکُمْ وَیَغْفِرْ لَکُمْ ؕ وَاللّٰہُ شَکُوْرٌ حَلِیْمٌ ﴿۱۷﴾ (التغابن:۱۷)

اگر تم اللہ کو قرض حسنہ دو گے تو وہ اس کو تمہارے واسطے کئی گنا کردے گا اور تم کو بخش دے گا اور اللہ تو بڑا قدردان بردبار ہے

تسبیح: ڈوبی ہوئی رقم کی وصولی کیلئے قرض لینے والے کا تصور کرتے ہوئے درج ذیل اسماء کو ہر روز اوّل وآخر صلوات کے ساتھ سو مرتبہ پڑھا کرے تو رقم واپسی کا رستہ ہموار ہوجائے گا۔

یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا شَہِیْدُ یَا مُعِیْدُ یَا حَقُّ یَا وَلِیُّ اے اللہ اے رحمن اے رحیم اے حاضر اے لوٹانے والے اے حق اے سرپرست

بندش کھولنے کیلئے: ان آیات کو لکھ کر اٹکانے اور دم کرکے چھڑکنے سے ہر قسم کی بندش کھل جاتی ہے

اِنَّا فَتَحْنَا لَکَ فَتْحًا مُّبِیْنًا ﴿۱﴾ (الفتح:۱) نَصْرٌ مِّنَ اللّٰہِ وَفَتْحٌ قَرِیْبٌ ؕ (الصف:۱۳) وَّفُتِحَتِ السَّمَآءُ

بیشک ہم نے تم کو کھلم کھلا فتح عطا کیا اللہ کی طرف سے مدد اور عنقریب فتح ہوگی اور آسمان کھول دیئے جائیں گے

فَکَانَتْ اَبْوَابًا ﴿۱۹﴾ (النباء:۱۹) وَعِنْدَہٗ مَفَاتِحُ الْغَیْبِ لَا یَعْلَمُہَآ اِلَّا ہُوَ ؕ (الانعام:۵۹)

تو دروازے ہوجائیں گے اور اس کے پاس غیب کی کنجیاں ہیں جن کو اس کے سوا کوئی نہیں جانتا

اسم اُمّ موسیٰ: عامل مؤکلین ایوب ساعی مصری کے مطابق حضرت موسیٰ کی والدہ کا نام **یوحانذ** ہے اگر کوئی اس اسم کو پچاس مرتبہ لکھ کر پاس رکھے گا تو اُس کا ہر مطلب پورا ہوگا

☆ عامل کو چاہیے کہ ہر قسم کی بندش کھولنے کیلئے چلہ بھر میں جمالی پرہیز کے ساتھ سوا لاکھ مرتبہ پڑھے۔

کاروبار کے لئے

☆ تجارت کا سامان نفع کے ساتھ بکنے کیلئے سورہ فاطر کی یہ آیت مع بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ سفید کپڑے کے چار ٹکڑوں پر لکھ کر سامانِ تجارت میں رکھ دیں تو مقصد کلی حاصل ہوگا (گل ہائے ارغوان)

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ○ اِنَّ الَّذِيۡنَ يَتۡلُوۡنَ كِتٰبَ اللّٰهِ وَ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَ اَنۡفَقُوۡا

اللہ کے نام سے جو رحمٰن ورحیم ہے۔ بیشک جو لوگ اللہ کی کتاب پڑھا کرتے ہیں اور نماز پابندی سے پڑھتے ہیں اور جو کچھ ہم نے انہیں

مِمَّا رَزَقۡنٰهُمۡ سِرًّا وَّ عَلَانِيَةً يَّرۡجُوۡنَ تِجَارَةً لَّنۡ تَبُوۡرَ ﴿۲۹﴾ (فاطر۔۲۹)

عطا کیا ہے اس میں سے چھپا کے اور دکھلا کے دیتے ہیں وہ یقیناً ایسے بیوپار کا آسرا رکھتے ہیں جس کا ٹاٹ نہ اُلٹے گا

☆ بحوالہ گنج ہائے معنوی اگر کوئی تاجر سورۂ توبہ کی آیت (۱۱۱) لکھ کر سامان کے اوپر لٹکا دے یا پانی پر پڑھ کر دکان میں چھڑکاؤ کرے، تو گاہکوں کی آمد میں اضافہ بھی ہوگا اور مال بھی بکے گا۔

وَمَنۡ اَوۡفٰى بِعَهۡدِهٖ مِنَ اللّٰهِ فَاسۡتَبۡشِرُوۡا بِبَيۡعِكُمُ الَّذِىۡ بَايَعۡتُمۡ بِهٖؕ وَذٰ لِكَ هُوَ الۡفَوۡزُ الۡعَظِيۡمُ ﴿۱۱۱﴾

اور اپنے عہد کا پورا کرنے والا اللہ سے، بڑھ کر اور کون ہے؟ تم تو اپنی (خرید) و فروخت سے جو تم نے اللہ سے کی ہے خوشیاں مناؤ یہی تو بڑی کامیابی ہے

☆ بحوالہ کنز الاسرار کاروبار میں تیزی لانے کے لئے درج ذیل آیت لکھ کر دکان میں لگا دے تو مال واسباب کی فروخت میں اضافہ ہوگا۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ○ وَهُوَ الَّذِىۡ مَدَّ الۡاَرۡضَ وَجَعَلَ فِيۡهَا رَوَاسِىَ وَاَنۡهٰرًا ؕ (الرعد:۳)

اللہ کے نام سے جو رحمٰن ورحیم ہے اور وہی وہ ہے جس نے زمین کو بچھایا اور اس میں اٹل پہاڑ اور دریا بنائے

☆ اگر کوئی درج ذیل ''کلمۂ استرجاع'' کو لکھ کر بکنے والے سامان کے اوپر لٹکائے اور ہر روز ایک سو دس مرتبہ پڑھے تو اس کا سامان اس آیت کی برکت سے جلد تر فروخت ہوگا۔

قَالُوۡۤا اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّاۤ اِلَيۡهِ رٰجِعُوۡنَ ﴿۱۵۶﴾ ہم تو اللہ ہی کے ہیں اور ہم اُسی کی طرف لوٹ کر جانیوالے ہیں (البقرہ:۱۵۶)

☆ خرید وفروخت دونوں میں نفع و برکت کیلئے اس اسمِ مبارک کا ورد (بوقتِ خرید وفروخت) نہایت ہی نفع بخش اور آزمودہ ہے اَلنَّافِعُ

☆ حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سورۂ دخان کو لکھ کر پاس اور مالِ تجارت میں رکھنا نفع کا موجب ہے۔ (دافع الهموم والغموم)

اوقات شرفِ زہرہ: شرف کی ابتداء 17 فروری 19 بجکر 33 منٹ اور انتہا 18 فروری 14 بجکر 59 منٹ ہے

طلسم ترقی و رزق و برکت

سب سے پہلے خدائے پاک کی حمد کرتا ہوں جس نے کائنات کی ہر چیز کے اندر قوت اور تاثیر عطا فرمائی جو اس کی حکمت، عظمت اور جلال کا اظہار ہے۔ مابعد صد ہزار تحیات وصلوٰۃ خواجہ کائنات موجودات حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے مرقد معطر جن کی متبرک ہستی کی بدولت علم دنیا پر روشن ہوا۔ علم روحانی کی تحقیق و تجربات میں اس وقت تک میری عمر کے تیس سال صرف ہو چکے ہیں۔ طویل مطالعہ اور تجربات کی بنا پر کہوں گا کہ زمانہ قدیم کے انسان موجود زمانہ کے لوگوں میں اس قوت کو تسلیم کرنے کی جو نسبت پہلے تھی، وہ اب بھی موجود ہے۔ فرق صرف اتنا ہے کہ آج کا انسان یہ چاہتا ہے کہ روحانی اعمال میں ایسے طریقے اپنائے جائیں، جس سے وقت کم صرف ہو۔ ہر شخص یہ چاہتا ہے کہ اپنی ضرورت کے مطابق ان سے کام لے سکے۔ ان مقاصد کو صرف علم جفر ہی پورا کر سکتا ہے، کیونکہ علم جفر میں چلہ کی ضرورت نہیں ہوتی۔ صرف ان موازین کو اکٹھا کرنا ہوتا ہے، جو اس مقصد کے لیے کام دے سکیں۔ جو لوگ زمانے تنگی اور ذلت کی زندگی بسر کر رہے ہوں۔ خواہ وجہ کوئی ہو، کسی مصیبت یا تکلیف میں گرفتار ہو۔ قرض بڑھ رہا ہو، اندھیرا ہی اندھیرا نظر آتا ہو، پریشانیاں ہوں، ایک نہایت مجرب اور زود اثر طریقہ طلسم پیش کرتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ غالب تر ہے، اس کو ہی اگر منظور نہ ہو تو اس کا کوئی علاج نہیں، لیکن اس طلسم کا اثر اس طرح یقینی ہے، جس طرح مشرق سے آفتاب کا نکلنا۔ اب میں وہ طلسم بیان کرتا ہوں، جو میرا مجرب اور میری تحقیق اور تجربے کی بنیاد پر نہایت سریع الاثر ہے۔

طریقہ: اپنے اور اپنی والدہ کے نام کے حروف قلبی نکالو۔ جب حروفِ قلبی اپنے اور اپنی والدہ کے نکال لو تو پھر ان کو ملفوظی کرو۔ اب ان حروف میں یہ دیکھو کہ کس قدر حروف آتشی ہیں۔ کتنے حروف بادی ہیں اور کتنے آبی ہیں، کتنے خاکی ہیں۔ اب یہاں ایک اور نقطہ سمجھ لو۔ مثلاً تمہاری ترقی نہیں ہوتی یا تمہارے کسی کاروبار میں رکاوٹ ہے لیکن یہ ترقی یا کاروبار کی رکاوٹ کسی شخص کی طرف سے ہو رہی ہے تو اس صورت میں حروف خاکی کو کبیر، بسیط، صغیر کے ذریعے آتشی بنا ڈالو۔ آبی و بادی کو ویسے رہنے دو، اگر یہ رکاوٹ کسی وجہ سے نہیں، بلکہ تمہاری کوتاہی قسمت سے ہی کام بگڑ رہا ہے تو پھر حروف آتشی کو خاکی بنا ڈالو۔ آبی و بادی ویسے ہی رہنے دو۔ جب یہ عدد تیار ہو جائیں تو مشتری کے وقت میں چاند کی چودھویں تاریخ عروجِ آفتاب میں یعنی زوال سے پہلے (6 بجے سے 12 بجے تک) چاندی کے پترے پر شیر کی تصویر بناؤ یا کسی سے بنوا لو اور اس تصویر کے اوپر اسی شکل میں وہ حروف کندہ کراؤ۔ جب طلسم تیار ہو جائے تو لوبان کی دھونی دے کر اوپر عطر چنبیلی لگا کر کسی پاک کپڑے میں لپیٹ کر اپنے پاس رکھو۔ روزمرہ خلوصِ قلب اور طہارت کے ساتھ اس طلسم کو دیکھا کرو۔ خدا چاہے تو چند یوم میں تمہاری پریشانیاں دور ہو جائیں گی لیکن اگر خود تمہاری نحوست کی وجہ سے یہ پریشانی تم کو ہو رہی ہو۔ یعنی تم نے آتشی حروف کو خاکی بنایا تو پھر شیر کی تصویر نہ بناؤ البتہ بجائے شیر کی شکل کے مینڈھے یا بکری کی شکل بناؤ۔

مثال پیش کرتا ہوں۔ اپنے اور والدہ کے حروفِ قلبی۔

عبداللطیف	ب دال ل طی
غلام فاطمہ	ل ام ف اطم
ملفوظی کیا	با۔ دال۔ الف۔ لام۔ لام۔ طا۔ یا

ب۔ا۔د۔ا۔ل۔ا۔ل۔ف۔ل۔ا۔م۔ل۔ا۔م۔ط۔ی۔ا۔ل۔ا۔م۔ا

ل۔ف۔م۔ی۔م۔ف۔ا۔ا۔ل۔ف۔ط۔ا۔م۔ی۔م

حروف آتشی: ا۔ا۔ا۔ف۔ا۔م۔ط۔ا۔ا۔ف۔ا۔ا۔ف۔م۔م۔ف۔ط۔ا۔م۔م

حروف بادی: ب۔ی۔ی۔ن۔ی۔ی

اب ان سب کے حرف مکرر گرادیں۔

حروف خاکی کو کبیر، وسیط، صغیر کے ذریعے آتشی بنا ڈالو۔

د کے عدد: 4 ل کے عدد: 30

ت کے عدد: 400 ش کے عدد: 300

غ کے عدد: 1000 ق کے عدد: 100

ا کے عدد: 1

جب حروف خاکی کو آتشی میں بدلیں گے تو (ت۔ش۔ق۔ا)

اب یہ حروف چاندی کے پتر پر کندہ کرادو، طلسم تیار ہو جائے گا۔

تسخیر خلائق کے زبردست عمل

آج کی محفل میں اپنے چند خصوصی مجربات قارئین آئینہ قسمت کی نظر کر رہا ہوں۔ انشاء اللہ جو بھی کامل یکسوئی اور یقین کے ساتھ قواعد کی پابندی کو مدنظر رکھتے ہوئے جائز ضرورت کے لیے آزمائے گا، سو فیصد کامیابی حاصل ہوگی۔ عملیات کا کام بہت نازک ہے، یہ میرا پچھلے 30 سالہ تجربہ ہے کہ کامیابی صرف اسی کے حصہ میں آتی ہے، جو کامل یکسوئی سے اپنے باطن کو منور کر لیتا ہے، ورنہ حضرات تو صرف شاذ و نادر ہی کامیابی حاصل کرتے ہیں۔ ساری عمر عملیات کرتے کرتے تھک جاتے ہیں، مگر کامیابی حاصل نہیں ہوتی، اس کی وجہ باطن کی صفائی نہیں ہے۔

معزز قارئین! میری آپ سے درخواست ہے کہ عملیات زندگی میں قدم رکھنے سے پہلے اپنے من کی صفائی اور یکسوئی کو یقینی بنائیں، تاکہ محنت رائیگاں نہ ہو، جو لوگ پاک باطن ہیں اور اپنے نفس کو کنٹرول میں رکھ کر قواعد عملیات سیکھتے ہیں، ان کے لیے اللہ تعالیٰ سینکڑوں راستے کھولتا ہے اور جو لوگ نفس کے مارے ہوئے ہیں اور صرف ہی صرف ان کی زندگی کا مقصد لوگوں کی زندگیوں سے، عملیات کے ذریعے کھیلنا مقصود ہوتا ہے وہ اس دنیا میں بھی ناکام ہیں اور آخرت میں تو ان کے مقدر میں ناکامی ہی ناکامی ہے۔ چند عملیات آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں، انشاء اللہ ضرور فائدہ ہوگا۔

(1) تسخیر خلق

آیت مکرم اِنَّ اللّٰہَ وَ مَلٰٓئِکَتَہٗ کے آخر تک کے اعداد نکالیں اور اپنے نام مع والدہ کے اعداد اس میں اضافہ کرکے ایسے وقت میں مربع تیار کریں۔ جب قمر کی نظر سعد زہرہ یا مشتری سے ہو، بخور موافق جلائیں اور مربع تیار کرنے کے بعد اسی مجلس میں ایک سو مرتبہ پڑھ کر نقش پر دم کر دیں۔ نقش اپنے پاس رکھیں، مقبول الخلائق ہوں، ہر شخص مسخر و مطیع ہوگا، تابعداری کرے گا۔

(2) حب و تسخیر کے لیے

وانہ لحب الخیر لشدید آیت مبارکہ لوح تسخیر کا کام دیتی ہے۔ یہ لوح اگر کسی شخص کے پاس ہو تو یہ تسخیر خلق کا کام دیتی ہے۔ ہر شخص اس سے محبت و الفت سے پیش آئے گا۔ دشمن اس کے سامنے فرماں بردار رہیں۔ دنیا میں سعادت مندی کا شہرہ حاصل کرے، آزمودہ ہے اور اکثر میرا معمول ہے۔ میں تسخیر کے کام اسی آیت سے لیتا ہوں۔ لوح تسخیر یہ ہے:

۳۴۷	۵۸	۱۰	۸۳۹	۳۸
۸۴۰	۳۹	لشدید	۵۴	۱۱
۵۵	وا	الخیر	لحب	۳۴۹
۴۱	۳۵۰	انہ	۸	۸۳
۹	۳۸۳	۳۷	۳۵۱	۵۷

(3) لوحِ نور

یا اللہ۔ یا سمیع۔ یا علیم۔ یا سریع۔ یا واسع۔ یا عدل۔ یا علی۔ یا عظیم۔ یا متعال۔ یا عزیز۔ یا عفو۔ یا باعث۔ یا فعالاً لما یرید۔ یا رفیع۔ یا معبود۔ یا نافع۔ یا مانع۔ یا بدیع۔ یا کافی۔ یا رؤف

ان 20 اسموں کو رات کو 1673 بار روزانہ پڑھیں، اول و آخر 3 بار درود شریف پڑھیں۔ خلق خدا مطیع و منقاد ہوگی اور پڑھنے والے کا ہر حکم بجالائے گی۔ چرند پرند، درندے سب مطیع ہوں گے۔

ایک صاحب کو لوح نور تیار کر کے دی تھی۔ آج وہ اللہ کا بندہ اپنا آستانہ بنا کر بیٹھا ہے اور یہی عمل سب کو بتا رہا ہے اور سب اس عمل سے فائدہ حاصل کر رہے ہیں۔ یہ عمل اس فقیر کو نانا نے دیا ہے۔ کہنے لگے ہم تمہیں اللہ کے حکم سے ایک عمل دیتے ہیں۔ یہ ایک راز ہے جو قارئین کی نظر کرتا ہوں۔ یہ اسمائے الحسنیٰ ایک معجزہ ہے۔ آخر میں میرے لیے اور ادارہ کے لیے دعا کریں۔

شرف زہرہ
فیوض العملیات

اوقات شرفِ زہرہ
ابتداء 17 فروری 19 بجکر 33 منٹ
انتہا 18 فروری 14 بجکر 59 منٹ ہے

از تحریر: قصور حسن میلسی

قارئین آئینہ قسمت حب وبغض ایسے موضوعات ہیں، جن پر جتنا لکھا جائے، پیاس بڑھتی جاتی ہے۔ ہر دور میں عاملین حضرات نے ان اعمال کو حاصل کرنے کے لیے بڑی محنت کی سینکڑوں، ہزاروں کتابیں اس موضوع پر لکھی گئیں، مگر کامیابی صرف ان لوگوں کے حصے میں آئی۔ جن لوگوں پر قدرت مہربان تھی، ورنہ عموماً زیادہ تر لوگ حسرت و یاس لیے اس دنیا فانی سے کوچ کر گئے۔ ہر دور میں حب وبغض و تسخیرات کے عامل بہت کم رہے اور ہمارے دور میں تو کامیاب عاملین کا فقدان شدید تر ہے لیکن کچھ لوگ ایسے بھی ہیں جن کے پاس آج بھی جوہر ہے۔ اللہ تعالیٰ ہم لوگوں کو کامیابی و کامرانی نصیب فرمائیں۔ آج کی محفل میں میں حب کے دو بہترین اعمال قارئین آئینہ قسمت کی نظر کر رہا ہوں۔ انشاء اللہ یہ آپ کو ضرور پسند آئیں گے۔

حب خاص

یہ حب کا اکسیر اعظم عمل ہے۔ اس سے بہتر عمل ملنا مشکل ہے۔ اس کی زکوٰۃ کے دو طریقے ہیں۔ زکوٰۃ کبیر اور زکوٰۃ صغیر

زکوٰۃ کبیر میں تین چلے سات سات دنوں کے کرنے ہیں۔

پہلا چلہ: 700 بار سات دن چورستے میں بیٹھ کر

دوسرا چلہ: 700 بار سات دن پانی کے کنارے

تیسرا چلہ: 700 بار سات دن پرانے قبرستان میں

زکوٰۃ صغیر کا طریقہ مندرجہ ذیل ہے۔

220 بار اول و آخر 11-11 بار درود پاک 41 دن پرہیز جمالی

چلہ کے دوران عمل میں فلاں بن فلاں پڑھیں۔ بعد از چلہ 41 بار روزانہ ورد کریں۔ نوچندی جمعرات سے شروع کریں۔ اگربتی جلائیں اور کامل یکسوئی کے ساتھ عمل کو مکمل کریں۔ عمل مکمل کرنے کے بعد مندرجہ ذیل فوائد حاصل ہوں گے۔

(1) **تسخیر خلق:** بروز جمعہ ساعت زہرہ مشتری میں 700 بار یہ عمل عنبر پر دم کریں جس بھی محفل میں عنبر کی خوشبو لگا کر جائیں گے۔ عمل اپنی تعریف خود کرے گا۔

(2) **حاضری مطلوب:** مطلوب مع والدہ کے اعداد کے مطابق کالی مرچ لیں، ہر ایک پر ایک بار پڑھ کر آگ میں جلائیں، حاضری ہوگی۔

(3) **مرد و زن کی محبت کے لیے:** 41 بار شیرینی پر دم کر کے کھلائیں، مقصد حاصل ہوگا۔

(4) **برائے حاجت مند**

اگر کسی سائل کا کام ہو، نقش لکھ کر نیچے عبارت لکھیں اور 41 بار دم کر کے دیں۔ دو نقش دیں۔ ایک خود پر باندھے اور ایک ہوا میں لٹکائے۔ تیر کی طرح کام دے گا یا چاروں عناصر کے مطابق نقش استعمال کریں۔ نقش یہ ہے:

۷۸۶

و	د	و	د
د	و	د	و
د	و	د	و
و	د	و	د

عبارت عمل یہ ہے:

عزمت علیکم و اقسمت باللہ بحول اللہ وقوت اللہ و عزت اللہ و قدرت اللہ و جلال اللہ و جمال اللہ و کمال اللہ عزمت علیکم و اقسمت علیکم یا معشر الارواح من الروحانیة أجب یا روثیائیل یا امواکیل یا مولائیل یا اجمائیل یا عطرائیل یا رفتمائیل یا کیکائیل مسخرات من النساء و الرجال (فلاں بن فلاں علٰے حب فلاں بن فلاں) بحق یا وَدُودیا وَدُودیا وَدُود العجل الوحا الساعة۔

عمل نمبر2:

یہ میرا ذاتی نہایت مجرب عمل ہے۔

طریقہ: ایک کاغذ پر زعفران و عرقِ گلاب سے چودھویں کی رات کو ساعت شمس میں یہ تکسیر آیت: سلام قولا من رب الرحیم لکھیں اور اس پر سورۂ یٰسین سات دفعہ 7 دن پڑھیں اور ہر بار پڑھنے کے بعد توکل کریں۔

توکلوا یا خدام ھذہ الاسماء والسورۃ الشریفۃ بجلب و جذب لب فلاں بن فلاں علےٰ محبۃ فلاں بن فلاں

اور پھر اس کو ہوا میں لٹکا دیں یا اپنے گلے میں لٹکائیں۔ یہ عمل مہینے میں ایک ہی بار ہوسکتا ہے، لیکن انتہائی مجرب المجرب روحانی عمل ہے۔ تکسیر یہ ہے:

یا عزرائیلؑ　　　　یا میکائیلؑ

س ال م ق ول ا م ن ر ب ر ح ی م
م س ی ل ح ا ر م ب ق ر و ن ل م ا
ا م م س ل ی ن ل و ح ر ا ق ر ب م
م ا ب م ر م ق س ا ل ر ی ح ن و ل
ل م و ر ن ب ح م ی ر ر م ل ق ا س

یا اسرافیلؑ　　　　یا عزرائیلؑ

فلاں بن فلاں علےٰ حب شدید فلاں بن فلاں دائماً ابداً

اس تصویر کو بند کرنے سے پہلے تیز خوشبو لگائیں، چھٹی سطر زمام کی ہے، اس لیے یہ نہ لکھیں۔

ساعت زحل میں اکثر عاملین جفر ایسے عملیات تیار کرتے ہیں جو پُرتاثیر ہوتے ہیں۔ اس وقت کی مناسبت سے آئینہ قسمت کے لیے لوح تاثیر الآثار کے ساتھ حاضر ہوں۔ یہ لوح بہت پُرتاثیر اور ہلتا ہوا عمل ہے۔ یہ لوح تحفظ سحر جادو، دشمنان، شیاطین بلکہ ہر قسم کے تحفظ کے لیے پُرتاثیر ہے۔ یہ لوح خالص گولڈن کاغذ پر یا چاندی کی پلیٹ پر بنوا کر پاس رکھیں، عمل کا طریقہ مندرجہ ذیل ہے۔

(1) سورۃ ق اعداد قمری: 109736

مقصد سحر جادو سے تحفظ سورۃ مس اعداد: 51314

طالب شعیب الرحمٰن اعداد قمری: 712

کل اعداد: 161762

تفریق: 5100

باقی: 156662

تقسیم: 4　باقی: 2

توخانہ نمبر 9 میں 1 کا اضافہ، حاصل تقسیم: 39165

توخانہ نمبر 1 سے خانہ نمبر 16 تک ہر خانہ میں 170 کا اضافہ کریں اور ساتھ میں اسم اعظم یا قُدُّوس کا ورد کریں۔ اس طریقہ سے میزان چاروں اطراف سے درست آئے گی۔ یہ عمل اگر خود تیار نہ کرسکیں تو مجھ سے یا براہِ راست عامل شاہ زنجانی صاحب سے تیار کروائیں۔ اللہ پاک مزید برکات دیں۔

آخر میں مجھ گنہگار سید شعیب الرحمٰن شاہ اور شاہ زنجانی صاحب کے حق میں دعائے خیر کریں۔

اللہ غفار ستار کریم ودود

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

اللہ　اللہ　لہ

اول　آخر

ھو　واجد　ماجد

از تحریر: سید شعیب الرحمٰن شاہ، ایبٹ آباد

رحمکاریہ جفر شرفِ زہرہ

عمل نمبر 1:

اس سال شرفِ زہرہ 17 فروری شام 7 بجکر 33 منٹ سے 18 فروری 2 بجکر 59 منٹ دوپہر تک رہے گی۔

شرفِ زہرہ میں طلسم خوبصورتی، خوبصورت جسم، فراخ چہرہ کے لیے ایک عمل لکھتا ہوں۔ یہ طلسم میری کتاب رحمکاریہ جفر حصہ اول میں موجود ہے۔ یہ طلسم بہت مشہور اور معروف طلسم ہے۔ مولانا عبدالصمد گیلانی اور حکیم معظم ہندی کا ایک مشہور تحفہ ہے۔ اس کی برکت سے بیماری واقع نہیں ہوتی۔ اگر ہو تو ختم ہو جاتی ہے۔ کمر درد، دل پیٹ درد، ہڈیوں میں تکلیف کے لیے پُرتاثیر ہے۔ یہ طلسم خالص چاندی کی پلیٹ پر بخور صندل اود جلا کر تیار کریں۔ جب تیار ہو جائے تو اس پر 14000 مرتبہ درود شریف پڑھ کر دم کریں۔ اس کا ثواب حضور پاک ﷺ اور اہلِ بیتؓ اور میرے والد خان صاحب اور بیگم خان صاحب اور شاہ زنجانی صاحب کی والدہ اور والد کو بخشیں۔ آخر میں مجھ گنہگار سید شعیب الرحمٰن شاہ اور عامل شاہ زنجانی صاحب کے حق میں دعائے خیر کریں۔

م م

یاعلی یاعظیم یاخالق یاباری یاوھاب یافتاح

رزاق
ولی
علی
قائم
دائم
ماجد
نافع

ال ل ہ ال ل ہ ال ل ہ ال ل ہ ال ل ہ ال ل ہ

طه	طه	طه	طه	طه	طه	طه	طه
الله	٦	٦	٦	٦
لله	٦	٦	٦	٦
له	٦	٦	٦	٦
هو	٦	٦	٦	٦

فاطمہؓ

محمد ك ك ك ك احمد

طس طسم طہ محمد

احمد حامد محمد صلی اللہ علیہ وسلم

نور هادی رشید رافع ماجد محمد

عمل نمبر 2:

زہرہ چلتے چلتے جب برج حوت کے 27 درجہ پر پہنچتا ہے تو اسے شرف حاصل ہوتا ہے۔ شرفِ زہرہ میں اکثر عاملین جفر ایسے عمل تیار کرتے ہیں کہ تسخیرِ خلق، رجوعِ خلق، کامیابی امتحانات اور فتوحات کے لیے عمل تیار کرتے ہیں۔ آج کی محفل میں آئینہ قسمت کے لیے علم الجفر کا ایک پُرتاثیر عمل لے کر حاضر ہوں۔ امید ہے کہ سب کو پسند آئے گا۔ عمل مندرجہ ذیل ہے۔

(1) سورۃ ھود اعداد قمری: 5177481

(2) طالب شعیب الرحمٰن: 712

(3) مقصد فتوحات سورۃ النصر: 6124

کل اعداد: 521617

تفریق: 600

باقی: 521017

تقسیم: 4 باقی: 1

تو خانہ نمبر 13 میں 1 کا اضافہ، حاصل تقسیم: 130254

حاصل تقسیم کو خانہ نمبر 1 سے نمبر 16 تک 20 کا اضافہ کریں اور ساتھ میں اسم اعظم یاؤدود کا ورد کریں۔ میزان چاروں اطراف سے درست آئے گی۔ یہ علم الجفر کا معجزہ ہے۔ اسے ضرور آزمائیں۔

ازتحریر: فیض محمد جسکانی، پنوعاقل (سندھ)

اوقاتِ شرفِ زہرہ

ابتداء، 17 فروری 19 بجکر 33 منٹ

انتہا 18 فروری 14 بجکر 59 منٹ ہے

حاضری مطلوب اور محبت کے لیے، یہ نقش مجرب ہے۔ یہ نقش "جذب القلوب" کتاب سے لیا گیا ہے۔ یہ کتاب کاش البرنی صاحب کی ہے۔ اس نقش کی اصل ترکیب تو اور ہے مگر یہ ترکیب بھی بڑی بااثر ہے۔ اصل ترکیب بڑے عامل ضرور جانتے ہوں گے، اس لیے فی الحال وہ ترکیب دینا لازمی ہے نہیں۔

مثال:

طالب علی کے اعداد: 110

مطلوب محمد کے اعداد: 92

اسم مبارک یا محب کے اعداد: 50

میزان: 252

کاٹ: 92

باقی: 20 = 8÷160

باقی کو 8 سے تقسیم کریں تو جواب 20 آئے گا۔ جس کو پہلے خانے میں رکھ کر نقش مکمل کریں۔ تقسیم کے عمل کے دوران کوشش کریں کہ کسر نہ آئے۔ نقش کے اندر خانے میں مطلب لکھیں (جس طرح لکھا گیا ہے) اور اوپر دے کر اوپر میزان تحریر کر دیں۔ نیچے طالب اور مطلوب اور اسم مبارک بسط (الگ الگ) کر کے لکھیں۔

چال نقش

۴ ، ۲۱	۵ ، ۱۸ ، ۱۶ ، ۱۱	۲ ، ۲۳
۱۵ ، ۱۲ ، ۶ ، ۱۷		۱۰ ، ۱۳ ، ۱۹ ، ۸
۲۲ ، ۳	۲۰ ، ۷ ، ۹ ، ۱۴	۲۴ ، ۱

نقش یہ ہے

نقش کے اندر اس طرح سے لکھیں۔

۲۵۲
ع ل ی م ح ب م ح م د

یہ نقش شرفِ زہرہ یا اوج زہرہ یا مشتری و زہرہ میں نظر تثلیث یا تسدیس ہو، اس وقت لکھنا بہتر ہے۔ آخر میں التجا ہے کہ شاہ زنجانی صاحب اور مجھ ناچیز کو دعاؤں میں ضرور یاد رکھنا۔

شرفِ زہرہ

طلسم ترقی رجوعِ خلق تسخیرِ حکام حب تسخیر مستورات

از تحریر: میاں جاوید اقبال، بدوملہی

زہرہ دورانِ سفر جب مقام برج حوت کے 27 درجہ پر پہنچتا ہے تو اس میں ایک خاص تاثیر پیدا ہو جاتی ہے اور زہرہ کو شرف کی سعادت نصیب ہوتی ہے اور زہرہ بحالت شرف اپنی قوت کو سعد کاموں مثلاً طلسم ترقی وحصولِ مال و دولت، رجوع خلق و تسخیر حکام اور بسلسلہ حب عاشق و محبوب اور تسخیر محبوب کے لیے اعمال میں ایک خاص تاثیر پیدا کرتا ہے۔ درج بالا جملہ کام بجلی کی تیزی سے سرانجام دیتا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے خاص اوقات کے ہر موقع میں ایک خاص تاثیر رکھی ہے۔ حکمائے فلاسفر کا قاعدہ ہے کہ وہ حصولِ اثر کے لیے فاعل کو مہیا کر رہے ہیں۔ تاکہ عالم فلکی کی تاثیر کو عالم سفلی میں اُتارا جا سکے اور جب ایسا مادہ مہیا کر لیا جاتا ہے جو اس کا اثر قبول کرے تو اس اثر کو لوح یا نقش پر اُتار لیا جاتا ہے اور وہ سبب زمین پر ظہور صنعت قدرت خدا کا ہو جاتا ہے۔ چنانچہ زہرہ کے ان درجوں پر فائز ہونے سے جو تاثیر پیدا ہوتی ہے وہ یہ ہے کہ رجوع خلق اور تسخیر مستورات، حصولِ مال و دولت اور کشش حسن کے لیے بہت تیزی سے کام کرتی ہے۔ نتیجتاً جس کے پاس یہ لوح یا عمل خاص ہوگا۔ لوگ واقف ناواقف کسی نامعلوم کشش کے باعث متوجہ ہوں گے اور پسندیدگی کی نگاہ سے دیکھیں گے اور جوق در جوق آتے ہیں۔ شہرت، عظمت اور مقبولیت میں بے پناہ اضافہ ہو جاتا ہے۔ اس سے اہل لوح کو خاطر خواہ فائدہ پہنچتا ہے۔ خلقت عام کا منظورِ نظر ہو جاتا ہے۔ لہٰذا اس سے فائدہ اُٹھانے کے لیے ڈاکٹر، حکیم، وکلاء، لیڈر اور الیکشن لڑنے والے حضرات اور ایسے تمام پیشہ ور حضرات جن کے روزگار کا تعلق خلق خدا سے ہے۔ دوسری اقسام کے اعمال میں عورت و مرد میں محبت کو پیدا کرنا اور اس میں شدت محبت میں اضافہ کرنا اور نفرت کو حب میں تبدیل کرنا۔ جن حضرات کی بدقسمتی سے شادی نہ ہوتی ہو وہ اپنی نصیب آوری کے لیے اور ایسے عاشق و معشوق جن کے درمیان چاہت کی کمی ہو وہ اس موقع سے ضرور فیض یاب ہوں۔

تیسری اقسام کے وہ اعمال ہیں جن لوگوں کو بدقسمتی نے گھیرا ہوا ہے۔ کبھی قسمت کھلتی ہوئی نظر نہ آ رہی ہو۔ حصولِ مال و دولت کے لیے لاٹری، بانڈ وغیرہ میں کبھی قسمت نے ساتھ نہ دیا ہو۔ بلکہ خوش قسمتی روٹھی ہوئی ہو اور ملازمت بھی نہ ہو، ذریعہ روزگار بھی نہ ہو اور اپنی قسمت کو آزما آزما کر تھک چکے ہوں۔ اس مہنگائی اور ایسے وقت میں جہاں ایک غیر یقینی کیفیت چل رہی ہو۔ اس موقع پر کشش انعام و اکرام اور حصولِ مال و دولت اور دفع بدقسمتی کے لیے تحفہ خاص پیش کر رہا ہوں۔ اس کو خاص کر شرفِ زہرہ میں تیار کروا کر استعمال کرنے سے اُمیدوں کی کئی کرنیں نظر آئیں گی اور بدقسمتی خوش قسمتی میں تبدیل ہو جائے گی۔ اس موقع پر جہاں ایک شخص میں نفرت کو حب میں تبدیل کیا جا سکتا ہے۔ وہاں مال و دولت اور حصولِ انعام و اکرام اور عزت و شہرت کو بھی طلب کیا جا سکتا ہے۔ اس خاص وقت کو ضائع کرنا کفرانِ نعمت ہوگا۔ یہ خاص وقت پر ہوگا۔ شرف کی ابتداء 17 فروری 19 بجکر 33 منٹ اور انتہا 18 فروری 14 بجکر 59 منٹ ہے۔

بعض آدمیوں کا قسمت پر یقین ہوتا ہے اور بعض کا نہیں ہوتا۔ وہ بھی خوش قسمتی کے الفاظ اکثر استعمال کرتے نظر آتے ہیں۔ دنیا میں کوئی ایسا شخص نہ ملے جو بدقسمتی کا طالب ہو۔ اپنے متعلق بری خبریں سننا پسند نہیں کرتے اور شخص کی یہی آرزو ہوتی ہے کہ وہ خوش قسمت ہو۔ خوش قسمتی سے مراد کہ وہ امیر ہو، مال و دولت کا حصول با آسانی ہو، آمدنی بہت بہتر ہو، خواہ کاروبار سے ہو یا اضافی آمدن کے ذرائع دوسرے ہوں۔

جب کوئی شخص اس امر کا طالب ہو کہ وہ خوش قسمت ہو۔ یعنی مالی مفاد زیادہ سے زیادہ اُسے ملے اور خوش قسمتی ایک ایسی خواہش ہے۔ جس پر زندگی کی خوش اُمیدی اور خوشیاں وابستہ ہوتی ہیں اور یہ ایک ایسی طاقت ہے جہاں ہو وہاں خوشیاں ہی خوشیاں ڈیرہ ڈال لیتی ہیں۔ مایوسی اور نا اُمیدی بھاگ جاتی ہے ہر طرف اور ہر چیز حتیٰ کہ چلتے پھرتے، اُٹھتے بیٹھتے میں ایک جان سی آ جاتی ہے اور جس کسی نے خوش امیدی کے نظریہ کو نظر انداز کر دیا اس نے اپنے آپ کو وقتی قسمت کے حالات کے سپرد کر دیا اور نا مساعد حالات کے آگے ہتھیار ڈال دیے یعنی آپ کو ماننا پڑے گا کہ خوش امیدی ہی ایک ایسی قوت اور ایک ذریعہ ہے جو بدقسمتی کی قوت کا مقابلہ کر سکتی ہے۔

خوش قسمتی ہے کیا چیز؟ خوش قسمتی خوش امیدی کی جان ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ کوئی ایسا خارجی اثر ظاہر ہو۔ جس سے مال و دولت کوشش و سعی کے بغیر کسی جدوجہد کے اسباب سے حاصل ہو جائے۔ جس کا ذریعہ گورنمنٹ نے بھی مہیا کیا ہے۔ مثلاً پرائز بانڈ، لاٹری وغیرہ

اس قسم کی خوش امیدی اور خوش قسمتی کے لیے ایک نادر موقع ہے شرف زہرہ کا جس میں خوش قسمتی کی کشش کے لیے یہ عمل تیار کیا جاتا ہے۔

عمل: بوقت شرف زہرہ برائے خوش قسمتی کے لیے ایک خاص طریقہ دے رہا ہوں۔ اُمید ہے کہ آپ کے لیے یہ بہت کارآمد ہوگا۔

2015ء کے حوالہ سے کیونکہ اس کا مفرد عدد 7 ہے اور عدد 7 مال و دولت پر حکمران ہے۔ اس لیے مربع نقش پُر کریں جو کہ اگر کاغذ پر تیار ہوگا تو نقش کے خانہ عنصر کے رنگ کے تحت یعنی 4 رنگوں میں تیار ہوگا اور اگر دھات پر تیار کروائیں تو نقش 4 دھاتوں کے ملاپ سے تیار شدہ لوح پر کندہ کریں اور پھر تماشہ قدرت دیکھیں کس طرح ذرائع آمدن، رُکے ہوئے کام ور آپ ایک مکمل اندھیرے سے نکل کر اُمیدوں کی روشنیوں میں نکل آئیں گے۔

طریقہ عمل

طالب: عثمان جاوید: 1048
آیت مبارکہ: **یغنیھم اللہ من فضلہ:** 2186
اسم الٰہیہ: **یا منعم:** 211
3445

اس عمل میں نقش مربع ذوالکتابت پُر کریں گے۔

(1) خانہ اول میں طالب علم کا نام بمعہ والدہ لکھیں اور خانہ دوم، سوم اور چہارم میں ایک ایک کا اضافہ کریں اور اگر آپ کاغذ پر نقش بنا رہے ہیں تو خانہ اول سرخ رنگ، خانہ دوم بادی ہے اس کو نیلے رنگ، خانہ سوم آبی ہے سبز رنگ، خانہ چہارم خاکی ہے زرد رنگ۔

(2) پھر خانہ 5 میں 1180، خانہ 6 میں **یغنیھم اللہ** لکھیں، خانہ نمبر 7 میں 1182، خانہ 8 میں 1183 لکھیں۔ اسی طرح آتشی، خاکی، آبی اور بادی چاروں رنگ استعمال کریں۔

(3) خانہ نمبر 9 میں 1003، خانہ نمبر 10 میں 1004، خانہ نمبر 11 میں **من فضلہ** اور خانہ نمبر 12 میں 1006 چاروں رنگوں سے لکھیں۔

(4) خانہ نمبر 13 میں 208، خانہ نمبر 14 میں 209، خانہ نمبر 15 میں 210، خانہ نمبر 16 میں **یا منعم** لکھیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
صرفیائیل

عثمان جاوید	یغنیھم اللہ	من فضلہ	یا منعم
١٠٠٦	٢١٠	١٠٤٩	١١٨٠
٢٠٩	١٠٠٣	١١٨٣	١٠٥٠
١١٨٢	١٠٥١	٢٠٨	١٠٠٤

چال نقش

١	٦	١١	١٦
١٢	١٥	٢	٥
١٤	٩	٨	٣
٧	٤	١٣	١٠

یہ سارا کام علیحدہ خالی کمرہ میں معطر کپڑے پہن کر کریں اور حب الفار کا بخور دیں اور اگر کاغذ پر لکھیں تو نقش کو کسی چیز میں بند کروانے کے لیے جمعہ کا دن منتخب کریں اور جمعے کے دن ہی نقش اس کمرہ سے نکالیں اور نقش کو 4 یا 8 تہوں میں بند کریں اور اُس پر 2186 مرتبہ آیت مبارکہ پڑھ کر دم کریں اور بعد ازاں صدقہ دیں۔ جس کے پاس یہ لوح ہوگی وہ خوش و خرم رہے گا اور وافر دولت پائے گا۔ اگر دیگر مقاصد کے لیے استعمال کرے گا تو بہت جلد وہ مقاصد پایہ تکمیل کو پہنچیں گے۔ سامانِ عیش و عشرت دستیاب ہوں گے، شان و شوکت، عزت و شہرت حاصل ہوگی۔ اگر اس کے دوران انعامی اسکیموں میں حصہ لیں تو کامیابی ہوگی۔ اگر اس کو انعامی بانڈز میں رکھیں تو وہ بھی انعامی لسٹ میں شامل ہوں گے۔ حتیٰ کہ اہل لوح کثیر مال و دولت حاصل کرتا ہے۔

اگر آپ اس کو خود مکمل قواعد کے ساتھ نہیں بنا سکتے تو ادارہ سے رابطہ کریں اور اگر خود تیار کر سکتے ہیں تو ادارہ سے اجازت ضرور طلب کریں تاکہ لوح مبارکہ میں مکمل تاثیر ظاہر ہو اور اس فقیر کے حق میں ضرور دعا کریں۔

از تحریر: علامہ مفتی طالب حسین کرمانی، چک مغل

صدری مجرب عملیات برائے شرفِ زہرہ

اوقات شرفِ زہرہ: شرف کی ابتداء 17 فروری 19 بجکر 33 منٹ اور انتہا 18 فروری 14 بجکر 59 منٹ ہے

نقش برائے رشتہ عورت

قارئین کرام! یہ نقش مکرم معظم میرے مشاہدہ میں ہے۔ کسی کتاب میں نہیں ہے، جو چیز سینہ بسینہ ہوتی ہے، اس میں تاثیر ہوتی ہے اور بزرگوں کا اس کا تجربہ ہوتا ہے۔ یہ نقش نہ کسی زکوۃ و چلہ کا محتاج ہے اور نہ ہی کسی کی اجازت کا محتاج ہے۔ بس لکھنے والا نیک و صالح ہونا چاہیے۔ اگر کسی عورت کا رشتہ نہ ہوتا ہو تو اس نقش کو باوضو کامل سفید کاغذ پر سیاہی سے لکھ کر موم جامہ کر کے عورت اپنے گلے میں باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ عورت کا رشتہ بہتر جگہ پر جلدی ہو جائے گا اور یہ یہ آیات مبارکہ لکھ کر چند ایام عورت پانی میں ڈال کر صبح و شام باوضو پیئے۔ شادی ہونے کے بعد میرے حق میں دعائے خیر فرمائے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حضرت حوا — حضرت آسیہ

ومن	والانثیٰ	فجعل	خلق الزوجین
منہ الزوجین	وان	کل شئی	الذکر
تذکرون	الذکر	ازواجا	خلقنا
وخلقنکم	زوجین	لعلکم	والانثیٰ

حضرت خدیجہ — حضرت فاطمہ

آیات مبارکہ یہ ہیں:

وَمِن كُلِّ شَيْءٍ خَلَقْنَا زَوْجَيْنِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ○

الذریت۔ آیت ۴۹

وَأَنَّهُ خَلَقَ الزَّوْجَيْنِ الذَّكَرَ وَالْأُنثَىٰ○ سورۃ النجم۔ آیت ۴۵

وَخَلَقْنَاكُمْ أَزْوَاجًا○ سورۃ النباء۔ آیت ۸

اعمال برائے رشتہ عورت

(1) اگر کسی عورت کا نکاح نہ ہوتا ہو تو ہر نماز پنجگانہ کے بعد اول و آخر درود ابراہیمی گیارہ گیارہ بار درمیان میں ۹۲ بار یہ تین آیات مبارکہ پڑھ کر دعا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند ایام میں نکاح ہو جائے گا۔

(2) ان تین آیات مبارکہ کو بعد نماز عشاء اکتیس سو پچاس (3150) مرتبہ اول و آخر درود ابراہیمی گیارہ بار باوضو بلاناغہ چالیس ایام پڑھیں۔ کسی جگہ کا تعین نہیں ہے، انشاء اللہ تعالیٰ ان ہی ایام میں نکاح ہو جائے گا۔

(3) اگر کوئی عورت کسی مخصوص مرد کے ساتھ نکاح کرنا چاہتی ہو تو اس مرد کے نام مع والدہ ابجد حروفِ قمری کے ساتھ یہ تین آیات مبارکہ بعد نماز عشاء اول و آخر درود شریف تین تین بار پڑھیں۔ بلاناغہ چالیس ایام کریں، اس میں جگہ معین نہیں ہے، انشاء اللہ تعالیٰ ان ایام میں اس آدمی سے نکاح ہو جائے گا۔

نقش برائے فتح اور محبت

اگر کوئی مجاہد اس کو پہن کر جنگ میں جائے تو اس کو فتح نصیب ہوگی۔ اگر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نصر من اللہ وفتح قریب وبشر المؤمنین ان تستفتحوا فقد جاء کم الفتح ان فتحنا لك فتحا مبینا

اذاجاء	نصر الله	والفتح	ورايت	الناس	يدخلون	فی دین	الله
نصر الله	والفتح	ورايت	الناس	يدخلون	فی دین	الله	افواجا
والفتح	ورايت	الناس	يدخلون	فی	دین الله	افواجا	فسبح
ورايت	الناس	يدخلون	فی دین	الله	افواجا	فسبح	بحمد
الناس	يدخلون	فی دین	الله	افواجا	فسبح	بحمد	ربك
يدخلون	فی دین	الله	افواجا	فسبح	بحمد	ربك	واستغفره
فی دین	الله	افواجا	فسبح	بحمد	ربك	واستغفره	انه كان
الله	افواجا	فسبح	بحمد	ربك	واستغفره	انه كان	توابا

صراط مستقیما و ینصرك اللہ نصرا عزیزا فانزل السکینة علیهم واثابهم فتحا قریبا وعندہ مفاتح الغیب لا یعلمها

کوئی کھلاڑی اس کو پہن کر کھیلے تو فتح یاب ہو گا۔ اگر کسی پر ناجائز مقدمہ تھانہ یا عدالت میں چل رہا ہو تو یہ تعویذ پہن کر جائے تو فتح یابی حاصل ہوگی، بری ہو گا۔ اگر کوئی انسان اس تعویذ کو پہنے تو اس کا جلدی نکاح ہو گا، اگر شوہر بیوی سے محبت نہ کرتا ہو یا بیوی شوہر سے محبت نہ کرتی ہو تو اس تعویذ کو پہنیں، انشاءاللہ محبت پیدا ہوگی۔ یہ تعویذ فتح اور محبت کے لیے مجرب ہے، وفق الفتح ہے۔ اس تعویذ کی تمام کو اجازت ہے۔

بچوں کے ہر امراض کیلئے

یہ نقش بچوں کی ہر بیماری کے لیے مفید ہے۔ باوضو لکھ کر بچے کے گلے میں موم جامہ کر کے پہنائیں۔ انشاءاللہ ہر امراض سے محفوظ رہے گا۔ مجرب ہے۔ میرے مشاہدے میں ہے۔ تمام کو میری طرف سے اجازت ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم بحق یا بدوح بحق یا بدوح بحق یا بدوح هوالذی انزل السکینة فی قلوب المؤمنین لیزدادوا ایمانا مع ایمانهم وللہ جنود السمٰوٰت والارض وکان اللہ علیما حکیما O الذین امنوا و تطمئن قلوبهم بذکر اللہ ط الا بذکر اللہ تطمئن القلوب O وما جعله اللہ الا بشری و تطمئن به قلوبکم وما النصر الا من عند اللہ ط ان اللہ عزیز حکیم O و ان یکاد الذین کفر و الیزلقونك بابصارهم لما سمعوا الذکر ویقولون انه لمجنون وما هوا الا ذکر للعالمین O اعوذ بکات اللہ التامات من غضبه و عقابه و شر عبادہ من همزات الشیطان وان یحضرون O اعوذ بکلمات اللہ التامات من کل عین لامه و شر شیطان وهامة یا غفور یا غفار یا غافر برحمتك یا ارحم الراحمین۔

گیارہواں نچھتر، پروپھالگنی

گیارھواں نچھتر مکمل طور پر برج اسد کے اندر واقع ہے، یہ 20:13 درجے سے 30:26 درجہ اسد تک پھیلا ہوا ہے، 2 ستاروں ٹیونس اور زوسما پر مشتمل ہے۔

پُروا پھالگنی کے معنی ہیں "درختوں کا پھل" دیومالا کے مطابق اس کا منسوبی دیوتا "بھاگ" ہے جو اچھی قسمت اور ترقی کا دیوتا کہلاتا ہے، مادی خوشیوں کی حفاظت کرتا ہے اور فیملی کی وراثت عطا کرتا ہے، شیولنگ بھی اس نچھتر کی علامت کہا جاتا ہے جو طاقت اور تخلیقی عمل کی نشانی ہے۔

پُروا پھالگنی جنم دینے کی طاقت رکھتا ہے، اس نچھتر کے زیر اثر فنون لطیفہ میں بے پناہ دولت اور خداداد صلاحیتیں حاصل ہوتی ہیں، ایک شاندار، بے فکر، پُرجوش یا سرخوشی سے لبریز شخصیت سامنے آتی ہے جسے زندگی سے بے حد رغبت ہو، اس کے ساتھ ہی لذت اور خوشی، شہوت انگیزی، محبت، سبقت اور جذبہ بھی اس نچھتر میں پائے جاتے ہیں۔

اس نچھتر کا حاکم سیارہ زہرہ ہے، فطرت انسانی، بنیادی محرک خواہش، حیوانی علامت مادہ چوہا (چوہیا) اور سمت شمال ہے، مؤنث اور نفسانی ہے، اپنے عمل میں حجت، تشدد اور جنگ کے علاوہ بعض اوقات انتہائی مذموم سرگرمیاں، ہیرا پھیری وغیرہ کا بھی مشاہدہ ہوسکتا ہے، اس کے مقامات میں پھانسی کا تختہ، موت کی کوٹھری، مذبح خانہ اور میوزیم ہیں۔

اپنے بنیادی محرک کی وجہ سے صحت مندانہ لطف اندوزی، تکمیل، اچھی قسمت، سلامتی اور خوشی اس قمری منزل میں نمایاں ہیں۔

پُروا پھالگنی عام طور سے ایک پُرکشش اور قوی شخص کو ظاہر کرتا ہے جو دوسروں کو اپنی شیریں کلامی سے زیر کرتا ہے، اس میں ماگھ کی بہ نسبت مسابقت بازی کم ہے، اس کا ایک نام بھاگیہ بھی ہے اور یہ کامیابی کی نوید دیتا ہے، اپنے مخالفوں پر فتح یاب ہوتا ہے، یہ اپنی بہت سی خواہشوں کے اظہار کے لیے آفاقی ترنگ کے ساتھ فعال توانائی کا اظہار کرتا ہے، براہ راست تجربہ کرنے کی زبردست پیاس اور سرگرمیوں کے لیے مشہور ہے، اس نچھتر میں موسیقی، رقص اور ڈرامے سے بے پناہ محبت کے ساتھ ملنسار فطرت بھی پائی جاتی ہے، اس کا حاکم زہرہ درحقیقت موج مستی کا سیارہ ہے۔

تاریک رُخ

پُروا پھالگنی کا دوسرا پہلو بے جا فخر و ناز، نرگسیت اور عیاشی ہے، بلیک میجک کا تعلق بھی اس نچھتر کے ساتھ ہے، اگر متاثرہ ہو تو غضب ناک یا سفاک فطرت کا حامل ہوسکتا ہے، ایسا شخص تبدیلی کی آرزو کرسکتا ہے، ترنگ اور پراگندہ ذہن کا اظہار کرسکتا ہے، اسے تحریک اور شہوت انگیزی کی طلب ہوسکتی ہے، ایک آزاد جنسی میل جول کی فطرت کے ساتھ کسی لت میں مبتلا ہوتا پایا جاتا ہے یا ایک شوباز اور نمائش پسند شخصیت جو گھمنڈ اور تکبر کی عکاسی کرتی ہو، یہاں دیکھی جاسکتی ہے، ان لوگوں کو چاہیے کہ اپنی شہوانی وابستگیوں پر قابو پائیں اور فیاضی، انسانیت، مہربانی اور وفاداری اپنائیں، حجت، تشدد، جنگ، ہیرا پھیری اور دیگر مذموم سرگرمیوں سے خود کو دور رکھیں۔

پُروا پھالگنی کے چار قدم

پہلا قدم 20.13 درجہ اسد سے 40.16 درجہ اسد تک دراز ہے اور سعد اثر رکھتا ہے اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد شیریں گفتار دلیر لیکن متلون مزاج یا

حمک مزاج ہوتے ہیں کسی قدر سستی اور کاہلی بھی ان میں پائی جاتی ہے۔

دوسرا قدم 40.16 درجہ اسد سے 20 درجہ اسد تک دراز ہے اور سعد اثر رکھتا ہے اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد مشہور اور جنگ جویانہ خصوصیات کے حامل ہوتے ہیں غضب ناکی اور جوشیلا پن نمایاں ہوتا ہے محنتی ہوتے ہیں اور صاف ستھرا رہنے کی عادت ہوتی ہے۔

تیسرا قدم 20 درجہ اسد سے 20.23 درجہ اسد تک دراز ہے اور سعد اثر رکھتا ہے اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد اپنی شریک حیات اور خاندان کے لیے وقف ہوتے ہیں فنکارانہ صلاحیتوں کے حامل لیکن تھوڑا سا بد معاشی پر مائل جنس زدہ اور بری سوچ۔

چوتھا قدم 20.23 درجہ اسد سے 40.26 درجہ اسد تک دراز ہے اور نحس اثر رکھتا ہے اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد غیر مہذب اور گناہوں کی طرف راغب ہو سکتے ہیں نیک لوگوں کو تنگ کرنے والے جسم پر ایک یا زیادہ زخموں کے نشان ان کے بھی بیٹے ہو سکتے ہیں لیکن یہ لوگ غیر معمولی تربیت یافتہ اور مختلف طور طریقوں کے ماہر ہوتے ہیں، مشہور ہوتے اور لوگوں میں گھل مل جاتے ہیں، آپ انہیں ہمیشہ مصروف دیکھیں گے۔

پُروا پھالگنی میں طالع

اگر طالع کے درجات اس نچھتر میں طلوع ہوں تو صاحب زائچہ ایک متحرک اور عملی انسان ہوتا ہے جو ہمیشہ حرکت میں رہتا ہے اور مشہور ہوتا ہے، دوسروں کو کمانڈ کر سکتا ہے، اس کا رجحان فطری زندگی کی طرف ہوگا، فیاض ہوگا، اچھی صحت اور اسپورٹس سے محبت یہاں دیکھی جا سکتی ہے، موسیقی، رقص اور ڈرامے کی خداداد صلاحیت، پرکشش اور کرشماتی شخصیت، تحقیقی ذہانت، قابل، سرکاری پوزیشن اور لیڈر شپ۔

مشہور شخصیات میں سابق امریکی صدر رچرڈ نکسن، جان ایف کینیڈی اور جارج بش، راجیو گاندھی، امریکی خبطی ارب پتی ہاورڈ ہیوز، کراچی میں کوڑھ زدہ لوگوں کے لیے اپنی زندگی وقف کرنے والی جرمن ڈاکٹر روتھ فاؤ، گلوکارہ میڈونا، موسیقار موزارٹ، باکسر جارج فورمین، مصنف ارنسٹ ہمنگوے، جاسوسی ناول نگار آگاتھا کرسٹی، ارل اسٹینلے گارڈنر، رومانی شاعر جان کیٹس، اداکار شاہ رخ خان، پیٹر سیلز، اداکارہ کیتھرائن ہیپ برن، مالا سنہا، شلپا شیٹھی شامل ہیں۔

پُروا پھالگنی میں شمس

اگر شمس اس نچھتر میں ہو تو تخلیقی ذہانت، ڈرامے سے محبت، قائدانہ صلاحیت، سیلف میڈ، سفر کا شوقین، آوارہ گرد، شیریں گفتار، فیاض، صوفیانہ فطرت، چمک کی صلاحیت لیکن پراگندہ ذہن اور جنس کا شائق بناتا ہے۔

مشہور شخصیات میں امریکی صدر جان ایف کینیڈی، ڈاکٹر رتھ فاؤ، اداکار جان ٹرولاٹا، رابرٹ بریڈ فورڈ، رشی کپور، اداکارہ شرلے میکلین، راکیل ویلچ، سادھنا، کتھک ڈانسر لچھو مہاراج، گلوکارہ میڈونا اور آشا بھوسلے شامل ہیں۔

پُروا پھالگنی میں قمر

اگر قمر پروا پھالگنی میں ہو تو ایسا شخص اپنے علم و ہنر کے ذریعے دولت کماتا ہے، مشہور اور مقبول ہوتا ہے، اپنی محنت سے جائداد حاصل کرتا ہے، خوش باش اور ملنسار ہوتا ہے اس کی شخصیت شہوت انگیز ہوتی ہے۔

یہ نچھتر رحم دل اور مہربان لوگوں کی نشاندہی کرتا ہے اور ان لوگوں کی بھی جو پاکیزہ زندگی بسر کرتے ہیں، مخیر، دولت مند، اپنے فرائض کے لیے خود کو وقف کر دینے والے، عبادت گزار، عارفانہ کاموں میں دلچسپی، مہم جوئی کے شائق زندگی سے لطف اندوز ہونے والے، جسمانی طور پر مضبوط لیکن تنک مزاج۔

یہ لوگ آزادی کے متوالے اور اپنے مخصوص شعبے میں مشہور ہوتے ہیں، دوسروں کی مصیبتوں اور پریشانیوں میں ان کی مدد کرنے کے لیے فوری طور پر آمادہ ہو جاتے ہیں۔

مشہور شخصیات میں پیر مہر علی شاہ صاحب گولڑا شریف، برطانوی وزیر اعظم سر ونسٹن چرچل، روسی آمر جوزف اسٹالن، جان ایف کینیڈی، دلائی لامہ، راجیو گاندھی، سیاست داں آفتاب احمد شیرپاؤ، شیخ رشید احمد، شاعر ولیم ورڈز ورتھ، افتخار عارف، جون ایلیا، اداکار دلیپ کمار، والٹ وٹ مین، اداکار جوڈی فاسٹر، بھارتی اداکارہ ممتاز، پروین بوبی، گلوکارہ میڈونا اور کرکٹر گریگ چیپل شامل ہیں۔

آپ کی شخصیت

آپ نرم گفتار، فیاض، خوش شکل، سفر کرنے کے شوقین اور بڑوں کا احترام کرنے والے انسان ہیں۔

آپ کا چہرہ کتابی ہوسکتا ہے اور آپ کی وجاہت نمایاں ہوگی۔ آپ ایماندار ہیں، رشوت کے لین دین کو ناپسند کرتے ہیں اور دوسروں کو بھی غلط حرکتوں سے روکتے ہیں۔

آپ بہت دلیر ہیں اور دوسرے لوگوں کی مدد کرتے ہیں۔ ہوشیاری کے ساتھ کھرا پن بھی آپ کے اندر موجود ہے۔ مذہب کی طرف آپ کا رجحان زیادہ ہوسکتا ہے۔

اگر آپ کے زائچے میں زہرہ ناقص اثر رکھتا ہو تو آپ کا رجحان عیاشی کی طرف ہوسکتا ہے۔

آپ پوری آزادی چاہیں گے اور کسی نہ کسی فیلڈ میں شہرت حاصل کریں گے لیکن آپ کا ذہن کسی نہ کسی معاملے میں الجھا رہے گا، آپ کو دوسروں کی پریشانیوں سے واقف ہونے کی فطری طور پر وجدانی صلاحیت حاصل ہے، آپ دوسروں کی مدد کرنے میں پہل کرنے والوں میں سے ہیں، پرکشش شخصیت اور گٹھے ہوئے جسم کے مالک ہوسکتے ہیں، آپ کو پسینہ بہت آئے گا، آپ کوئی ایسی جاب نہیں کریں گے جو صحیح معنوں میں ماتحتی کا تقاضا کرتی ہو اور آپ کی عزت نفس کو مجروح کرتی ہو، آپ کی ایک کمزوری یہ بھی ہے کہ آپ ملازم ہو کر بھی اپنے باس کی جی حضوری نہیں کرسکتے لہٰذا ہمیشہ اپنے اعلیٰ افسران یا حکام کی نوازشات سے محروم رہیں گے۔

آپ جو بھی کام اپنے ذمہ لیں گے اسے پوری دیانت داری اور سنجیدگی سے سرانجام دیں گے، کبھی غیر قانونی کام میں پارٹی نہیں بنیں گے اور نہ ہی ایسی سرگرمیوں کو برداشت کریں گے، آپ کی یہ فطرت زندگی میں آپ کو کبھی پیچیدگیوں میں مبتلا کرسکتی ہے لیکن آپ ایسے مسائل کا سامنا کرنے کے لیے تیار رہتے ہیں۔

آپ کے کبھی پوشیدہ دشمن ہوں گے جو آپ کی ترقی کے راستے میں ایک بڑی رکاوٹ بنے رہیں گے لیکن آپ اپنے دشمنوں کو شکست دے کر اپنے تمام کاموں میں کامیابی حاصل کرنے کی اہلیت رکھتے ہیں، آپ پیسے پر پوزیشن اور اتھارٹی کو ترجیح دیں گے، ترقی کی جائز یا درست راہ اختیار کریں گے اور کسی کاز کے لیے اپنا قیمتی وقت وقف کردیں گے لیکن پھر بھی آپ اس پوزیشن پر نہیں پہنچ سکیں گے جس کی خواہش رکھتے ہوں گے۔

ملازمت کے شعبے میں آپ کو بہت سی جاب بدلنا پڑیں گی، خاص طور پر عمر کے 22,27,30,32,37,44 سال کی عمر میں۔ آپ 45 برس کے بعد اپنی مطلوبہ پوزیشن حاصل کرسکیں گے، آپ کو ادھار دینے سے گریز کرنا چاہیے کیوں کہ لوگ آپ کے پیسے آسانی سے واپس نہیں کریں گے۔

آپ کی ازدواجی زندگی خوش و خرم ہوگی، بیوی، بچے اچھے ہوں گے (اگر زائچے میں کوئی اور خرابی نہ ہو) یہ بھی ہوسکتا ہے کہ آپ اپنی پسند کی لڑکی سے شادی نہ کرسکیں یا آپ کی شادی کسی غلط لڑکی سے ہوجائے اور اس کا نتیجہ بعد میں علیحدگی کی صورت میں برآمد ہو، خاص طور پر اگر زائچے میں زحل اور مریخ مقابلے پر ہوں، آپ اپنے آبائی مقام اور خاندان سے دور زندگی بسر کریں گے۔

پروا پھالگنی میں پیدا ہونے والی خواتین فنون لطیفہ میں خصوصی دلچسپی لیتی ہیں اور اپنے ٹیلنٹ کا اظہار بھی چاہتی ہیں اگر انہیں اپنے پسندیدہ شعبے میں کام کرنے کا موقع ملے تو نمایاں پوزیشن حاصل کرتی ہیں وہ کسی ایسے شریک حیات کے ساتھ خوش نہیں رہ سکتیں جو کسی غلط کام یا شعبے سے وابستہ ہو شوہر کی یا سسرال والوں کی تنقید اور بے جا دباؤ برداشت نہیں کرسکتیں، اگر ان کی فطری صلاحیتوں کے اظہار پر پابندی لگانے کی کوشش کی جائے تو یہ بھی ان کے لیے ناقابل برداشت ہوگا ایسی خواتین قابل اور ذہین ہوتی ہیں اگر ہم مزاج شریک حیات مل جائے تو بہت ترقی کرتی ہیں۔

پروا پھالگنی کے پیشے اور صحت

پیشے: اداکار و گلوکار، موسیقار، آرٹسٹ، ڈانسر، پینٹر، فیشن ڈیزائنر، منی چینجر، بزنس منیجر، جوس یا شربت وغیرہ کے ڈیلر، ڈرائی فوڈ کے ڈیلر، نمک، شہد اور تیل

کے بیوپاری، ریڈیو، ٹیلیویژن، فوٹوگرافی، کاسمیٹکس، جیولری سے متعلق کام، گورنمنٹ سروسز، سیاست داں، ٹیچر، پروفیسر وغیرہ۔

مردانہ صحت : معدے کی خرابیاں، جلدی امراض، دل کی تکالیف، دوران خون سے متعلق مسائل، شوگر اور دانت کی بیماریوں کا امکان پایا جاتا ہے، آپ کو آگ سے حادثہ ہو سکتا ہے اور کسی عادت یا لت کے مسائل بھی پریشان کر سکتے ہیں امراض خبیثہ سے محتاط رہنے کی ضرورت ہوتی ہے۔

زنانہ صحت: ماہانہ نظام کی بے قاعدگیاں، دمہ، یرقان یا سانس کی تکالیف۔

بارہواں نچھترا اترپھالگنی

بارھواں نچھتر 26 درجہ 40 دقیقہ برج اسد سے شروع ہو کر سنبلہ کے دس درجے تک دراز ہے، اتر پھالگنی شیر کی دم پر دو ساکت ستاروں سے برج سنبلہ تک پھیل جاتا ہے، اس نچھتر پر سیارہ شمس کی حکمرانی ہے جو نشوونما اور تخلیقی وسعت کے لیے زبردست مواقع فراہم کر سکتا ہے۔

اتر پھالگنی کا پہلا قدم جو برج اسد کے آخری درجات پر ہے، فرد کو رکاوٹ کے کسی بھی احساس اور تخلیقی رکاوٹ پر غالب آنے میں مدد کرتا ہے، کامیاب فلم ڈائریکٹر اولیور اسٹون کی پیدائش اتر پھالگنی کے اسی قدم پر ہوئی تھی، باقی تین قدم جو برج سنبلہ میں گرتے ہیں، یوگی یا صوفیانہ طاقت ظاہر کر سکتے ہیں اور زندگی کے گہرے رازوں کی چھان بین کرنے کی حوصلہ افزائی کر سکتے ہیں۔

اتر پھالگنی کی علامت بستر یا کھٹولے کے دو پچھلے پائے ہیں، یہ دوسروں کی سچائی پر زور دیتا ہے، اسے سکوت اختیار کرنے والے دیوتا آریامن سے تشبیہ دی گئی ہے جو لیڈرشپ، عزت و وقار اور سماج کے اصولوں پر حکومت کرتا ہے، وہ انسانیت کے دکھ درد دور کرتا ہے اور ضرورت مند دوست کی مدد کرتا ہے۔

یہ قمری منزل دوستی، مدد کرنے اور ثابت کرنے والی فطرت سے جڑی ہوئی ہے اس کی قوت شادی یا ملاپ کے ذریعے ترقی دیتا ہے، اس لیے اس قمری منزل میں فیملی کے اتحاد پر زور ہے، اس کی فطرت انسانی، حیوانی علامت سانڈ یعنی نرگائے، بنیادی محرک روحانی آزادی اور سمت مشرق ہے۔

اتر پھالگنی کو "سرپرستی کا ستارہ" کہتے ہیں، یہاں مہربانی و مروت کا تجربہ ہوتا ہے، یہ خوش باش لوگ ہوتے ہیں، ان کی فراخ دلی کے باعث سب لوگ انہیں پسند کرتے ہیں اور یہ بھی تعلیم و تجربے کے ذریعے روزی کماتے ہیں۔

اس نچھتر کے تحت لیڈر بھی پیدا ہوتے ہیں جو عمدہ اوصاف کے حامل، مستحکم اور کامیاب رہتے ہیں، ہمت، برداشت، عزم اور درست کاز کے لیے لڑنے کا مشاہدہ کیا جا سکتا ہے، یہاں روحانی نشوونما اور ذہنی وسعت کسی فرد کو اچھی سمت میں کوشش کے ذریعے بلندیوں پر لے جاتی ہے۔

اتر پھالگنی نئے کاموں کی ابتداء کے لیے سعد اور مبارک منزل ہے اس منزل میں شادی بیاہ نئی جاب یا کاروبار کا آغاز نئے گھر کی تعمیر یا نئے گھر میں داخل ہونا مبارک ہے۔ اپنی فطرت میں یہ مونث ثابت اور ذریعہ نجات خیال کی جاتی ہے۔

تاریک رُخ

اتر پھالگنی کا تاریک پہلو یہ ہے کہ یہ لوگ اگر معنی خیز تعلق کے حامل نہ ہوں تو انہیں گہری تنہائی کا احساس آ گھیرتا ہے، ایک دوسرے پر انحصار کرنے کے مسائل سامنے آ سکتے ہیں، آزردگی اور ناشکرے پن کا نتیجہ نکل سکتا ہے، ایسے لوگوں کو چاہیے کہ تنہائی کا احساس کرنے کے بجائے اسے اپنا دوست بنالیں یعنی مراقبہ کریں، دوسروں کو کنٹرول کرنے کی خواہش کی وجہ سے ایسے لوگ کالا جادو یا سفلی عملیات میں ملوث ہو سکتے ہیں چوں کہ اس کی حیوانی علامت بیل یا سانڈ ہے اور اس کی علامتی ایک ہٹ دھرم اور ضدی فطرت سے ہو سکتی ہے، دوسروں پر تنقید کرنے کا شائبہ بھی مشاہدے میں آ سکتا ہے خصوصاً برج سنبلہ والے قدموں پر۔

اترپھالگنی کے چار قدم

پہلا قدم 40.26 درجہ اسد سے 0 درجہ سنبلہ تک دراز ہے اور والدین کے لیے محس ثابت ہوتا ہے اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد مشہور اور دولت مند ہوتے ہیں یہ لوگ دلیر اور اچھے کام انجام دینے والے ثابت ہوتے ہیں ایک پھلتا پھولتا گھرانہ ان کی نمایاں خصوصیت ہے۔

دوسرا قدم 0 درجہ سنبلہ سے 20.3 دقیقہ سنبلہ تک دراز ہے اور سعد اثر رکھتا ہے اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد اگرچہ اچھی فطرت کے مالک ہوتے ہیں لیکن ایک غیر مستحکم زندگی گزارتے ہیں تنقیدی رویے کے مالک اور غربت

کا شکار ہوتے ہیں' زراعت میں انہیں کچھ کامیابی ملتی ہے' عموماً دوسروں کے دست نگر ہوتے ہیں۔

تیسرا قدم 20.3 درجہ سنبلہ سے 40.6 درجہ سنبلہ تک دراز ہے اور سعد اثر رکھتا ہے' اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد مغرور اور مضطرب مزاج کے حامل ہوتے ہیں' صاف ستھرے رہتے ہیں اور صفائی کو پسند کرتے ہیں' علمی مشاغل کو عزیز رکھتے ہیں' یہاں ایسے شخص کی نشاندہی ہوتی ہے' جس کے پاس بہت علم ہو۔

چوتھا قدم 40.6 درجہ سنبلہ سے 10 درجہ سنبلہ تک دراز ہے اور تھوڑے سے عیب کی وجہ سے سعد تصور نہیں کیا جاتا' اس قدم پر پیدا ہونے والے افراد چڑ مزاج ہوتے ہیں لیکن ناشکر گزار اور گناہ گار ہو سکتے ہیں' اولاد کم ہوتی ہے۔

اترا پھالگنی میں طالع

اگر طالع کے درجات اس نچھتر میں گریں تو صاحب زائچہ خوبصورت، قابل، ذہین لیکن ناشکرا اور مادی آسائشوں کے عوض کفارہ ادا کرنے یا عارفانہ قوت حاصل کرنے کے رجحان میں مبتلا ہو سکتا ہے اور یہ رجحان کوئی منفی رخ بھی اختیار کر سکتا ہے، وہ باتونی اور شہوت پرست ہوگا، بزنس کرنے یا دستکاری کی صلاحیت ہو سکتی ہے، اگر زائچے میں مثبت عناصر کارفرما ہوں تو انسانیت نواز، باہنر، پرکشش، دولت مند، وسیع حلقہ احباب، وجدانی اور صوفیانہ یا روحانی طاقت کا حامل ہوگا۔

مشہور شخصیات میں عیسائی پروٹیسٹنٹ فرقے کا بانی مارٹن لوتھر' مادام بواری' عظیم ماہر فلکیات نکولس کوپرنیکس' سابق روسی وزیر اعظم نکتیا خروشچف' چینی رہنما ماؤزے تنگ' سر ونسٹن چرچل' والٹ ڈزنی' میخائل گورباچوف' گلوکار طلعت محمود' مصری اداکار او مر شریف' وارن بیٹی' ہیریسن فورڈ، شرلے میکلن، بروک شیلڈ اداکارہ کرشمہ کپور' نیک آرون شامل ہیں۔

اترا پھالگنی میں شمس

اگر شمس اس نچھتر میں طلوع ہو تو انسانیت پسندی، لیڈرشپ، لکھنے پڑھنے کا شوق، خوداعتمادی، بے حد فخر اور گھمنڈ کی نشاندہی ہوتی ہے، صاحب زائچہ ذاتی انا کی تسکین کے لیے دنیاوی یا روحانی قوت حاصل کرنے کا خواہش مند ہو سکتا ہے یا اس حوالے سے کوئی ڈرامہ کر سکتا ہے یعنی جو کچھ وہ نظر آ رہا ہوگا یا ظاہر کر رہا ہوگا، معاملہ اس کے برعکس ہوگا۔

مشہور شخصیات میں ابوریحان البیرونی' شاہ انگلستان شیر دل رچرڈ' ایم کیو ایم کے بانی الطاف حسین' بلاول بھٹو زرداری' اداکار دیو آنند' مائیکل ڈگلس، مصنف ایچ جی ویلز' آگاتھا کرسٹی' اداکارہ صوفیہ لورین' کرینہ کپور شامل ہیں۔

اترا پھالگنی میں قمر

قمر اس منزل میں ہو تو ایسے افراد سب سے محبت کرتے ہیں اور وہ خوش باش ہوتا ہے۔ چوں کہ اس منزل کا پہلا حصہ برج اسد میں ہے جس کا حاکم شمس ہے اور اس کے آخری دو حصے برج سنبلہ میں ہیں جس کا حاکم عطارد ہے لہٰذا پہلے حصے میں پیدا ہونے والوں کے خصائل آخری حصے میں پیدا ہونے والوں کے خصائل سے مختلف ہیں۔

پہلے حصے میں پیدا ہونے والے افراد اچھی جسمانی ساخت، تیز بینائی کے مالک اور عام طور سے بے حد پرعزم ہوتے ہیں۔ ان کی انا بلند ہوتی ہے اور خیالات اونچے ہوتے ہیں، زندگی میں اعلیٰ مقاصد کے لیے جدوجہد کرتے ہیں، یہ لوگ مخیر، رحم دل اور صابر ہوتے ہیں۔ شہرت حاصل کرتے ہیں، زیادہ عرصے تک کسی کے ماتحت کی حیثیت سے کام کرنا پسند نہیں کرتے۔ بلند ترین عہدے یا پوزیشن کے حصول کے لئے مختلف ذرائع استعمال کرتے ہیں۔

اگر پیدائش برج سنبلہ میں گرنے والے حصے میں ہوئی ہے تو یہ لوگ غیر معمولی ذہانت کے حامل اور تنقیدی مزاج کے حامل ہوتے ہیں، اعلیٰ درجے کی تجزیاتی صلاحیت رکھتے ہیں البتہ انا اور خود پسندی ان میں بھی نمایاں ہوتی ہے، عموماً شادی دیر سے کرتے ہیں، موجدانہ ذہن، ملنسار فطرت، اچھے لائف پارٹنر، باتدبیر، موقع شناس، ہوشیار، آزادی پسند اور صاف دل ہوتے ہیں۔

مشہور شخصیات میں اردن کے شاہ حسین' نواب آف کالا باغ امیر محمد خاں' ٹیلیفون کا موجب الیگزینڈر گراہم بیل، جاسوسی ناول نگار اگاتھا کرسٹی، اشفاق احمد' سیاست داں چودھری پرویز الٰہی، اداکار سین کونری، جیک نکلسن، میل گبسن' راجیش کھنہ' نصیر الدین شاہ' اداکارہ کیتھرائن ہیپ برن' شرمیلا ٹیگور' ودیا بالن' کرکٹر ایم ایس دھونی اور کرس گیل وغیرہ شامل ہیں۔

آپ کی شخصیت

آپ خوش باش اور کئی اعتبار سے خوش قسمت ہیں، آپ کا رویہ مہذبانہ ہے، اپنے ذمے لینے والا ہر کام انتہائی فرض شناسی کے ساتھ انجام دیتے ہیں، آپ کا رجحان مذہب کی طرف ہوگا اور اپنے سماجی کاموں کی وجہ سے آپ کی ساکھ بہت اچھی ہوگی، اگرچہ صاف دل ہوں گے لیکن اس کے ساتھ ہی غصہ ور بھی، آپ بہت آسانی سے صبر و برداشت کا دامن ہاتھ سے چھوڑ دیں گے، ایک مرتبہ غضب ناک ہوجائیں تو آپ کو ٹھنڈا کرنا بہت مشکل ہوگا لیکن آپ ایسا کچھ مت کریں کہ بعد میں پچھتانا پڑے، آپ کسی بھی قیمت پر اپنی غلطی تسلیم نہیں کریں گے، اگرچہ آپ اس کے قائل بھی ہوجائیں کہ آپ نے غلطی کی ہے پھر بھی آپ حقیقت تسلیم نہیں کریں گے، بہرحال آپ دلیل و منطق کے آدمی ہیں اور بہت ہوشیار اور چالاک بھی۔

آپ قد آور ہوسکتے ہیں، آپ کے خدوخال نمایاں اور ناک لمبی ہوگی، ممکن ہے گردن کے دائیں طرف کوئی سیاہ تل بھی ہو، آپ بہت آزاد منش ہیں لیکن بہت سی ذمہ داریاں اپنے سر لیں گے، اور انہیں پایہ تکمیل تک پہنچائیں گے، آپ کسی کو دھوکا دینا یا کسی سے دھوکا کھانا پسند نہیں کریں گے۔

آپ ایسے پیشے میں یا کام میں خوب ترقی کریں گے جس کا تعلق عوامی رابطہ مہم سے ہو، آپ کی کامیابی کا سہرا آپ کی خوش اخلاقی اور ذہانت کے سر ہے، جو آپ کی فطری خوبی ہے، آپ اپنے معاملات میں اتنے سنجیدہ نہیں ہوں گے جتنا دوسروں کے معاملات میں ہوں گے، اگر آپ ایک مرتبہ کوئی فیصلہ کرلیں تو کوئی بھی اسے بدل نہیں سکتا چوں کہ آپ پیدائشی طور پر محنتی ہیں لہٰذا اپنی محنت سے اچھی پوزیشن پر پہنچ جائیں گے، آپ ٹیچر، رائٹر یا سائنسی ریسرچ کے شعبوں میں دلچسپی لے سکتے ہیں اور یہ آپ کے لیے سب سے بہتر شعبے ہیں، بعض کیسوں میں یہ نوٹ کیا گیا ہے کہ اتر پھالگنی کے دوسرے حصے میں پیدا ہونے والے افراد ٹیوشن کے ذریعے اضافی پیسے کماتے ہیں۔

آپ کی عمر کے 32 سال سخت محنت، اور جدوجہد میں گزریں گے اس کے بعد 38 سال کی عمر تک آپ کے معاملات درست ہوجائیں گے، اور 38 ویں برس سے آپ کی ترقی کی رفتار تیز ہوجائے گی، آپ کی بیشتر خواہشات پوری ہوجائیں گی، 62 سال کی عمر تک زندگی آرام سے گزرتی رہے گی اور کسی بھی قسم کی کوئی رکاوٹ پیدا نہیں ہوگی، 50 کے عشرے میں آپ دولت، نعمت اور شہرت سے سرفراز ہوں گے، اس کا سبب آپ کی انتھک محنت اور خدا کی مہربانی ہوگی، آپ ریاضی، انجینئرنگ، ایسٹرونومی یا ایسٹرولوجی کے لیے بھی موزوں ہیں اور ایڈورٹائزنگ کے شعبے میں بھی کامیابی حاصل کرسکتے ہیں۔

آپ کی ازدواجی زندگی کم و بیش اچھی رہے گی، بشرطیکہ زائچے میں دیگر نحس عوامل خصوصی کارفرمائی نہ کررہے ہوں، آپ کی بیوی سلیقہ شعار، گھریلو عورت ہوگی۔

اس قمری منزل میں پیدا ہونے والی خواتین اگر برج اسد والے حصے میں پیدا ہوئی ہوں تو اپنی ازدواجی زندگی میں مشکلات کا شکار ہوتی ہیں کیوں کہ یہاں انا کے مسائل اور فطری صلاحیتوں کے اظہار پر زور ہے، یہ خواتین دوسروں کا کنٹرول یا بالادستی کم ہی برداشت کرسکتی ہیں کیوں کہ انہیں اپنی عزت نفس کا بہت زیادہ خیال رہتا ہے۔

برج سنبلہ والے حصے میں پیدائش نفاست پسند اور تنقیدی مزاج کا حامل بناتی ہے، ایسی خواتین کسی حد تک سرد مزاج اور خشک طبیعت کی حامل ہوتی ہیں، وہ زمینی حقائق کو مدنظر رکھتی ہیں، محبت میں زیادہ پرجوش اور جذباتی رویہ اختیار نہیں کرتیں، مادہ پرستی کی جانب جھکاؤ اور سوشل سرگرمیوں سے لاتعلقی انہیں تنہائی پسند بنادیتی ہے لیکن شادی اگر ہم مزاج شخص کے ساتھ ہوجائے تو بہت اچھی خیال رکھنے والی اور مددگار شریک حیات ثابت ہوتی ہیں، اولاد کی پرورش بہت اچھے انداز میں کرتی ہیں۔

اتر پھالگنی کے پیشے اور صحت

پیشے: ریاضی داں، ماہر فلکیات، ایسٹرولوجر، جج، قانون داں، فنانسر، خزانچی، سرکاری یا سماجی خدمت انجام دینے والے، روحانیات کا علم رکھنے والے، بیوروکریٹ، ادیب، اداکار، میڈیا پرسن اور کاروباری ذہن کے لوگ، سفیر وغیرہ۔

مردانہ صحت: ان لوگوں کی صحت عام طور سے اچھی ہوتی ہے لیکن ان کے بدن میں درد کی شکایت ہوسکتی ہے۔ دانتوں کی تکلیف، گیسٹرک، جگر اور آنتوں کی تکلیف، ہاتھ، بازو اور حساس جلد کے مسائل، خراب ہاضمہ، جنسی اعضاء کے مسائل کا امکان رہتا ہے۔

زنانہ صحت: ہلکی سی دمے کی شکایت، ماہانہ نظام کی بے قاعدگی، اعضائے مخصوصہ سے متعلق بیماریاں، جلدی امراض اور شدید سر کا درد وغیرہ۔

عظیم پیش گو ناسٹراڈیمس پر ایک تفصیلی نظر

وہ ماہر نجوم تھا یا کاہن، اس کی کی گئی پیش گوئیاں درست ثابت ہوتی رہیں

تیسری عالمی جنگ

اب آیئے اس پیش گوئی کی طرف جس میں ناسٹراڈیمس نے تیسری عالمی جنگ کی طرف اشارہ کیا ہے اور جسے اس کے شارحین 1999ء سے منسوب کرتے رہے ہیں، ممکن ہے کہ اس سلسلے میں انہیں سن کے تعین میں مغالطہ ہوا ہو اور وہ 1999ء کے بجائے کوئی اور سال ہو کیوں کہ اصل قطعات فرانسیسی زبان میں ہیں، ہم تک اس کے مترجمین کا انگریزی ترجمہ ہی پہنچا ہے، برطانوی فلم ''دی مین ہو ساٹو مارو'' بھی ان ہی ترجموں کی بنیاد پر تیار کی گئی تھی جس میں ایک عرب حکمران کو امریکا پر حملہ کرتے دکھایا گیا تھا، اب ضرورت اس بات کی ہے کہ اس پیش گوئی کے مضامین پر از سر نو غور و فکر کیا جائے جو یقیناً بیسویں صدی کے آخر اور اکیسویں صدی سے متعلق ہیں۔ اس میں جو اشارے دیے گئے ہیں وہ ممکن ہے ابھی ناقابل فہم ہوں مگر انہیں احمقانہ اور بے معنی کہہ کر نظر انداز نہیں کیا جا سکتا، کیوں کہ ماضی کا ریکارڈ ہمارے سامنے ہے کہ ناسٹراڈیمس کی ایسی ہی عجیب و غریب باتوں نے کس طرح حقیقت کا روپ دھار لیا تھا، وہ لکھتا ہے۔

''1999ء (یا کوئی اور سال) میں ہماری دنیا عالمی طاقتوں کی کشمکش کے سبب تباہ ہو جائے گی اور ایک ایسی جنگ ہوگی جو تمام جنگوں کا خاتمہ کر دے گی، ساتویں مہینے میں آسمان سے دہشت کا شہنشاہ اترے گا۔ اس سے پہلے اور اس کے بعد دنیا پر صرف جنگ کی حکمرانی ہوگی''

''ایک دوسرا قطعہ بھی اس پیش گوئی سے جوڑا جاتا ہے، وہ مزید کہتا ہے ''اسکاٹ لینڈ جب برف سے ڈھک جائے گا تو برطانوی حکومت کو امریکہ کی پشت پناہی حاصل ہوگی، اس زمانے میں سرخ لوگوں کا سربراہ ایک ایسا عیسائیت دشمن شخص ہوگا جو سب کو جنگ کے جہنم میں دھکیل دے گا''

اس قطعے کو دوسری عالمی جنگ کے تناظر میں بھی دیکھا جا سکتا ہے کہ برطانیہ کو امریکہ کی پشت پناہی حاصل ہوئی اور اسٹالن سخت مذہب دشمن روسی حکمران تھا، آگے چل کر وہ کہتا ہے ''یہ عیسائیت دشمن شخص تین ملکوں کو ہڑپ کر جائے گا اور جس جنگ کا وہ آغاز کرے گا، وہ ستائیس برس جاری رہے گی، دشمن مار دیے جائیں گے اور قیدی ملک بدر کر دیے جائیں گے، انسانی خون دریاؤں کا پانی سرخ کر دے گا اور زمین چھلنی ہو جائے گی''

اسی تناظر میں وہ دیگر قطعات بھی ہیں جن کا ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں جن میں مسلمانوں اور زرد اقوام کے اتحاد اور مسلمان رہنما وغیرہ کا تذکرہ ہے۔

ناسٹراڈیمس کے شارحین ابھی تک یہ سمجھنے سے قاصر ہیں کہ مسلمان رہنما کون ہوگا اور کس ملک سے اس کا تعلق ہوگا، ان کی نظریں عام طور پر عرب ممالک کے بعض سربراہوں کی طرف اٹھتی رہی ہیں مثلاً صدام حسین وغیرہ لیکن ایسا سربراہ جس کے بارے میں وہ کہتا ہے کہ مسلمان اور زرد اقوام متحد ہو جائیں گے اور ساری دنیا مسلمانوں سے خوف کھائے گی اور ان کی دہشت سے لرزاں ہوگی اور وہ عرب کی دولت مند سرزمین سے اٹھے گا، اسپین پر حملہ کرے گا، غرناطہ فتح کرے گا اور اٹلی کے کچھ علاقے بھی اس کے قبضے میں چلے جائیں گے، اس جنگ میں دو طاقتیں متحد ہو کر مشرق کے خلاف لڑیں گی، چالیس برس تک قوس قزح آسمان پر قائم رہے گی، تڑخی ہوئی زمین بالکل ہی سوکھ جائے گی، اس کے بعد ایک مہیب سیلاب نمودار

ہوگا وغیرہ وغیرہ۔

ہمارا خیال ہے کہ ناسٹراڈیمس کی یہ پیش گوئی ابھی تک پوری نہیں ہوئی' ممکن ہے اس کی ابتداء ہو چکی ہو' مغرب میں مسلم جہادیوں کا خوف نائن الیون کے بعد سے پیدا ہوا ہے اور اہل مغرب مسلسل اس حوالے سے تشویش میں مبتلا ہیں لیکن ابھی تک کسی ایسے مسلم رہنما کا ظہور نہیں ہوا ہے جو اسپین پر حملہ کرے یا اٹلی کے علاقوں پر قبضہ کرلے' حالیہ دنوں میں داعش نامی تنظیم سامنے آئی ہے جس نے خلافت اسلامیہ کے قیام کا اعلان کیا ہے اور امریکہ اس کے خلاف سرگرم عمل ہو چکا ہے' بہر حال داعش کے سربراہ کو بھی ناسٹراڈیمس کا مسلمان رہنما قرار نہیں دیا جاسکتا' یقیناً ایسا کوئی رہنما مستقبل میں شاید سامنے آجائے۔

جس نوعیت کی طویل جنگ کی طرف اشارہ ہے جو مشرق اور مغرب کے درمیان لڑی جائے گی' ممکن ہے ایسی جنگ قرب قیامت سے پہلے حضرت امام مہدیؑ کی قیادت میں لڑی جائے کیوں کہ فی الحال تو دور دور تک ایسی کسی جنگ کے آثار نظر نہیں آتے۔

ایک دلچسپ بات یہ بھی ہے کہ ناسٹراڈیمس اپنی پیش گوئیوں میں یہودیوں کے بارے میں کچھ نہیں کہتا حالانکہ یہودی بھی پوری دنیا میں اپنی حکومت قائم کرنے کے خواب دیکھتے ہیں' وہ جس زمانے میں پیدا ہوا' یہودیوں کو اسپین سے نکالا جا چکا تھا اور وہ ترکی میں پناہ لے رہے تھے' اس کی زندگی میں ترک سلطنت یورپی ممالک کے لیے ایک بہت بڑا خطرہ بن گئی تھی' ترک سلطان سلیمان ذیشان نے اس کی زندگی ہی میں عروج حاصل کیا' ہنگری کو فتح کیا اور جرمنی پر اس کے حملے جاری رہے' فرانس اور اسپین کے بادشاہوں سے بحری اور بری جنگیں اس کی زندگی ہی میں لڑی گئیں لیکن اس کی پیش گوئیوں میں سلطان سلیمان کی فتوحات اور عیسائی حکمرانوں کی مسلسل شکست کے بارے میں کچھ نہیں ملتا' ہمارے خیال میں ایسا ممکن نہیں ہے کہ ایک شخص اپنے عہد اور بعد کے عہد حتیٰ کہ بیسویں صدی تک کے بارے میں پیش گوئیاں کرے لیکن اس حکومت یا بادشاہ کا ذکر تک نہ کرے جو اس کے دور میں تین براعظموں پر حکمران تھا' یقیناً اس کے عیسائی مترجمین اور شارحین نے مسلمان سلطان کے بارے میں اس کی پیش گوئیوں کو نظر انداز کیا ہوگا۔

ترک سلطانوں یعنی آل عثمان سے عیسائی مورخین ہمیشہ نالاں رہے ہیں' ان کے کارناموں کو بیان کرتے ہوئے خاصی ناک بھوں چڑھاتے ہیں' وہ اس زخم کو بھی نہیں بھولتے جو سلطان محمد فاتح نے قسطنطنیہ (موجودہ استنبول) کو فتح کر کے عیسائی دنیا کو لگایا تھا، رومن امپائر کا خاتمہ کیا اور در حقیقت یورپ کو روند ڈالا تھا۔

سلطان سلیمان خلافت عثمانیہ کا آخری طاقت ور حکمران تھا' اس کے بعد ترک سلطنت کا زوال شروع ہوگیا مگر ناسٹراڈیمس کی دستیاب پیش گوئیوں میں اس کے اپنے دور کے اس عظیم حکمران اور ترکوں کی عظیم الشان فتوحات کے بارے میں کوئی پیش گوئی نہیں ملتی۔

1550ء میں جب اس نے اپنی پیش گوئیوں کی پہلی جنتری شائع کی تو تمام یورپی ممالک ترک سلطان کی یلغار سے خوف زدہ تھے اور عیسائی دنیا اس کے سامنے سرنگوں تھی' اسی طرح اس زمانے میں عیسائی دنیا مارٹن لوتھر کی قیادت میں ایک بڑے انقلاب سے دوچار ہوئی' مارٹن لوتھر نے کیتھولک چرچ کے خلاف آواز اٹھائی جس کے نتیجے میں عیسائیوں کا ایک نیا فرقہ وجود میں آیا' یہ اس کی زندگی میں پیش آنے والے واقعات ہیں جن کے بعد ازاں دور رس نتائج سامنے آئے' اس حوالے سے بھی ہمارا قیاس یہی ہے کہ پیش گوئیوں کے اصل مسودے کے بعض حصے متعصب عیسائی شارحین یا مترجمین نے چھوڑ دیے یا ضائع کردیئے' واللہ اعلم بالصواب۔

برتھ چارٹ ناسٹراڈیمس

ہم یہاں اپنے قارئین اور دیگر علم نجوم سے دلچسپی رکھنے والے افراد کی خاطر ناسٹراڈیمس کا برتھ چارٹ پیش کر رہے ہیں جو ویدک سسٹم کے مطابق تیار کیا گیا ہے' عام طور پر ناسٹراڈیمس کی تاریخ پیدائش 14 دسمبر 1503ء مستند سمجھی جاتی ہے بعض لوگوں نے 24 دسمبر بھی لکھی ہے' ہمارے خیال میں

بھی 14 دسمبر ہی درست ہے، اس کے مطابق ناسٹراڈیمس کی شخصیت، خوبیاں، خامیاں اور حالات زندگی درست ظاہر ہوتے ہیں۔

برتھ چارٹ میں برج حوت کے 16 درجہ 32 دقیقے طلوع ہیں ' پُراسرار راہو طالع کے درجات سے حالت قران میں ہے' چوتھے گھر میں سعد مشتری اور نحس زحل کا قران ہو رہا ہے جو پیشہ ورانہ دل چسپیاں علوم خفیہ سے ظاہر کرتا ہے، چوتھے گھر میں اس قران کی موجودگی موروثی اور خاندانی طور پر پیدائشی صلاحیتوں کی نشان دہی کر رہی ہے۔

سیارہ مریخ پانچویں گھر میں اپنے برج ہبوط میں ہے' کیتو ساتویں گھر میں ہے اور گیارھویں گھر میں موجود زہرہ سے تثلیث کی نظر بنا رہا ہے' پانچویں گھر کا حاکم قمر آٹھویں گھر میں، کمزور ہے' شمس اور عطارد دسویں گھر میں حالت قران میں ہیں' گویا عطارد غروب ہے' اس قران کا اثر زائچے میں نحس اثر رکھتا ہے' عطارد چوتھے اور ساتویں گھر کا حاکم ہے' مریخ بھی کمزور ہے جو فیملی اور حیثیت کے گھر کا حکمران ہے' لہٰذا خاندانی حالات پیدائش کے بعد اطمینان بخش نہ تھے جس کی وجہ سے تعلیمی ذمہ داریاں نانا اور دادا کو اٹھانا پڑیں' راہو کیتو محور پہلے اور ساتویں گھر کے درجات سے قران کر رہا ہے' ازدواجی خوشیوں کا نمائندہ زہرہ بھی کیتو کی منحوس نظر کا شکار ہے چنانچہ پہلی بیوی کی جلد ہی موت واقع ہوگئی' زہرہ زائچے کے آٹھویں موت کے گھر کا حاکم ہے اور پانچویں' گیارھویں گھر کے درجات سے کامل قران رکھتا ہے جو خوشیوں اور اولاد کا گھر ہے' بیوی کے ساتھ بچے بھی طاعون کی وبا کا شکار ہو کر مر گئے' پھر ایک طویل عرصے تک اس نے شادی نہیں کی' دوسری شادی تقریباً 44 سال کی عمر میں ایک مالدار بیوہ سے ہوئی۔

طالع برج حوت اور راہو سے متاثر ہونے کا صاف مطلب یہ ہے کہ وہ پُراسرار علوم کی جانب راغب ہوا' برج حوت ایک روحانی برج ہے اور راہو کا اثر غیب دانی کی صلاحیت پیدائشی طور پر دے رہا ہے' یہ لوگ غیر معمولی تخلیقی اور وجدانی صلاحیتوں کے حامل ہوتے ہیں' اکثر انہیں خود اپنی وجدانی قوت کا علم ہی نہیں ہوتا' راہو کا تعلق بھی دھوکے اور فراڈ کے علاوہ سحر و جادو اور ماورائی اثرات سے ہے' راہو زائچے میں طالع کے درجات' نویں گھر کے درجات اور پانچویں گھر کے درجات سے قران کرے یا ان گھروں کے حاکموں سے حالت قران میں ہو تو مستقبل بینی کی صلاحیت سے نوازتا ہے لیکن یہ صورت حال مشروط ہے اگر خاکی برجوں میں یہ صورت حال ہو تو ایسا شخص فراڈیہ یا جرائم پیشہ بھی ہو سکتا ہے' کیوں کہ یہ برج مادیت کا رجحان رکھتے ہیں' سرطان' عقرب اور حوت روحانی بروج ہیں' وجدانی صلاحیتوں کے حامل ہیں۔

ابتدا ہی سے ناسٹراڈیمس علوم خفیہ میں دلچسپی لینے لگا تھا' میڈیکل کے شعبے میں بھی اس کا رجحان روایات کے خلاف نئی تحقیق و تفتیش کی جانب رہا' علوم خفیہ سے دلچسپی کے باعث وہ فرانس کے علاوہ دیگر ممالک کے کتب خانوں کی خاک بھی چھانتا رہا اور 1547ء میں جب دوبارہ فرانس آ کر اس نے سالون میں رہائش اختیار کی تو پیش گوئیاں شروع کر دیں اور لوگوں میں مقبول ہوتا چلا گیا۔

زائچے کا دلچسپ پہلو یہ ہے کہ مشتری جو عقل و دانش اور علم کا ستارہ ہے زائچے میں بارھویں گھر کے حاکم زحل کے ساتھ قران کر رہا ہے' عام طور پر یہ صورت حال اکیڈمک تعلیم میں مروجہ طور طریقوں سے بغاوت کا اظہار ہے' ایسے بچے بہت اچھے اسٹوڈنٹ نہیں ہوتے' بعض کا تعلیمی سلسلہ مختلف وجوہات کی بنیاد پر منقطع ہو جاتا ہے' ذہانت کا نمائندہ عطارد غروب ہے اور چھٹے گھر کے حاکم شمس کے ساتھ قران کی وجہ سے کسی حد تک بدمزاجی اور اختلاف رائے کا رجحان پیدا کر رہا ہے' ایسے افراد دوسروں سے اختلافات اور تنازعات کی وجہ سے اپنی دنیا الگ بناتے ہیں اور عام طور پر تنہائی کا شکار ہو جاتے ہیں۔

پانچواں گھر زندگی کی خوشیوں' اولاد' شعور سے متعلق ہے' اس کا حاکم آٹھویں گھر میں وشاکھا نچھتر میں ہے جس کا حاکم مشتری ہے جو علم و دانش کا ستارہ ہے اور بارھویں گھر کے حاکم زحل سے حالت قران میں ہے

لہٰذا مروجہ علوم سے ہٹ کر نئے رجحانات کی جانب رغبت ظاہر ہوتی ہے خصوصاً باطنی علوم کی طرف۔

مجموعی طور پر زائچہ دنیاوی خوشیوں اور کامیابیوں کے لیے کمزور ہے لہٰذا ایک طویل عرصے تک اُسے سخت حالات میں زندگی بسر کرنا پڑی، بیوی بچوں کی موت کا صدمہ برداشت کرنا پڑا، نتیجے کے طور پر اُس نے دنیا سے فرار کا راستہ اختیار کیا اور فرانس اور دیگر ممالک میں آوارہ گردی کرتا رہا، اپنے فطری رجحان کے مطابق علوم خفیہ کی تحقیق و جستجو میں مگن رہا۔

1547ء میں جب اُس کی عمر 44 سال تھی، وہ واپس آیا اور سالون میں قیام کر کے پیش گوئیاں شروع کیں، وہیں ایک دولت مند بیوہ سے شادی بھی کرلی، اُس زمانے میں ناسٹراڈیمس کے برتھ چارٹ میں کیتو کا دورِ اکبر (Main Period) جاری تھا، کیتو کو ایک روحانی جسم کہا جاتا ہے اور یہ روحانی شعور بھی دیتا ہے ''سنیاس یوگ'' میں بھی کیتو کی شرکت لازمی ہے، کیتو کے دورِ اکبر میں جب مشتری کا دورِ اصغر (Sub Period) شروع ہوا جو دسویں گھر کا حاکم ہے تو ناسٹراڈیمس کو غیر معمولی شہرت ملی اور فرانس کی ملکہ کیتھرین اُس کی طرف متوجہ ہوئی جس کی وجہ سے اسے بہتر طور پر سکون کے ساتھ کام کرنے کا موقع ملا اور مالی اور معاشی حالات بھی بہتر ہوئے، وہ اپنی موت تک شہر سالون ہی میں مقیم رہا۔

اپنی موت کے سال کی نشان دہی اُس نے اپنے ایک قطعے میں پہلے ہی کردی تھی اُس نے لکھا ''وہ یعنی ناسٹراڈیمس جب بادشاہ کے پاس سے واپس آئے گا تو وہ بادشاہ سے ملنے والے تحفے احتیاط سے رکھے گا اور اُس کے بعد وہ اپنے اہلِ خانہ، افرادِ خاندان اور دوستوں کے درمیان ختم ہوجائے گا، وہ اسے اس کے بستر پر مردہ پائیں گے''

اس پیش گوئی کا تذکرہ اُس نے اپنے بیٹے کے نام ایک خط میں بھی کیا ہے، اسے فرانس کے بادشاہ نے 300 اشرفیاں دی تھیں، وہ جب اس شاہی تحفے کو لے کر آیا تو انہیں اُس نے احتیاط سے رکھ دیا، بعد میں وہ سو گیا اور ختم ہوگیا، صبح بستر پر اس کی لاش ملی۔

مندرجہ بالا پیش گوئی لکھنے کے بعد اُس نے ایک چھوٹی سی پیتل کی تختی بھی تیار کروائی تھی جس پر 1700ء کندہ کیا گیا تھا، اس نے اپنے لواحقین کو یہ وصیت کی تھی کہ جب اسے دفنایا جائے تو یہ تختی اُس کے سینے پر رکھ دی جائے لہٰذا اُس کی وصیت پر عمل کیا گیا اور اُسے دفن کردیا گیا، وقت گزرتا رہا اور لوگ اس کو بھول بھال گئے۔

اُس کی موت کے تقریباً 134 برس بعد 1700ء میں سالون کے لوگوں نے یہ فیصلہ کیا کہ اس کا تابوت نکال کر کسی زیادہ نمایاں جگہ پر دفن کرنا چاہیے، اس عرصے میں اس کی شہرت دور دراز کے علاقوں میں پھیل گئی تھی، اُس کی بعض پیش گوئیاں دُرست ثابت ہوئی تھیں لہٰذا وہ لوگوں میں ایک پُراسرار اور مافوق الفطرت شخص کی حیثیت اختیار کرچکا تھا، یہ طے کیا گیا کہ اُس کے شایانِ شان اس کا مقبرہ تعمیر ہونا چاہیے چناں چہ اس کا تابوت نکالا گیا، بعض لوگوں کو یہ خواہش ہوئی کہ تابوت کھول کر دیکھنا چاہیے، بعض ضعیف الاعتقاد لوگوں کا خیال تھا کہ وہ کوئی ولی اللہ یا پہنچا ہوا بزرگ تھا، اس لیے اُس کی لاش صحیح سلامت ہونی چاہیے۔

تابوت کھولا گیا تو اُس کی کرم خوردہ اور خستہ ہڈیاں لوگوں کے سامنے تھیں اور ان ہڈیوں کے درمیان پیتل کی ایک چھوٹی سی تختی بھی تھی جو سیاہ پڑ چکی تھی، اسے صاف کیا گیا تو اس پر 1700ء کے اعداد صاف پڑھے جانے لگے اور اس طرح اس کے معتقدین کو ایک اور جھٹکا لگا، ایک بار پھر اپنی موت کے 134 سال بعد اُس نے خود کو ایک عظیم پیش گو ثابت کردیا تھا اور یہ بھی ثابت کردیا تھا کہ وہ صرف اپنی موت کے سال سے ہی آگاہ نہ تھا بلکہ یہ بھی جانتا تھا کہ اس کا تابوت کب کھود کر نکالا جائے گا۔

پیش گوئی کے میدان میں یقیناً وہ ایک ممتاز حیثیت کا حامل ہے لیکن جیسا کہ ہم نے ابتدا میں عرض کیا تھا کہ اُس کی پیش گویانہ صلاحیت ایسٹرولوجی یا کسی اور دنیاوی علم کی بدولت نہیں تھی بلکہ وہ ایک کاہن تھا، اُس کی باطنی صلاحیت اور وجدانی قوت اس کی مددگار تھی، اس کا برتھ چارٹ بھی اس بات کی تصدیق کرتا ہے۔

"لکی نمبرز انعام آئینہ قسمت میں 2015ء" میں سے ایک صفحہ

2015ء اسلامی تقویم — اسلامی دنیا میں مسلم مفکرین و منجمین کی یاد میں شائع ہے

فروری 2015ء کیلئے پرائز بانڈز خریدنے کی تواریخ بمعہ اوقات

البیرونی تقویم 2015ء

2015ء کیسا گزرے گا، کاروبار، آمدن، ترقی، صحت اور ملازمت وغیرہ

انعام کی نمبرز آئینہ قسمت میں شائع ہو گئی ہے

قیمت: -/200 روپے

ازافادات: شہزادہ سید مصور علی زنجانی

انعام کی نمبرز آئینہ قسمت میں

1	4
(5)	
8	9

تاریخ: 02-02-2015
دن: پیر
شہر: ملتان۔کراچی
مالیت بانڈ: -/25000 , -/7500

0	2
(3)	
4	6

تاریخ: 16-02-2015
دن: پیر
شہر: فیصل آباد۔پشاور
مالیت بانڈ: -/1500 , -/100

نمبر شمار	تاریخ	نیک وقتِ خریداری
1	2 فروری 2015ء	دوپہر 14 بجکر 15 منٹ سے لے کر دوپہر 15 بجکر 05 منٹ تک
2	5 فروری 2015ء	صبح 10 بجکر 20 منٹ سے لے کر صبح 11 بجکر 15 منٹ تک
3	10 فروری 2015ء	سہ پہر 15 بجکر 19 منٹ سے لے کر سہ پہر 16 بجکر 30 منٹ تک
4	20 فروری 2015ء	صبح 09 بجکر 20 منٹ سے لے کر صبح 10 بجکر 10 منٹ تک
5	24 فروری 2015ء	شام 16 بجکر 05 منٹ سے لے کر شام 17 بجکر 15 منٹ تک

سکندر مقدر کا

ازتحریر: اقبال غنی ہری پور ہزارہ

دوستو! آداب۔ آپ سب دوستوں کا یاد رکھنے کا شکریہ۔ یہ سب اللہ کی مہربانی اور آئینہ قسمت کی بدولت ہے اور سید مصور علی زنجانی صاحب مبارک باد کے مستحق ہیں۔ جن کی کوششوں سے سب کچھ ممکن ہو رہا ہے۔ آپ تمام دوستوں کے لیے بانڈ -/7500 اور -/1500 کی ڈبی حاضر ہے۔ آگے مقدر کا سکندر کون بنتا ہے، یہ تو اللہ رب العزت ہی جانتا ہے، کیونکہ دلوں کے بھید وہ خوب ہی جانتا ہے۔

تاریخ: 02-02-2015
دن: پیر
شہر: ملتان
بانڈ: -/7500

F			S
29	3	8	05
09	(6)		76
59	4	9	22
79			69

اوپن	2 - 5 - 0 - 7
فسٹ	297 - 096 - 594 - 792
سیکنڈ	057 - 767 - 224 - 691
سیکنڈ	221 - 581 - 685 - 474

تاریخ: 16-02-2015
دن: پیر
شہر: فیصل آباد
بانڈ: -/1500

F			S
27	4	0	42
47	(0)		61
37	5	6	66
97			70

اوپن	2 - 4 - 3 - 9
فسٹ	275 - 474 - 375 - 975
سیکنڈ	426 - 616 - 667 - 706
سیکنڈ	125 - 314 - 541 - 825

PRIZE BOND LUCKY NUMBERS

تاریخ: **02-02-2015**
دن: پیر
شہر: ملتان۔کراچی
مالیت بانڈ: **25000/- , 7500/-**

23	07
63	20
41	94
89	28

تاریخ: **16-02-2015**
دن: پیر
شہر: فیصل آباد۔پشاور
مالیت بانڈ: **100/- , 1500/-**

37	72
62	03
48	91
49	12

	0	1	2	3	4	5	6	7	8	9	[illegible]	
0			02			05			08		024	059
1	10			13			16			19	103	162
2		21			24			27		29	214	296
3	30	31		33		35		37		39	314	372
4			42		44		46	47			424	467
5	50					55			58	59	559	586
6		61			64					69	610	694
7			72			75	76		78		728	756
8	80			83				87			806	873
9		91		93	94			97			915	978

خصوصی عزیمت رجعت ونحوست سیارگان

یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا حَافِظُ یَا نَاصِرُ یَا مُعِیْنُ یَا شَافِیُ یَا کَافِیُ یَا قَادِرُ یَا کَرِیْمُ بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ بِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ اَحْفِظْنِیْ مِنَ النَّحُوْسَتْ اَلشَّمْسُ وَالْقَمَرِ وَالْمُشْتَرِیْ وَالزُّحَلِ وَالزُّھْرَہ وَالْعَطَارِدْ وَالْمَرِیْخِ وَالرَّاسِ وَالذَّنَبِ بِحَقِّ یَا اللّٰہُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ یَا لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ۝ اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی سا بھی درود شریف پڑھ لیں- بچوں کیلئے والدین بھی پڑھ سکتے ہیں- اگر آپ مندرجہ بالا عزیمت کو صرف 9 بار روزانہ پڑھنا اپنا معمول بنالیں تو پھر کسی سیارے کی نحوست آپکے قریب نہ آئیگی- میری طرف سے آپکو اس عمل کی عام اجازت ہے- **دعا گو عامل شاہ زنجانی**

جن قارئین کو اپنی صحیح تاریخ پیدائش یاد نہیں وہ برج دو طرح سے معلوم کر سکتے ہیں- ایک نام کے پہلے حرف سے اور دوسرا حروف ابجد سے- پھر تحقیق کریں کہ برج کا احوال ان پر صحیح بیٹھتا ہے-

پہلا طریقہ آپکے نام نامی میں جو پہلا حرف ہے اسی سے برج بنتا ہے- ذیل میں دیئے گئے بارہ بروج میں سے اپنے نام کا پہلا حرف تلاش کر کے پہلے برج معلوم کریں پھر اسی برج کے تحت نیک و بد حالات ملاحظہ فرمائیں- ساتھ ہی اپنا ستارہ اور برج معلوم کر کے ادارہ آئینہ قسمت سے مفت مشورہ بذریعہ کوپن لے کر نگینہ پہنیں-

دوسرا طریقہ اگر خدانخواستہ نام برج سے آپ کے حالات درست نہ آتے ہوں تو اس طریقہ سے اپنے نام کا برج معلوم کریں- اپنا مکمل نام اور اپنی والدہ کے نام کے حروف ابجد قمری سے اعداد نکالیں اور ان کو بارہ پر تقسیم کریں- اگر باقی 1 بچے تو برج حمل ہے- اگر 2 باقی بچے تو ثور- 3 بچے تو جوزا- 4 بچے تو سرطان- 5 بچے اسد 6 بچے تو سنبلہ- 7 بچے تو میزان- 8 بچے تو عقرب- 9 بچے تو قوس- 10 بچے تو جدی- 11 بچے تو دلو اور اگر 0 باقی بچے تو برج حوت ہوگا-

نوٹ صحیح تاریخ پیدائش معلوم ہو تو ان قواعد کو نظر انداز کر دیں-

حروف ابجد قمری										
	ا	ب	ج	د	ہ	و	ز	ح	ط	ی
	1	2	3	4	5	6	7	8	9	10
	ک	ل	م	ن	س	ع	ف	ص	ق	ر
	20	30	40	50	60	70	80	90	100	200
	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ		
	300	400	500	600	700	800	900	1000		

آپکا ماہ فروری 2015 کیسا رہے گا

astrology february

فہرست

astrology for february

ARIES

حمل

21 March – 20 April

ستارہ: مریخ
حروف: ا، ل، ع
دن: منگل
عدد: 9
رنگ: سرخ یا قرمزی
پتھر: یاقوت، مرجان، سرخ عقیق، ہیرا

Element: Fire
Ruling Planet: Mars
Symbol: The Ram
Your Stone: Ruby
Life Pursuit: The thrill of the moment.
Secret Desire: To lead the way for others.

آپ کا حاکم ستارہ مریخ کیم تا 20 فروری بارھویں رہتے ہوئے اخراجات میں اضافہ کے علاوہ حاسدین کی طرف سے امور بھی خاص توجہ کے حامل ہوں۔ جبکہ 21 تا 28 فروری مریخ طالع میں رہتے ہوئے حالات میں کافی حد تک سدھار اور رکے ہوئے معاملات کا آغاز ہو سکے، سوچ میں مثبت پہلو نمایاں ہوں۔ 6,5 فروری اور 20,19 فروری تیسرے چھٹے حاکم عطارد سویں کے حاکم زحل سے تسدیس بنائے گا، جس سے اہم کاروباری سفر اور والد و اساتذہ کے ساتھ تعلقات مستحکم رہیں، تجربات کا تبادلہ فائدہ مند ثابت ہو، بہن بھائی سنجیدگی سے کئی ایک امور میں تعاون فراہم کر سکیں۔ 23,22 فروری زہرہ مریخ قران کے باعث گھریلو تزئین و آرائش کی طرف توجہ بڑھے اور صحت مند تفریح سے لطف اندوز ہوں۔ 27,26 فروری مریخ زحل تثلیث سے جذبات و غصے کے علاوہ صورتحال پر کنٹرول حاصل کرنے کی قابلیت بڑھے، زندگی میں نظم و ضبط کی خواہش رہے اور معاملات کو منطقی انجام تک پہنچانے کے لیے کاوشیں۔

پہلا ہفتہ: جو لوگ عرصہ دراز سے اپنا گھر بنانے کی جدوجہد کر رہے ہیں، اپنا گھر بنانے میں کامیاب ہو سکیں گے۔ حصول زر کے لیے بہترین ایام ہیں۔ آپ کو کوئی بھاری ذمہ داری سونپی جانے کا امکان ہے۔ کاروبار توجہ طلب رہے گا۔ صحت میں قدرے بہتری آ سکے گی۔ دوستوں سے فائدہ کا حصول ممکن ہو سکے گا۔ شریک رفیق سے تعلقات مستحکم رہیں گے۔ حالات سازگار رہ سکیں۔

دوسرا ہفتہ: بہن بھائیوں سے تعلقات بہتر رہیں گے اور کوئی مالی فائدہ پہنچ سکے گا۔ شریک حیات سے بہتری کی امید کی جا سکتی ہے۔ اس وقت آپ اپنی اور شریک کار کی خواہشات کو پورا کر سکیں گے۔ سفر پیش آ سکتا ہے جو کہ فائدہ مند رہے۔ روپے پیسے کے معاملات میں ترقی حاصل کر سکیں گے۔ سماجی معاملات میں غیر ضروری اخراجات کرنے سے پرہیز کریں۔

تیسرا ہفتہ: عزیز و اقارب سے تعلقات میں بہتری پیدا ہوگی۔ گھریلو معاملات میں مصروفیات بڑھیں گی۔ مشترکہ طور پر کام کرنا بہتر ہوگا۔ جائیداد کے معاملات آپ کی دلچسپی کا باعث بنیں گے۔ رومانس کا کسی بھی وقت آغاز ہو سکتا ہے۔ بچوں کی صحت کے معاملات توجہ طلب ہوں گے۔ آپ کی صحت کے متاثر ہونے کا اندیشہ ہے، محتاط رہیں۔ ماتحت کام کرنے والوں کی نگرانی کریں ورنہ ان کی غفلت سے آپ کو ذہنی کوفت ہو سکتی ہے۔

چوتھا ہفتہ: شراکتی معاملات احتیاط طلب رہیں گے۔ شادی شدہ افراد کو چاہیے کہ ایک دوسرے پر اعتماد کا رشتہ استوار کریں اور کسی دوسرے کو اپنے معاملات میں دخل اندازی کا موقع نہ دیں۔ اہم امور میں سوچ سمجھ کر فیصلہ کریں۔ بزرگوں سے مشورہ کر لیں تو بہتر ہے۔ بیرون ملک سفر ہو سکتا ہے۔ حلقہ احباب میں وسعت ہو۔ کسی پرانے دوست سے ملاقات کا امکان ہے۔ علمی و ادبی اور سوشل مصروفیات میں اضافہ ہوگا۔ مخالفین پر آپ کا غلبہ بڑھے اور آپ کی پوزیشن بہتر ہو سکے گی۔

سعد تواریخ: 24، 25، 26، 27 فروری **نحس تواریخ**: 3، 4، 5، 6، 9 فروری

TAURUS

ثور

21 April – 21 May

ستارہ: زہرہ
حروف: ب - و
دن: جمعہ
عدد: 6
رنگ: ہلکا نیلا یا سبز
پتھر: اوپل، سبز پکھراج

Element: Earth
Ruling Planet: Venus
Symbol: The Bull
Your Stone: Emerald
Life Pursuit: Emotional and financial security.
Secret Desire: To have a secure, happy and wealthy life/ marriage.

آپ کا حاکم ستارہ زہرہ کیم تا 20 فروری گیارھویں رہتے ہوئے خواہشات کی تکمیل ممکن بنائے اور مخلص حلقہ احباب کا ساتھ معاملات میں آسانی دلائے۔ 21 تا 28 فروری زہرہ بارھویں رہتے ہوئے حاسدین کے شر سے محفوظ رکھے لیکن اخراجات پر کنٹرول کی ضرورت رہے۔ کیم، 2 فروری زہرہ نیپچون قران سے عشق و محبت کے امور حساس لیکن سوچ میں دور اندیشی فائدہ بخشے، فلاحی کاموں میں رجحان عزت بڑھائے۔ 9,8 فروری زہرہ پلوٹو تسدیس کے باعث دوسروں سے وابستہ توقعات پوری ہوں اور شراکتی امور میں خاص مقاصد کے تحت فائدہ ملے۔ 23,22 فروری زہرہ مریخ قران سے رومانس اور تخلیقی امور میں بھرپور فائدہ جبکہ صحت میں بھی مثبت تبدیلی کے ساتھ ساتھ دوسروں سے رغبت بڑھے۔ 25,24 فروری زہرہ زحل تثلیث سے ڈپلومیسی، حالات کے مطابق مثبت فیصلے اور اہم کاروباری امور طے پا سکیں۔

پہلا ہفتہ: کسی پرانے مقدمے ہونے کا بھی امکان ہے۔ بعض خانگی الجھنوں سے واسطہ پڑ سکتا ہے، صبر و تحمل اور بردباری سے حالات کا مقابلہ کرنے سے انشاء اللہ حالات جلد آپ کے حق میں ہو جائیں گے۔ گاڑی چلاتے وقت احتیاط سے کام لیں، ایکسیڈنٹ کا خدشہ ہے۔ اگر آپ اعلیٰ تعلیم کے حصول سے پہلے عرصہ دراز سے کوشش کر رہے ہیں تو یہ وقت اعلیٰ تعلیم کے حصول کے لیے بیرون ملک سفر کا بہترین زمانہ ہے۔

دوسرا ہفتہ: آمدن کے سلسلہ میں کی گئی کوششیں کامیابی سے ہمکنار ہوں گی۔ بچت یا انشورنس کے کاموں میں حصہ لینا خوب رہے گا۔ عزیز و اقارب، رشتہ داروں سے تجدید مراسم ہو سکیں گے۔ بہن بھائیوں سے اختلاف کے سلسلے میں کی گئی کوششیں کامیابی سے ہمکنار ہو سکیں۔ ذہنی و تخلیقی صلاحیتیں اجاگر ہوں گی۔ کچھ لوگ پیشہ ورانہ کامیابیاں حاصل کر سکیں گے۔

تیسرا ہفتہ: اپنی صحت و خوراک و لباس کا خیال رکھیں۔ کچھ حاسدین افراد آپ کو دھوکہ دینے کی کوشش کریں گے۔ مگر وہ اس میں کامیاب نہ ہو سکیں گے۔ علمی و ادبی و رومانوی معاملات تقویت پائیں گے۔ رخنہ اندازیاں دور رہیں۔ جو افراد اپنے اساتذہ کا احترام کرتے ہیں وہ ان سے علم کے بے بہا خزانے پائیں گے۔ کام کاج کی زیادتی کے سبب آپ کی صحت جسمانی متاثر ہو سکتی ہے، احتیاط لازم ہے۔

چوتھا ہفتہ: ذاتی حیثیت و شخصیت میں اضافہ ہوگا۔ بااثر افراد سے ملاقات ہوگی۔ اخراجات میں اضافہ ہوگا، لہٰذا اسراف سے گریز کریں۔ شریک حیات یا شریک کار کے امور میں غلط فہمیوں کا پیدا ہونا پایا جاتا ہے۔ اگر آپ کسی قانونی مسئلہ میں الجھے ہوئے ہیں تو اپنے قانونی مشیر سے مسلسل رابطہ رکھیں۔ ڈرائیونگ کرتے وقت محتاط رہیں، اپنے غصے پر قابو رکھیں۔ جلد بازی میں کوئی بھی اہم فیصلہ نہ کریں۔ بیرون ملک سفر بحال رہے گا۔

سعد تواریخ: کیم، 2، 20، 21، 22، 23، 24، 25 فروری **نحس تواریخ**: 7، 8، 9 فروری

GEMINI

جوزا

22 May
21 June

ستارہ: عطارد
حروف: ق ک
دن: بدھ
عدد: 5
رنگ: پیلا یا ملے جلے
پتھر: عتیق سبز، زمرد، فیروزہ

Element: Air
Ruling Planet: Mercury
Symbol: The Twins
Your Stone: Aquamarine
Life Pursuit: To Explore a little bit of everything.
Secret Desire: To be ahead of the crowd.

آپ کا حاکم ستارہ عطارد تمام ماہ نویں رہتے ہوئے 12 فروری کے بعد سے مستقیم ہوگا، جس سے تعلیمی معاملات میں رکاوٹیں دور ہوسکیں اور کیریئر و کاروباری امور میں بھی حاسدین زیر ہوں، بیرون ملک سفر کوشش کرنے سے ممکن ہوسکے۔ 6,5 فروری اور 20,19 فروری عطارد زحل تسدیس سوچ میں پختگی، معاملات کو سنجیدگی سے حل کرسکیں اور مسائل کا مثبت و دیرپا حل نکلے۔ 23,22 فروری زہرہ مریخ قران سے خواہشات پوری ہوسکیں اور مخلص حلقہ احباب کا ساتھ، سماجی امور بھی خاص اہمیت کے حامل ہوں۔ 4 تا 25 فروری کے زہرہ زحل تثلیث کے باعث حالات کے مطابق اہم اور مستحکم فیصلے عمل میں آسکیں، کاروباری معاہدے، فرض شناسی اور ڈپلومیسی کامیاب کرے۔

پہلا ہفتہ: پیشہ ورانہ امور میں آپ کی دلچسپی بڑھے گی۔ کاروبار میں تعمیر و ترقی کا رجحان رہے گا۔ وسعت کام کے لیے مزید سرمایہ کاری کرنا خوب رہے گا۔ دوسروں سے اثر و رسوخ میں اضافہ ہوگا۔ سماجی اور سیاسی مصروفیات بڑھیں گی۔ مخلصین سے وابستہ اُمیدیں پوری ہوں گی۔ بعض نئے دوستوں سے تعلقات مزید مضبوط ہوں گے۔

دوسرا ہفتہ: التواء میں پڑے ہوئے خانگی امور کی تکمیل کی طرف رہے گا۔ بزرگوں اور بچوں کی صحت کا خیال رکھیں۔ ملازمت کرنے والے افراد روزمرہ مصروفیات میں اضافہ پائیں گے، ان کا رجحان بچت کی طرف رہے گا۔ شریک حیات سے تعاون کی اشد ضرورت ہوگی، جس سے گھریلو ماحول مزید خوشگوار ہوگا۔ بعض پرانی خواہشات جو پایہ تکمیل تک نہیں پہنچ رہی ہیں، اب پوری ہوجائیں گی۔

تیسرا ہفتہ: چند نئے دوست آپ کی زندگی میں داخل ہوں گے جو آپ سے مخلص رہیں گے۔ موسمی اثرات کے سبب لاپرواہی سے آپ کی صحت خدانخواستہ متاثر ہوسکتی ہے خواہ معمولی نزلہ و زکام ہی کیوں نہ ہو، اپنے ڈاکٹر سے فوراً مشورہ کریں۔ جلد بازی اور غصیلی طبیعت پر قابو رکھیں۔ ورنہ کسی اہم مسئلہ پر بگاڑ پیدا ہوسکتا ہے۔ حاسدوں پر غلبہ حاصل ہوگا، قانونی امور نظرثانی کے طالب ہوں گے۔

چوتھا ہفتہ: آمدن میں اضافہ کے لیے کی گئی کوششیں کامیابی سے ہمکنار ہوں گی۔ سفر کا پروگرام بن سکتا ہے۔ دوسروں سے اثر و رسوخ میں اضافہ ہوگا اور حلقہ احباب میں وسعت پیدا ہوگی۔ جو افراد نوکری کی تلاش میں ہیں ان کو نوکری مل جائے گی۔ شراکتی امور میں محتاط حصہ لیں۔ بعض نئی نئی شراکت داریاں عمل میں آئیں گی۔ ناخوشگوار خبر آپ کے لیے وقتی پریشانی کا باعث بن سکتی ہے، ہمت و حوصلہ سے کام لیں۔

سعد تواریخ: 4، 5، 6، 19، 21، 28 فروری   **نحس تواریخ**: 10 فروری

CANCER

سرطان

22 June
23 July

ستارہ: قمر
حروف: ح ہ
دن: پیر
عدد: 2
رنگ: دودھیا
پتھر: در نجف، سفید مرجان

Element: Water
Ruling Planet: The Moon
Symbol: The Crab
Your Stone: Moonstone
Life Pursuit: Constant reassurance and intimacy.
Secret Desire: To feel safe (emotionally, spiritually, romantically and financially).

آپ کا حاکم قمر 25,24 فروری شرفی درجات سے گزرتے ہوئے اس دوران کئی ایک درپیش مسائل و مشکلات کا خاتمہ ممکن بنائے اور حالات میں راحت بخشے۔ 6,5 فروری 20,19 فروری عطارد زحل تسدیس سے سفر کا فائدہ مند، حاسدین اپنے بد ارادوں میں ناکام ہوسکیں اور مشترکہ نوعیت کے کام فائدہ مند رہیں، مسائل کا حل سنجیدگی سے نکل سکے۔ 23,22 فروری زہرہ مریخ قران سے مشترکہ نوعیت کے امور اور شراکتی امور میں توجہ بڑھے اور زمین جائیداد کے امور میں والد کی شفقت رہے۔ 27,26 فروری مریخ زحل تثلیث سے کاروباری امور میں حقیقت پسندی اور تجربات سے مالی فوائد کا حصول ممکن ہوسکے۔

پہلا ہفتہ: بیرون ملک روابط بڑھیں گے۔ بیرون ملک جانے کے خواہشمند افراد باہر جاسکیں گے۔ بعض افراد کو مقدس مقامات کی زیارت نصیب ہوگی۔ طبیعت میں روحانی عنصر غالب رہے گا۔ جس سے آپ سکون محسوس کریں گے۔ ایسے افراد جو شادی کے خواہشمند ہیں ان کی زندگی میں شادی یا منگنی کی صورت میں ازدواجی عنصر داخل ہوگا۔ پیشہ ورانہ کامیابیاں حاصل کرنے میں سعد ایام ہوں گے۔

دوسرا ہفتہ: بزرگ مخلص احباب سے مشاورت کرنا بھی خوب رہے گا۔ دوسروں سے وابستہ اُمیدیں پوری ہوں گی۔ شریک حیات سے آپ کے اچھے تعلقات ظاہر کررہا ہے اور کاروباری شریک کے ساتھ بہتری بھی نظر آرہی ہے۔ اس وقت کوئی نیا کاروباری منصوبہ شروع کرنا بھی بہتر ثابت ہوگا اور ہوسکتا ہے کہ کوئی باہر کی کمپنی آپ کے ساتھ تجارتی مراسم بنانا چاہے اس وقت سے فائدہ اُٹھائیں۔

تیسرا ہفتہ: پیشہ ورانہ ترقی کے لیے سعد ایام ثابت ہوسکتے ہیں۔ ذاتی اثر و رسوخ میں اضافہ ہوگا۔ بزرگوں سے مفادات کا حصول ہوگا۔ دوسروں سے میل جول میں اضافہ ہوگا۔ سوشل، سماجی اور سیاسی کاموں میں حصہ لینے کے مواقع ملیں گے۔ کاروبار میں تعمیر و ترقی کا رجحان رہے گا۔ ذاتی حیثیت و شخصیت میں اضافہ ہوگا۔ رکاوٹیں دور ہوں گی۔ آپ کو اپنے نظریات و خیالات دوسروں کے سامنے پیش کرنے کا موقع ملے گا۔

چوتھا ہفتہ: آپ اپنے مستقبل کو درخشاں بنانے کے لیے بعض عملی اقدام اُٹھائیں گے۔ آمد میں اضافے کے لیے کی گئی کوششیں کامیابی سے ہمکنار ہوں گی۔ قرض لینے یا دینے سے اجتناب کریں۔ ترجیحی احباب سے اور بہن بھائیوں سے تعلقات خوشگوار ہوسکیں گے۔ علمی و ادبی محافل میں شرکت کے مواقع ملیں گے۔ بعض افراد کا سیاست کی طرف رجحان رہے گا۔ زمین و جائیداد کی خرید و فروخت کے سلسلے میں یہ ایام سعد ثابت ہوں گے۔

سعد تواریخ: 20، 21، 22، 23، 24، 26، 27 فروری   **نحس تواریخ**: 6، 7، 25 فروری

LEO

اسد

24 July – 23 August

ستارہ: شمس
حروف: م
دن: اتوار
عدد: 1
رنگ: سنہرا، گولڈن
پتھر: یاقوت، ہیرا

Element: Fire
Ruling Planet: The Sun
Symbol: The Lion
Your Stone: Peridot
Life Pursuit: To lead the way.
Secret Desire: To be a star.

آپکا حاکم شمس یکم تا 18 فروری آٹھویں رہتے ہوئے وراثتی وکلیم، انشورنس کے امور کے علاوہ قانونی معاملات میں بھی دلچسپی لیتے ہوئے معاملات کو احسن طریقے سے انجام دے سکیں۔ 19 تا 28 فروری شمس نویں رہتے ہوئے اعلیٰ تعلیم کے حصول کی لگن، روحانیت میں خاص دلچسپی بڑھے، دوسروں کے ساتھ خاص مقاصد کے تحت مشاورت ومشترکہ امور بھی فائدہ مند ہوں۔ 7,6 فروری شمس مشتری مقابلہ خود اعتمادی میں زیادتی سے محتاط رہیں، دوسروں سے رائے لینا بہتر ثابت ہو، مثبت حکمت عملی کی ضرورت رہے۔ 24,23 فروری شمس زحل تربیع کے باعث مسائل، رکاوٹیں، ڈپریشن، مخلص رفیق کی ضرورت رہے اور فیصلے کرتے وقت مشاورت ضرور کریں۔ 27,26 فروری شمس نیپچون قران سے اخراجات پر کنٹرول کی ضرورت رہے، صحت، جسمانی توجہ طلب، تزئین وآرائش میں توجہ بڑھے۔

پہلا ہفتہ : پرانے دوستوں سے ملاقات کا امکان ہے۔ ماتحت کام کرنے والوں پر نظر رکھیں ممکن ہے یہ آپ کو غیر ذمہ داری سے نقصان نہ پہنچا دیں، جس سے آپ کو ذہنی کوفت ہو۔ شریک حیات کی ضروریات کا خیال رکھنے سے گھریلو خوشیوں میں اضافہ ہوگا، شراکتی امور میں حصہ لینا بھی خوب رہے گا۔ قانونی امور بھی نظر ثانی کے طالب ہوں گے۔ جلد بازی میں کوئی اہم کام نہ کریں۔ ٹریفک میں خصوصاً محتاط رہیں۔

دوسرا ہفتہ : اخراجات کو کم کرنے میں زور دیں۔ حلقہ احباب میں وسعت ہوگی۔ مہمان نوازی کے مواقع ملیں گے۔ بیرون ملک سفر کے خواہشمند افراد کو باہر جانے کے لیے آسانیاں میسا ہوں گی۔ گھریلو امور میں اپنا زیادہ رجحان پائیں گے۔ بچت اور گھریلو اخراجات میں بچت پر زور دیا جا سکتا ہے۔ گھریلو امور میں ذہنی تھکاوٹ سے پریشانی کا خدشہ ہے۔ تفریحی پروگرام میں حصہ لینا بہتر رہے گا۔

تیسرا ہفتہ : رومانوی جذبات وخیالات اُبھریں گے۔ شادی کے معاملات طے کرنا بہتر نہیں ہے۔ اولاد کے بارے میں خوشخبری سننے کو ملے گی۔ آپ کا ذہن تخلیقی اظہار کی طرف متوجہ ہو سکتا ہے۔ بیرون ملک روابط بڑھیں گے۔ سیر وتفریح اور کھیلوں میں دلچسپی بڑھے گی۔ پیشہ ورانہ امور توجہ طلب ہوں گے۔ معمولی غلطیاں نقصانات لا سکتی ہیں۔ اپنی حیثیت کو بہتر بنانے کے لیے محنت کا عمل جاری رکھیں۔

چوتھا ہفتہ : علمی وادبی اور سوشل مصروفیات میں اضافہ ہوگا۔ حلقۂ احباب میں وسعت ہوگی اور دوسروں تک رسائی آسان ہو سکے گی۔ مخالفین پر آپ کا غلبہ بڑھے گا اور آپ کی پوزیشن بہتر ہو سکے گی۔ ذہنی وتخلیقی صلاحیتوں میں اضافہ ہوگا۔ ایسے افراد جن کا تعلق تعلیم وتربیت، ہنرمندی کے کاموں سے متعلق ہے، انہیں کامیابیاں حاصل ہوں گی۔ آمدن میں اضافہ کے لیے کی گئی کوششیں کامیابی سے ہمکنار ہوں گی۔

سعد تواریخ: یکم، 2، 3، 25، 26 فروری **نحس تواریخ**: 6، 7، 22، 23، 24 فروری

VIRGO

سنبلہ

24 August – 23 September

ستارہ: عطارد
حروف: پ غ
دن: بدھ
عدد: 5
رنگ: پیلا
پتھر: زمرد، فیروزہ

Element: Earth
Ruling Planet: Mercury
Symbol: The Virgin
Your Stone: Sapphire
Life Pursuit: To do the right thing.
Secret Desire: To love and be loved in return.

آپکا حاکم ستارہ عطارد تمام ماہ چھٹے میں رہتے ہوئے یکم تا 11 فروری راجع رہے جس سے صحت سے متعلقہ مسائل اور ملازمتی امور میں التواء کا اندیشہ محتاط رہیں۔ جبکہ 12 فروری سے عطارد حالت مستقیم میں رہتے ہوئے مسائل وپریشانیوں کا خاتمہ ممکنات میں سے ہو، حالات میں سدھار اور صحت میں بہتری آ سکے، ماتحت افراد غلطی کا اقرار کرتے ہوئے شرمندگی کا اظہار کر سکتے ہیں۔ 6,5 فروری اور 20,19 فروری عطارد زحل تسدیس سے معاملات میں بہتری کی سوچ اور پلاننگ، سوچ میں مثبت پہلو اُجاگر ہیں۔ 23,22 فروری زہرہ مریخ قران سے رومانس، تخلیقی صلاحیتیں بڑھیں اور جسمانی مشقت فائدہ پہنچائے۔ 27,26 فروری مریخ زحل تثلیث سے معاملات پایۂ تکمیل تک پہنچا سکیں اور رکاوٹوں کے باوجود معاملات میں روانی قائم رہے۔

پہلا ہفتہ : والدین، جائیداد، گھریلو اور خاندانی معاملات میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ اہم امور میں جلد بازی سے کام نہ لیں۔ ٹریفک میں بھی محتاط رویہ اختیار کریں۔ بیرون ملک روابط میں اضافہ ہوگا۔ ڈاک تار یا ٹیلی فون کال کے ذریعے آپ اپنے عزیزوں، دوستوں سے تبادلہ خیال کر سکیں گے۔ اس کی روشنی میں آپ کا اپنے مستقبل کا کوئی پہلو متعین کر سکیں گے۔ پیشہ ورانہ امور میں کامیابی ہوگی۔

دوسرا ہفتہ: تجارتی وکاروباری مراسم تقویت پائیں گے۔ نئے نئے کاروباری معاہدے کیے جا سکیں گے۔ دوسروں سے بہت زیادہ توقعات نہ وابستہ کریں تاکہ ناکامی کی صورت میں تبادل رشتہ ضرور ہو۔ ذہنی وتخلیقی صلاحیتوں کو زنگ آلودہ نہ ہونے دیں۔ قانونی امور نظر ثانی کے طالب ہوں گے۔ حاسدین، مخالفین پر آپ کا پلہ بھاری رہے گا مگر دشمن کو کمزور سمجھنا بھی دانشمندی نہیں ہے۔

تیسرا ہفتہ : ذاتی حیثیت، وشخصیت میں اضافہ ہوگا۔ آپ اپنے مستقبل کو درخشاں بنانے کے لیے عملی اقدامات کریں گے۔ محنت کے اثرات ملیں گے۔ آمدن میں اضافہ ہوگا۔ تاہم اس کے مقابل اخراجات بھی بلند رہیں گے۔ بہن بھائیوں اور عزیزوں سے تجدید مراسم ہو سکیں گے۔ چھوٹے سفر پیش آنے کی امید ہے۔ گھریلو مصروفیات میں اضافہ ہوگا۔ بچوں کے امور خصوصاً ان کی تعلیم وتربیت کی طرف رجحان رہے گا۔

چوتھا ہفتہ : رومان پرور حضرات اپنا رومانوی ماحول سازگار پائیں گے۔ سیر وتفریح کے بھی پروگرام بنیں گے۔ کام کاج کی زیادتی کے سبب صحت متاثر ہو سکتی ہے۔ لہٰذا مناسب ہوگا کہ کام کاج کے دوران اپنی غذا و آرام کا بھی مناسب خیال رکھیں۔ شریک حیات کی ضرورت کا خیال رکھیں۔ قانونی امور بھی نظر ثانی کے طالب ہوں گے۔ اہم امور میں جلد بازی نہ کریں۔ ٹریفک میں بھی محتاط رویہ برقرار رکھیں۔

سعد تواریخ: 4، 5، 6، 18، 19، 21 فروری **نحس تواریخ**: 3، 10، 23، 27 فروری

LIBRA

میزان
24 Sep. – 23 Oct.

ستارہ: زہرہ
حروف: ر ت ط
دن: جمعہ
عدد: 6
رنگ: ہلکا نیلا
پتھر: اوپل، سفید پکھراج

Element: Air
Ruling Planet: Venus
Symbol: The Scales
Your Stone: Opals
Life Pursuit: To be Consistent.
Secret Desire: To live an easy, uncomplicated life.

آپکا حاکم ستارہ زہرہ یکم تا 20 فروری چھٹے رہتے ہوئے ملازمتی ذمہ داریاں احسن طریقے سے انجام دے سکیں اور ماتحت افراد تعاون کریں، سوچ سمجھ کر کیے گئے فیصلے مثبت نتائج کے حامل ہوں۔ 21 تا 28 فروری زہرہ ساتویں رہتے ہوئے شریک حیات سے محبت بڑھے اور شراکتی امور میں خاص توجہ رکھتے ہوئے معاملات میں مثبت تبدیلیاں رونما کرسکیں۔ یکم، 2 فروری زہرہ نیپچون قران سے عشق ومحبت سے متعلقہ امور حساس اور توقعات پوری نہ ہونے سے مایوسی کا اندیشہ، خواہشات جنم لے سکیں۔ 9،8 فروری زہرہ پلوٹو تسدیس سے ذاتی مقاصد کا حصول مشترکہ امور سے وابستہ کرسکیں، دوسروں سے مزاج کی مطابقت بھی ایک مسئلہ بن جائے۔ 23،22 فروری زہرہ مریخ قران سے تخلیقی صلاحیتیں نکھریں، مشترکہ امور میں رجحان بڑھے۔ 25،24 فروری زہرہ زحل تثلیث سے ایمانداری وفرض شناسی، قدر ومنزلت بڑھ جائے اور حلقہ احباب بڑھے۔

پہلا ہفتہ: کھیلوں اور سیاحت کے متعلقہ امور میں دلچسپی بڑھے گی۔ بزرگوں سے مفادات کا حصول ممکن ہوسکے گا۔ ٹھوس سرمایہ کاری کے منصوبوں پر نظرثانی کرسکیں گے۔ دوسروں سے وابستہ اُمیدیں پوری ہوں گی، حلقہ احباب میں بعض نئے خوش کن چہرے آئیں گے۔ کچھ حاسدین آپ کو دھوکہ دینے کی کوشش کریں گے۔ آپ کی صحت متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ صحت کی طرف توجہ خاص کی ضرورت ہوگی۔

دوسرا ہفتہ: روپے پیسے کے معاملے میں دقت محسوس ہو اور آپ کے ذہن پر کسی چیز کا خوف سوار رہے۔ شراکتی نوعیت کاموں کے لیے یہ ایام ناقص ہیں۔ جو افراد کسی مقدمہ وغیرہ میں ملوث ہیں انہیں اپنے قانونی مشیر سے مسلسل رابطہ رکھنا چاہیے۔ لین دین میں بھی محتاط رہیں۔ غیر متوقع واقعات پیش آسکتے ہیں۔ وراثتی امور حسب منشاء طے پائیں گے۔ بیرون ملک روابط بڑھیں گے۔ بیرون ملک جانے کے خواہشمند افراد باہر جاسکیں گے۔

تیسرا ہفتہ: طبیعت میں روحانی عنصر غالب رہے گا۔ جس سے آپ سکون محسوس کریں گے۔ پیشہ ورانہ کامیابیاں حاصل کرنے میں سعد ایام ہیں۔ بزرگ مخلص احباب سے مشاورت کرنا بھی خوب رہے گا۔ حلقہ احباب میں وسعت ہوگی۔ دوسروں سے وابستہ اُمیدیں پوری ہوں گی۔ جذباتی نوعیت کے امور میں دانشمندانہ فیصلوں کو نظرانداز نہ کریں، آپ ہمیشہ حق اور انصاف کا ساتھ دیتے ہیں۔

چوتھا ہفتہ: ایسے افراد جو جسمانی ونفسیاتی امراض میں مبتلا ہیں، ان ایام میں افاقہ وصحت محسوس کریں گے۔ مالی ومعاشی معاملات میں بہتری آئے گی۔ گذشتہ کی گئی محنت کے ثمرات سے آشنا ہوسکیں گے۔ کوئی نیا کام کرنا یا کاروبار میں وسعت کے لیے مزید سرمایہ کاری کرنا بہتر رہے گا۔ چھوٹے سفر پیش آئیں گے۔ مطالعہ کا شوق بڑھے گا۔ طویل سفر فی الحال نہ کریں۔ زمین جائیداد کی خرید وفروخت کے سلسلے میں یہ ایام سعد ہیں۔

سعد تواریخ: یکم، 2، 20، 21، 22، 23، 24، 25 فروری **نحس تواریخ**: 7، 8، 9 فروری

SCORPIO

عقرب
24 Oct. – 22 Nov.

ستارہ: مریخ
حروف: ن ی
دن: منگل
عدد: 9
رنگ: سرخ قرمزی
پتھر: مرجان، گارنٹ

Element: Water
Ruling Planet: Pluto
Symbol: The Scorpio
Your Stone: Topaz
Life Pursuit: To survive against all opposition.
Secret Desire: To triumph

آپکا حاکم ستارہ مریخ یکم تا 20 فروری پانچویں رہتے ہوئے اولاد سے خاص لگاؤ اور تربیت پر خاص توجہ رہ سکے، رومانوی زندگی بھی راحت پہنچائے۔ 21 تا 28 فروری مریخ چھٹے رہتے ہوئے صحت کے بارے میں احتیاط برتیں اور ماتحت افراد سے زیادہ توقعات وابستہ کرنا مایوسی کا باعث ہو محتاط رہیں۔ 9،8 فروری زہرہ پلوٹو تسدیس سے خاص مقاصد کے تحت دوسروں سے مشترکہ امور کا آغاز اور دوسروں پر بھروسہ میں اضافہ ممکن ہوسکے۔ 23،22 فروری زہرہ مریخ قران سے صحت مند تفریح اور تخلیقی کاموں میں رجحان بڑھے، مشترکہ امور بھی فائدہ پہنچائیں۔ 27،26 فروری مریخ زحل تثلیث کے باعث کاروباری وکیریئر میں مثبت تبدیلیاں اور صبر وتحمل اور مثبت حکمت عملی سے معاملات کو پایہ تکمیل تک پہنچا سکیں۔

پہلا ہفتہ: روحانی علوم یا نفسیاتی علوم کی طرف راغب ہوجائیں گی۔ آپ کی زندگی میں نئے نئے دوست شامل ہوں گے۔ جن کا آپ کے آنے والے دور میں بہت زیادہ تعلق ہوگا۔ ماتحت کام کرنے والے آپ سے تعاون کریں گے۔ کام کاج کی زیادتی سے آپ کی صحت جسمانی متاثر ہوسکتی ہے، احتیاط لازم ہے۔ اولاد کے معاملات میں دلچسپی ظاہر کریں گے اور ان کے مستقبل کی منصوبہ بندی کریں گے۔

دوسرا ہفتہ: شریک حیات کی بعض فرمائشیں پوری کرنے کا موقع ملے گا۔ گھریلو خانگی زندگی کی خوشیوں میں اضافہ ہوگا۔ بچوں سے خوشیاں ملیں گی۔ غیر متوقع واقعات پیش آسکتے ہیں۔ وراثتی امور حسب منشاء طے پائیں گے۔ تفریحی مشاغل کھیلوں میں دلچسپی بڑھے گی۔ بعض مقدس محافل میں شریک ہونے کے مواقع ملیں گے۔ دین ومذہب کی طرف رغبت میں اضافہ ہوگا۔

تیسرا ہفتہ: پیشہ ورانہ ترقی کے لیے سعد ایام ہیں۔ اگر آپ بے روزگار ہیں تو اس عرصہ میں آپ کو روزگار کے مواقع فراہم ہوں گے۔ دوسروں سے وابستہ اُمیدیں کسی حد تک پوری ہوسکیں گی۔ تاہم کم ظرف لوگوں سے زیادہ اُمیدیں وابستہ کرلینا دانشمندی نہیں ہے۔ حکمت عملی اور بردباری سے کئی ایک مسئلے حل ہوجائیں گے۔ آپ اعتماد کے ساتھ بعض اہم کام انجام دیں گے۔

چوتھا ہفتہ: حیثیت وشخصیت میں اضافہ ہوگا۔ بااثر افراد سے ملاقات ہوگی۔ آمدن میں اضافہ ہوگا۔ قانونی وشراکتی کاموں میں آپ کو حتی الامکان کامیابی ملے گی۔ بچت یا انشورنس کے کاموں میں حصہ لینا خوب رہے گا۔ عزیز واقارب اور رشتہ داروں سے تجدید مراسم ہوسکیں گے۔ بہن بھائیوں سے اختلافات دور کرنے کا موقع ملے گا۔ اس دوران کوئی سفر پیش آئے تو دوران سفر آپ اپنے سامان کی خود حفاظت کریں۔

سعد تواریخ: 24، 25، 26، 27 فروری **نحس تواریخ**: 3، 4، 5، 6، 9 فروری

astrology for february

SAGITTARIUS

قوس

23 Nov. 21 Dec.

ستارہ: مشتری
حروف: ف
دن: جمعرات
عدد: 3
رنگ: سبز
پتھر: فیروزہ

Element: Fire
Ruling Planet: Jupiter
Symbol: The Archer
Your Stone: Turquoise
Life Pursuit: To live the good life.
Secret Desire: To make a difference in the world.

آپکا حاکم ستارہ مشتری تمام ماہ نویں بیت میں راجع رہتے ہوئے روحانی امور میں خواہ مخواہ کی رکاوٹ، بیرون ملک سفر کے لیے وقتی تاخیر اور اعلیٰ تعلیم کے حصول میں اضافی محنت درکار ہو، مخلص احباب کا تعاون رکھیں۔ 6,5 فروری اور 20,19 فروری عطارد زحل تسدیس سے سوچ میں پختگی اور مثبت پہلو اجاگر کرنے کے لیے کوشاں رہیں، مالی پوزیشن میں بہتری کے لیے جدوجہد۔ 7,6 فروری شمس مشتری مقابلہ مسائل ومشکلات، ڈپریشن لیکن، ضی کے تجربات اور بزرگوں سے مشاورت حالات، میں اُمید کی کرن بنائے رکھے اور خود اعتمادی کو مثبت طریقے سے استعمال کریں، الفاظ کی ادائیگی سوچ سمجھ کر کریں۔ 24، 25 فروری زہرہ زحل تثلیث سے مالی مشکلات کا خاتمہ ممکنات میں سے ہو، اہم معاہدے عمل میں آسکیں۔

پہلا ہفتہ: پس پردہ رہنے والے دشمن جن کی وجہ سے آپ عرصے سے پریشان تھے، اس ماہ ظاہر ہو جائیں گے۔ اگر آپ کو صحت میں خرابی محسوس ہو تو فوراً ماہرین سے علاج کروائیں۔ بعض اچانک سفر پیش آنے کا امکان ہے۔ دوران سفر جلد بازی سے سامان کے گم ہو جانے کا بھی اندیشہ پایا جاتا ہے۔ قریبی افراد یا والدین سے اختلافات پیدا ہونے کا اندیشہ ہے محتاط رہیں۔

دوسرا ہفتہ: عزت و توقیر میں اضافہ ہوگا۔ محبوب سے متعلق پیدا شدہ شکوک و شبہات کا ازالہ ہو سکے گا۔ کام کاج کی زیادتی کے سبب اپنی صحت جسمانی کا خیال رکھیں، ورنہ خدانخواستہ صحت لمبے عرصہ تک متاثر ہو سکتی ہے۔ کاروباری یا شراکتی امور میں بہتری آئے گی۔ ایسے کام جو شرکت سے تعلق رکھتے ہیں۔ اس میں اپنے شریک کار سے مشورہ کرتے رہیں۔

تیسرا ہفتہ: اپنے غم و غصہ پر قابو رکھیں، اہم فیصلے جلد بازی میں نہ کریں۔ ان دنوں آپ کا رجحان مذہب کی طرف رہے گا اور کسی مذہبی شخصیت سے ملاقات کا بھی امکان ہے۔ پیشہ ورانہ امور میں بہتری آئے گی۔ حیثیت و شخصیت میں اضافہ ہوگا۔ دوسرے آپ کی سحر انگیز شخصیت سے متاثر ہو سکیں گے۔ اجنبی افراد پر بھروسہ کرنا ٹھیک نہ ہوگا، کوئی ناعاقبت اندیش آپ کو دھوکہ دینے کی کوشش کرے گا، مگر وہ اپنے ارادے میں کامیاب نہ ہوگا۔

چوتھا ہفتہ: خود اعتمادی سے آپ کارہائے نمایاں انجام دے سکیں گے۔ مخلص دوستوں اور بزرگوں کا تعاون حاصل رہے گا۔ آمدن کے سلسلے میں کی گئی کوششیں کامیابی سے ہمکنار ہوں گی۔ قرض لینے یا دینے سے اجتناب برتیں۔ ہمسائیوں، بہن بھائیوں سے اختلافات دور کرنے کی ضرورت پر زور دیں۔ کسی عزیز یا قریبی دوست سے تعلقات میں کشیدگی کا خدشہ ہے۔ ماتحت کام کرنے والوں کا تعاون حاصل رہے گا۔

سعد تواریخ: 4، 5، 6، 18، 19، 20، 21، 28 فروری　**نحس تواریخ**: 3، 10، 23 فروری

CAPRICORN

جدی

22 Dec. 20 Jan.

ستارہ: زحل
حروف: ز و ظ گ س ح ج
دن: ہفتہ
عدد: 8
رنگ: خاکی، نیلا، سیاہ
پتھر: سیاہ عقیق، نیلم

Element: Earth
Ruling Planet: Saturn
Symbol: The Goat
Your Stone: Garnet
Life Pursuit: To be proud of their achievements.
Secret Desire: To be admired by their family and friends and the world at large.

آپکا حاکم ستارہ زحل تمام ماہ بارہویں بیت میں رہتے ہوئے حالات میں حقیقت کا رنگ واضح ہو، تجربات و مشاہدات بھرپور فائدہ پہنچائیں۔ 6,5 فروری اور 20,19 فروری عطارد زحل تسدیس کے باعث سوچ میں پختگی، سنجیدگی سے حالات میں درپیش مسائل و مشکلات کو حل کر سکیں۔ 23، 24 فروری شمس زحل تربیع سے معاملات و حالات میں مسائل، مشکلات اور التواء سے ہمت مزید بڑھے اور اپنی ذات کو منوانے کی لگن اور جستجو کے باعث مشکل فیصلے کرنے پڑ سکیں، خود کو غیر محفوظ محسوس کرنے سے وقتی پریشانی ممکن ہے۔ 25,24 فروری زہرہ زحل تثلیث کے باعث فرض شناسی، ایمانداری، ڈپلومیسی جیسی خوبیاں بھرپور فائدہ پہنچائیں، مستحکم و دور اندیش فیصلے ذہنی راحت بخشیں۔ 27,26 فروری مریخ زحل تثلیث سے جذبات و غصہ پر کنٹرول رکھنے کی ضرورت رہے، کاروباری امور میں فائدہ ممکنات میں سے ہو۔

پہلا ہفتہ: بچوں سے خوشی ملے گی۔ آفس کے ماحول میں بعض نئی مثبت تبدیلیاں محسوس کریں گے۔ افسران بالا آپ کے کام سے خوش ہوں گے۔ بعض حاسدین حسد کے پیش نظر افسران بالا کی نظروں سے گرانے کے لئے غلط فہمیاں پیدا کرنے کی ناکام کوششوں میں مصروف رہیں گے۔ لہٰذا احتیاط اور سمجھ بوجھ کا مظاہرہ کریں۔ دوست آپ کی زندگی میں اہم کردار ادا کریں گے۔

دوسرا ہفتہ: دوسروں سے زیادہ سے زیادہ اُمیدیں وابستہ نہ کریں، پوری نہیں ہوں گی۔ چھوٹے سفر پیش آئیں گے۔ لکھنے پڑھنے خصوصاً کتابت، ٹیلی فون کال یا ذرائع ابلاغ میں دلچسپی بڑھے گی۔ عزیز و اقارب سے مراسم خوشگوار ہوں گے۔ بعض نئے مشاغل کی طرف بھی آپ کا رجحان بڑھے گا۔ اس دوران سفر پیش آئے تو اپنے سامان کی حفاظت کریں۔ رومانوی شوق بڑھے گا۔

تیسرا ہفتہ: ایسے افراد جو کوئی امتحان دینے والے ہوں، انہیں چاہیے کہ وہ اپنی پڑھائی کی طرف توجہ رکھیں۔ صاحب اولاد افراد کو اپنی اولاد کی مصروفیات کا خیال رکھنا چاہیے کہ ان کی اولاد کوئی غلط راہ تو اختیار نہیں کر رہی۔ کام کاج کی زیادتی کے سبب آپ کی صحت جسمانی متاثر ہونے کا اندیشہ ہے۔ شراکتی معاملات احتیاط طلب ہوں گے۔ شادی شدہ افراد کو چاہیے کہ دوسروں کو اپنی ازدواجی زندگی میں دخل اندازی کا موقع نہ دیں۔

چوتھا ہفتہ: اہم امور سوچ سمجھ کر طے کریں۔ مخلص بزرگوں سے مشاورت لیتے رہیں۔ غلط قسم کے لوگوں سے مراسم نقصان دہ ثابت ہوں گے۔ بیرون ملک سے کوئی خط وغیرہ آئے گا، سیر و تفریح اور کھیلوں میں دلچسپی بڑھے گی۔ پیشہ ورانہ ترقی کے لیے نمایاں دن ہیں۔ علمی و ادبی اور سوشل مصروفیات میں اضافہ ہوگا۔ حلقہ احباب میں وسعت ہوگی۔ مخالفین پر آپ کا غلبہ بڑھے گا۔ تخلیقی صلاحیتوں میں اضافہ ہوگا۔

سعد تواریخ: 4، 5، 6، 18، 19، 21، 26، 27 فروری　**نحس تواریخ**: 29، 30 فروری

AQUARIUS

دلو
21 Jan. 19 Feb.

ستارہ: یورانس
حروف: س ش ث ص
دن: ہفتہ
عدد: 4
رنگ: نیلا
پتھر: لاجورد، نیلم

Element: Air
Ruling Planet: Uranus
Symbol: The Water Bearer
Your Stone: Amethyst
Life Pursuit: Understand life s mysteries
Secret Desire: To be unique and original

آپکا حاکم ستارہ زحل تمام ماہ گیارہویں رہتے ہوئے مخلص احباب کے ساتھ ساتھ حقیقت پسندانہ سوچ رکھنے والے احباب بھی ساتھ چلیں، جس سے حالات میں بہتری اور لائف پریکٹیکل ہوسکے۔ آپکا ذیلی حاکم یورانس تمام ماہ تیسرے میں نشست برقرار رکھتے ہوئے **3,2** فروری شمس سے تسدیس بنائے، جس سے نت نئے آئیڈیاز ملیں اور معاملات میں جدت آسکے، دوسروں سے خاص مقاصد کے تحت تعلقات بحال ہوں۔ **6,5** فروری اور **20,19** فروری عطارد زحل تسدیس سے معاملات میں فوکس بڑھے اور حالات کو سنجیدگی سے حل کرسکیں۔ **24,23** فروری شمس زحل تربیع سے دوسروں پر کنٹرول حاصل کرنا مشکل ہو جائے، اہم اور مشکل فیصلے کرسکیں۔ **25,24** فروری زہرہ زحل تثلیث فرض شناسی، ایمانداری اور ڈپلومیسی آئے، حالات کے مطابق اہم فیصلے کامیابی سے ہمکنار کرسکیں۔ **27,26** فروری مریخ زحل تثلیث کے باعث جذبات و غصے پر کنٹرول حاصل کرنا ہی معاملات میں راحت پیدا کرے۔

پہلا ہفتہ : اعلیٰ افراد سے غلط فہمی پیدا ہونے کا اندیشہ ہے۔ آپ کی طبیعت اُتار چڑھاؤ سے گزرے گی اور عجیب و غریب خیالات ذہن میں آئیں گے۔ مکان یا جائیداد کی خرید و فروخت بہتر نہیں ہوگی۔ لہٰذا اس دوران محتاط رہیں، نہ ہی مکان اور نہ ہی جائیداد بیچیں۔ چھوٹے بہن بھائیوں کے بارے میں کوئی خوشی کی خبر مل سکتی ہے۔ بچوں کے لیے شاپنگ میں مصروفیت اہم ہوگی۔

دوسرا ہفتہ : شادی شدہ افراد کو محتاط رہنے کی ضرورت ہوگی۔ شریک حیات سے جھگڑے کا اندیشہ ہے اور کاروبار میں بھی اُتار چڑھاؤ کا اندیشہ ہے۔ کسی دوست کی مدد سے لمبے سفر پر جاسکیں گے اور جو دوست عرصہ دراز سے اعلیٰ تعلیم کے حصول کی کوشش کر رہے ہیں۔ ان کی کوششیں بھی اس دوران بارآور ہوتی دکھائی دے رہی ہے۔ اس دوران کسی دوست جو غیر ممالک میں ہے، رابطہ ہونے کی امید ہے۔

تیسرا ہفتہ : والدہ سے خوشیوں کا حصول ہوگا اور جو حضرات عرصہ دراز سے بے روزگار ہیں ان کی نوکری کا بھی بندوبست ہونے کی قوی امید ہے۔ کوئی نیا کاروباری معاہدہ کرسکیں گے۔ جس سے آپ کو بہت فائدہ ہوگا۔ اپنا مقام بہتر بنانے کا موقع میسر آئے گا۔ ترقی اور آمدن کی راہیں کھل جائیں گی تاہم یہ سب کچھ آپ کے تعلقات، مظاہرے اور مہم جوئی پر منحصر ہوگا۔ اپنا مقام بہتر بنانے کا موقع میسر آئے گا۔

چوتھا ہفتہ : آپ کا زمین و جائیداد کا اگر عرصہ دراز سے کوئی قانونی جھگڑا چل رہا ہے تو اس دوران اس کا فیصلہ آپ کے حق میں ہو جانے کا قوی امکان ہے۔ دوستوں سے فائدہ ہونے کا امکان ہے اور آپ کی بعض خواہشات اس دوران پایہ تکمیل تک پہنچنے کا بھی واضح امکان ہے۔ مجموعی طور پر یہ ہفتہ آپ کے لیے سازگار و سودمند رہے گا۔

سعد تواریخ: 4،5،6،18،19،21،26،27 فروری **نحس تواریخ: 29،30 فروری**

PISCES

حوت
20 Feb. 20 March

ستارہ: نیپچون
حروف: د ح
دن: جمعرات
عدد: 3
رنگ: نیلا یا سبز
پتھر: زرد عقیق، زرد پکھراج

Element: Water
Ruling Planet: Neptune
Symbol: The Fish
Your Stone: Bloodstone
Life Pursuit: To avoid feeling alone and instead feel connected to others and the world at large.
Secret Desire: To live their dreams and turn fantasies into realities.

آپکا حاکم ستارہ مشتری تمام ماہ چھٹے میں راجع رہتے ہوئے صحت جسمانی اثر انداز اور ماتحت افراد پریشانی کا باعث بن سکتے ہیں، لہٰذا محتاط رہیں۔ آپکا ذیلی حاکم نیپچون تمام ماہ طالع میں ہی رہتے ہوئے یکم، **2** فروری زہرہ سے قران کرے، جس کے باعث عشق و محبت کے امور حساس، مثبت و مستحکم فیصلے، حالات کی عکاسی کرسکیں، خواہشات جنم لے سکتی ہیں۔ **7,6** فروری شمس مشتری مقابلہ کے باعث دوسروں کی رائے کو رد کرنے سے پہلے سن ضرور لیں، خود اعتمادی میں زیادتی مسائل کا باعث بن سکتی ہے محتاط رہیں۔ **25,24** فروری زہرہ زحل تثلیث کے باعث حالات کے مطابق اہم فیصلے کرسکیں اور کاروباری معاہدے عمل میں آسکیں۔ **27,26** فروری شمس نیپچون قران کے باعث اخراجات پر کنٹرول حاصل کرنے کی ضرورت ہے، ذاتی مقاصد کے حصول کے لیے جدوجہد ضروری ہے۔

پہلا ہفتہ: اہم کاروباری تبدیلیاں واقع ہوں گی۔ گاڑی چلاتے وقت محتاط رہیں، حادثے کا امکان ہے۔ زائد اخراجات ہونے کا اندیشہ ہے جس کے نتیجہ میں آپ قرض لینے پر مجبور ہو سکتے ہیں۔ بہتر ہے کہ پہلے ہی پلاننگ کرکے اپنے اخراجات کو کنٹرول کریں۔ آپ کو غیر ملکی سفر کرنا پڑے جس سے آپ کو مالی فائدہ پہنچے گا۔ اس دوران آپ کے اپنے بڑوں سے تعلقات بھی بہتر ہوں گے۔

دوسرا ہفتہ : گھریلو زندگی میں بہت سی خوشیاں داخل ہوں گی۔ آپ کے عہدے میں ترقی کے قوی چانسز ہیں۔ آپ کے اپنے افسروں سے تعلقات، بہتر اچھے ہو جائیں گے۔ آپ کو اپنا مقام بنانے کے بہت سے مواقع ملیں گے۔ آپ کو کاروبار میں بہت مالی فائدہ ہوسکے گا۔ اپنے کاروبار پر زیادہ توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ شریک حیات سے بھی کچھ باتوں پر اختلاف ہوسکتا ہے محتاط رہیں۔

تیسرا ہفتہ: عزت و وقار میں اضافہ ہوگا۔ مالی حالت بتدریج بہتر ہو جائے گی۔ خوش آئند مواقع میسر آئیں گے۔ حالات میں بہتر تبدیلیوں کا امکان ہے۔ ذہنی سکون حاصل ہوگا۔ جو کچھ کریں گے، اس کا مفاد ملے گا۔ دوستوں سے مالی مفاد حاصل ہوسکے گا۔ اس کے علاوہ آپ کی بعض دیرینہ خواہشات بھی پوری ہوتی نظر آرہی ہیں۔ اعلیٰ تعلیم کے حصول کے لیے باہر کے ملک جاسکیں گے۔

چوتھا ہفتہ: عرصہ دراز سے جو افراد اپنا مکان خریدنے کے حصول میں کوشاں ہیں، وہ اپنا مکان خرید سکیں گے۔ گاڑی چلاتے وقت دھیان رکھیں اور اپنی پوری توجہ ڈرائیونگ پر رکھیں۔ اس دوران آپ کی بے احتیاطی سے حادثہ ہونے کا امکان ہے۔ سوشل زندگی میں بھی تبدیلیوں کا امکان ہے۔ بہتر کیریئر، کاروبار یا مالی پوزیشن کے لئے نئی جگہوں پر جانا اور لوگوں سے ملنا مفید ہوگا تاکہ کام کی وسعت کا اندازہ ہوسکے۔

سعد تواریخ: 4،5،6،18،19،20،21،28 فروری **نحس تواریخ: 3،10،23 فروری**

علم افلاک میں زنجانی کی مہارت دیکھیں
آؤ فانی کہ ہم آئینہ قسمت دیکھیں

☆......عاطف جمیل۔ پتوکی

س: شاہ زنجانی صاحب! سال 2015ء میرے لیے کیسا رہے گا؟

ج: 2015ء یوں تو زنجانی جنتری میں بارہ بروج کے سالانہ زائچہ جات دیے گئے ہیں، تفصیلات آپ یہاں سے ملاحظہ کر سکتے ہیں۔ آپ کے انفرادی زائچہ سے 2015ء آپ کے لیے مثبت تبدیلیوں کا سال ہے۔ دیرینہ اُمیدیں پوری ہوں اور رزق روزی کی کشادگی ہوگی۔

ٌٌٌ

☆......عارف شاہد۔ اسلام آباد

س: شاہ زنجانی صاحب! میں کینیڈا یا آسٹریلیا کی امیگریشن لینا چاہ رہا ہوں، کون سا ملک بہتر اور کس کی جلد امیگریشن مل سکے گی؟

ج: لگائے گئے زائچہ کے آپ کے لیے بسلسلہ حصول امیگریشن کینیڈا کی امیگریشن لینا بہتر رہے گا اور یہ جلد بھی مل سکے گی۔

☆......ہلاکو خان۔ غازی

س: شاہ زنجانی صاحب! ہمارے علاقہ میں دفینہ ہے، جسے میں نکالنے کی کوشش کر رہا ہوں۔ کیا مجھے دفینہ مل سکے گا؟

ج: لگائے گئے زائچہ کے مطابق آپ کو متوقع سبھی دفینہ کا کچھ حصہ تو مل سکتا ہے، مگر مکمل نہیں۔ دفینہ کے بہتر مقامات جاننے کے لیے زنجانی جنتری 2015ء میں اس سال 2015ء کے دیے گئے اسم اعظم سے فیض پائیں تو عالم الرویا (خواب) میں درست مقامات کا تعین پا سکتے ہیں۔ صدقہ وخیرات بڑھائیں۔ اللہ سے تجارت کریں، دفینہ بھی خالق عطیہ وانعام ہی کی ایک شکل ہے، جو خصوصی کرم وفضل سے ہی مل سکتا ہے۔

ٌٌٌ

☆......ناصر محمود۔ کراچی

س: شاہ زنجانی صاحب! میرے لیے سٹاک شیئرز کا کام کرنا کیسا رہے گا؟

ج: لگائے گئے زائچہ کے مطابق آپ کے زائچہ میں ایسے یوگ لگے ہوئے ہیں کہ آپ بصد شوق سٹاک شیئرز کا کام کر سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ پرائز بانڈز، انٹرنیشنل لاٹریوں میں بھی نفع پا سکتے ہیں۔ ہمراہ صدقہ وخیرات بھی توفیقات سے بڑھ کر دیں تاکہ آپ کو تخمین بازی کے کاموں سے بے پناہ فائدہ ہو۔

ٌٌٌ

☆......ہارون میر۔ مانچسٹر

س: شاہ زنجانی صاحب! ہمارے حالات کافی خراب ہو چکے ہیں۔ اب یہاں سے پاکستان ہجرت کا سوچ رہے ہیں، ہمارا مستقبل کہاں اچھا ہے؟

ج: لگائے گئے زائچہ کے مطابق آپ نحوست زحل ساڑھ ستی سے گزر رہے ہیں۔ جون 2015ء سے بتدریج حالات میں بہتری آئے گی۔ اطمینان رکھیں۔ مانچسٹر میں رہنا ہی آپ کے لیے مناسب ہوگا۔ پاکستان تو آپ کا اپنا وطن ہے جب چاہیں آ سکتے ہیں۔

کوپن برائے سوال وجواب، ماہنامہ آئینہ قسمت، لاہور۔ فروری 2015ء

نام مع والدین کے نام:________ پتہ:________

تاریخ پیدائش یا اندازاً عمر________ مقام پیدائش اور وقت________ وقت سوال اور تاریخ________

سوال________

نوٹ جواب طلب امور کے لئے رجسٹرڈ جوابی لفافہ ضرور ارسال کریں اور ایک کوپن پر ایک سوال لکھیں۔ تفصیل کے لیے کوپن کے ساتھ علیحدہ کاغذ استعمال کر سکتے ہیں۔ کوپن مع 500 روپے سٹیشنری چارجز روانہ کریں۔ (یہ کوپن 15 فروری 2015ء تک کارآمد ہے)

روحانی قلمی دوستی

نام: سید شفقت حسین شاہ

عمر: 54 سال

تعلیم: ایف اے

مشاغل: علم نجوم، پامسٹری پر مشتمل کتب، آئینہ قسمت و زنجانی جنتری کا مطالعہ کرنا۔

پتہ: گدی نشین سخی شاہ فتح نور المعروف، سخی تیغ بہادر، بنگلہ نور شاہ تلہ گنگ

نام: حکیم عابد علی لاہوری

عمر: 32 سال

تعلیم: F.Sc

مشاغل: علم النجوم و روحانی علوم و علاج پر مشتمل کتب و آئینہ قسمت کا مطالعہ کرنا۔

پتہ: دکان نمبر 26، 27، خیبر مارکیٹ، ڈیرہ اسماعیل خان

نام: میر سید ارشد محمود

عمر: 60 سال

تعلیم: B.A

مشاغل: علوم روحانیات، علم طب پر مشتمل کتب اور آئینہ قسمت کا باقاعدگی سے مطالعہ کرنا۔

پتہ: مکان نمبر D/301، نزد جمیل جیولرز، رانی بازار، راولپنڈی

نام: رحیم خان یوسف زئی

عمر: 57 سال

تعلیم: ڈبل ایم اے

مشاغل: آئینہ قسمت و زنجانی جنتری کا شائق، روحانی و علمی لوگوں سے قلمی دوستی کرنا۔

پتہ: سکنہ تور ڈھیر، محلہ سینی، میاں عیسیٰ روڈ، تحصیل لاہور، ضلع صوابی، KPK

نام: سید عاشق حسین شاہ

عمر: 40 سال

تعلیم: بی اے

مشاغل: روحانی و علمی، جفری کتب کا مطالعہ و تحقیق، آئینہ قسمت کا مطالعہ کرنا۔

پتہ: مکان نمبر 7-50/1، محلہ طالب حسین، سٹریٹ سید آباد، کوئٹہ

نام: قاری تصور رضوی

عمر: 40 سال

تعلیم: ایم اے اسلامیات

مشاغل: آئینہ قسمت و زنجانی جنتری کا مطالعہ کرنا، اچھے لوگوں سے قلمی دوستی کرنا۔

پتہ: چیف پبلک سکول، 10 کلومیٹر شیخوپورہ روڈ، بدو، لاہور

نام: اقبال [illegible]

عمر: 42 سال

تعلیم: ایف اے

مشاغل: زنجانی جنتری و آئینہ قسمت کا مطالعہ کرنا، علم الاعداد، علم جفر پر مشتمل کتب کا مطالعہ کرنا، نیک مخلص لوگوں سے قلمی دوستی و خط و کتابت کرنا۔

پتہ: ہری پور ہزارہ

نام: زوار حکیم محمد ابصار

عمر: 33 سال

تعلیم: ایف اے

مشاغل: علم الاعداد، علم جفر، علم نجوم و پامسٹری، شاعری، حکمت پر مشتمل کتب کا مطالعہ کرنا۔

پتہ: حیدری مطب، زرتال ہاؤس، نزد مسجد مندیال چوک، تلہ گنگ

نام: عبدالستار کی

عمر: 35 سال

تعلیم: بی۔اے

مشاغل: علم جفر و نجوم پر مشتمل کتب پڑھنا، انعامی نمبرز پر تحقیق، آئینہ قسمت و زنجانی جنتری کا مطالعہ کرنا۔

پتہ: عبدالستار کی سروس سٹاف، ڈائنسٹی ریسٹورنٹ اینڈ بینکوئٹ ہال، A-2، پیپلز کالونی، فیصل آباد

قلمی دوستی کا کوپن زنجانی جنتری 2015 سے لیکر اپنے کوائف ہر ماہ کی یکم تا 5 تاریخ تک روانہ کر دیں تاکہ اُن کو قریبی اشاعت میں شائع کیا جا سکے۔

توشہ اصحاب کہف

کی پر نور ہستیوں کی فضیلت اس سے زیادہ اور کیا ہو سکتی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے کلام پاک میں سورہ کہف کو نازل فرمایا۔ بزرگان دین نے توشہ اصحاب کو بڑا متبرک اور سریع الاثر مانا ہے۔ جو انسان معصیبت میں ان کی نظر دیتا ہے اللہ تعالیٰ بہت جلد اس کی معصیبت کو ان ہستیوں کے صدقے دور فرمادیتا ہے۔ جناب شاہ زنجانی اپنے زیر نگرانی ہر ماہ باقاعدگی سے توشہ اصحاب کی نظر دیتے ہیں۔ ضرورت مند اور معتقد حضرات اس میں شریک ہو کر اپنی معصیبتوں کو دور فرما سکتے ہیں۔ لیکن ناجائز اور خلاف شرع مقصد نہ ہو ورنہ بجائے فائدہ کے نقصان پہنچ سکتا ہے۔ ہدیہ ایک مقصد کے لئے صرف تین صد روپے ہے۔ آپ اپنے مقاصد کے اعتبار سے شریک ہو سکتے ہیں۔ ایک دو یا تین۔ زیادہ نہیں۔ توشہ کی تاریخ ہر قمری ماہ کی نوچندی جمعرات مقرر ہے۔ مقررہ تاریخ کا خاص خیال رکھیں ورنہ آپ کا توشہ اگلے ماہ دیا جائے گا۔

روحانی مشاورت

خوش قسمتی سے مرتج اور روحانی و جسمانی مسائل سے بھرپور زندگی کا طویل راستہ ماہرانہ رہنمائی کے بغیر دشوار تر ہوتا ہے۔ کسی بھی قسم کی ماہرانہ رہنمائی کیلئے علم نجوم اور دیگر علوم مخفیہ سے رجوع کریں۔ جن کا تمام الہامی کتب میں بڑی اہمیت کے ساتھ ذکر آیا ہے۔ زمین سے فلکیاتی رابطے کے تحت کائناتی شعاعیں قوانین فطرت کے تحت شب و روز اپنے فرائض انجام دے رہی ہیں جن سے ہم ہر لمحہ متاثر ہوتے ہیں۔ مصروف ترین زندگی مثلاً ذاتی مسائل مال و اسباب عزیز و اقارب گھریلو مسائل معاملات عشق و محبت غیر متوقع آمدنی انعام وغیرہ صحت و قرض کے مسائل شادی اور شراکت وراثت اور حادثات سفر روحانیات ترقی و روزگار خواہشات خفیہ امور مبارک نگینہ اور دیگر فی زمانہ مسائل غرض ہر طرح کی دنیاوی روحانی مشکلات کے حل کیلئے پیدائشی زائچہ و وقتی زائچہ سے نجم و عامل شاہ زنجانی کی وسیع تر خاندانی روحانی خدمات سے بالمشافہ یا بذریعہ خط فیض یاب ہو سکتے ہیں۔

لوح امساک

چاند و سورج گرہن کے اوقات کی تیار کردہ یہ لوح میرے خاندان عالیہ زنجانیہ میں کئی پشتوں سے مجرب چلی آرہی ہے۔ اس لوح کو بڑی محنت اور احتیاط سے تیار کیا جاتا ہے۔ چاند گرہن یا سورج گرہن کے وقت زیر ناف پانی میں کھڑے ہو کر سیسہ (جس سے بندوق کے چھرے بنتے ہیں) پر کندہ کریں۔ سیسہ کا مربع حسب ضرورت پہلے سے بنوالیا جائے۔ اس تختی کو اپنی کمر (گردوں) پر باندھ لیں۔ اس سے ایسی قوت باہ پیدا ہوگی۔ جو مقوی سے مقوی ادویات سے بھی پیدا نہیں ہو سکتی۔ اگر کوئی یہ لوح خود تیار نہ کر سکے تو ہمارے شعبہ روحانیات سے حاصل کرے۔ ہدیہ لوح مبلغ پانچ صد روپے ہے۔ گزشتہ سال جو لوح گرہنوں کے اوقات میں تیار کی گئی تھیں ان میں سے صرف چند لوح باقی رہ گئی ہیں۔

لوح درج ذیل ہے

۳۶۳	۳۵۸	۳۶۶
۳۶۵	۳۶۳	۳۶۰
۳۵۹	۳۶۷	۳۶۲

عطر تسخیر محبوب

آپ عطر حنا یا خس کی ایک شیشی ماشہ دو ماشہ کی لے لیں۔ جس کی خوشبو نہایت تیز ہو اس شیشی کو اپنے سامنے رکھیں۔ طہارت جسم و لباس اور باوضو ہو کر اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی سا درود شریف پڑھ کر ایک ہزار مرتبہ یہ آیت پڑھ کر اس شیشی پر دم کریں۔ **واللّٰہ المستعان علی ما تصفون** یہ عمل چاند دیکھنے پر جو پہلا جمعہ آئے جمعہ کی نماز پڑھ کر شروع کریں اور ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر عصر کی نماز پڑھ لیں۔ پس عطر تسخیر محبوب تیار ہے۔ اسکے بعد عروج ماہ تک عمل تجیم کرنا بھی ضروری ہے۔ آپ جس مجلس اور جس شخص کے پاس یہ عطر لگا کر جائینگے اور اس عطر کی خوشبو آئے گی تو بے ساختہ اور والہانہ طور سے آپکی عزت و اخوت کریگا۔ اگر کوئی شخص یہ عطر خود تیار نہیں کر سکے تو ایک ماشہ عطر کی شیشی شعبہ روحانیات ادارہ آئینہ قسمت لاہور یا کراچی سے طلب کریں۔

اپنا نام مع والدہ ضرور لکھیں — ہدیہ پانچ صد روپے

طلسماتی دھاگہ

چھوٹے بچوں کو نظر بد سے محفوظ رکھنے کیلئے خاندان زنجانیہ عالیہ کا صدیوں سے مجرب چلا آرہا ہے۔ ایسے والدین جو اپنے بچوں کو نظر لگ جانے سے پریشان رہتے ہیں۔ ان کے لئے اکسیر نعمت ہے۔ اس دھاگے کو جو آئینہ قسمت کے دفتر سے مفت حاصل کیا جا سکتا ہے بچوں (7 سال تک عمر) کے گلے میں ڈالنے سے بچے نظر بد سے محفوظ رہتے ہیں

مکتبہ آئینہ قسمت کی شہرہ آفاق کتب
آئینہ ہپناٹزم
آئینہ مسمریزم
آپ کی تاریخ ولادت
انعامی نمبرز آئینہ قسمت میں
انوارِ طلسمات
انسان اسلام اور سائنس
انکشافاتِ جفر
الہاماتِ جفر
استخارہ قرآنیہ
ارواح الجفر
اسرارِ طلسمات
ابجد نجوم
اسرارِ عجیبہ
بوستان طلسمات
بیاض عملیات
بحر الحاضرات
بیاض نظامی
تقویم سیارگان
تجلیات جفر
تسخیر الارواح
تقدیر اور دست شناسی
تسخیراتِ ہمزاد
جادو شکن دعائیں
جامع النجوم
حقائق حاضرات الارواح
حقائق ہمزاد
حاضرات کی دنیا
حروف صوامت
خیال و سائنس
خزینہ جفر
روحانی زندگی کے سنہری اصول
رموزِ سوال
رجوع
رحمکاریہ جفر
سابر منتر
سحر اسود
طلسماتی دنیا
طلسمات ساری
طلسمات ہدہد
طلسمات کی دنیا
طلسمات رفیق
عالم حاضرات
علاج بالنجوم
فیض طلسمات
فانوس الجفر
قانون طلسمات
قرآن سائنس اور نجوم
کائنات حاضرات
کرشمات موکلات
مصباح الاعداد
مصباح الرمل
مصباح العملیات
مصباح الکیمیا
مصباح الفراست
مصباح الجفر
مصباح القیافہ
مفاتح الغیب
محفل حاضرات
نادِ علی
نافع النجوم
آئینہ قسمت
البیرونی تقویم 2015
انعامی نمبرز آئینہ قسمت میں شائع ہو گئی ہے
ملتان مالیت -/7500 مورخہ 02/02/2015
00 18 24 38 69 74 (بونس) 8914
فیصل آباد مالیت -/1500 مورخہ 16/02/2015
14 31 46 51 82 95 (بونس) 6415
لکی نمبرز
ہماری دعا ہے کہ آپ ان لکی نمبرز سے فیض یاب ہوں۔ کسی نقصان سے بچنے کے لیے پرچی نمبر کی بجائے پرائز بانڈز کی خرید پر توجہ دیں۔ ماہرین علم الاعداد کی تمام تر ذہانت آپ کے لئے وقف ہے۔ (ادارہ)

مصائب اور
انبساط غم اور خوشی انسان کے مقدر میں ہے
کسی کو زیادہ اور کسی کو کم۔ درحقیقت اس دنیا میں آسائش کے محل
بھی ہیں اور مصیبتوں کی جھونپڑیاں بھی قہقہوں کی سمندر بھی ہے اور آنسوؤں کا سرچشمہ
بھی۔ انسان کبھی آرام کے جھولے میں جھولتا ہے تو کبھی گردش ایام کے کوڑے سہتا ہے۔

سکون محال ہے قدرت کے کارخانے میں
ثبات ایک تغیر کو ہے زمانے میں

آفت و بلا درست، تکلیف اور دکھ بجا، لیکن خداوند تعالیٰ سبحانہ نے اس کے اثر کو زائل کرنے کے لیے اپنے کلام بلاغت نظام میں اوصاف پنہاں رکھے ہیں۔ مشکل سے مشکل اور مصائب بھی اس کلام پاک کے آگے دم نہیں مار سکتے، چنانچہ ماہر فلکیات و عامل عملیات و تعویذات قبلہ منجم اعظم شاہ زنجانی صاحب۔ نے نوروز 21 مارچ کی ساعت بابرکت میں کلام مجید سے لوح مصطفائی تیار کی ہے۔ آج سے پہلے حضور کا یہ فیض حلقہ خاص تک تھا، اب آپ نے اس فیض سے روحانی سے عوام کو بھی مستفیض فرمایا ہے۔ لوح مصطفائی پاس رکھ کر ہر ضرورت مند اپنے دلی مقصد میں کامیابی حاصل کرسکتا ہے۔

☆ بے اولاد کے ہاں اولاد ہوگی ☆ دشمن مغلوب ہوں گے ☆ افسران بالا مہربان ہوں گے ☆ ہر شخص آپکا احترام کریگا ☆ قرضہ ادا ہونے کے سامان غیب سے پیدا ہوں گے ☆ مقدمات میں کامیابی ہو گی ☆ حسب منشاء ملازمت ملے گی ☆ بحکم خدا قرضہ وصول ہو سکے گا ☆ کاروبار میں کشادگی ہوگی ☆ امتحان میں کامیاب ہوگی ☆ مایوس مریضوں کو شفاء منجانب اللہ ہوگی ☆ شادی خانہ آبادی میں رکاوٹ دور ہوگی ☆ جائیداد حسب منشاء فروخت ہو سکے گی ☆ محبوب کو آپ سے والہانہ محبت ہوگی۔ غرضیکہ لوح مصطفائی ﷺ پاس رکھنے سے آپ کی جملہ شکایات دور ہوں گی۔

پس لوح مصطفائی کیا ہے؟ قرآن مجید کا زندہ جاوید معجزہ ہے۔ جو آپ کے دلی جائز مقاصد ہوں وہ تفصیل سے لکھیے اور ساتھ ہی والدین کے نام بھی تحریر فرمایئے لوح مصطفائی آپ کو عمر بھر کام دے گی۔

ہدیہ 751 روپے۔ نوٹ: ایک وقت میں صرف 2 مقاصد لکھیں۔

خاندان زنجانیہ عالیہ کے بے مثال روحانی تحائف

نقش	تفصیل	ہدیہ
نقش اسم اعظم	حصول خیر و برکت کے لیے پاس رکھنے کے لیے اس سے بڑھ کر کوئی نعمت نہیں	ہدیہ پانچ صد روپیہ
نقش ناد علیؑ	ناد علی کا ورد دشمن کو زیر کرتا ہے اور اسکا نقش دشمن کے ہوا کو بے اثر کر کے حرز جاں بن جاتا ہے، گویا یہ ایک خاص تحفہ ہے	ہدیہ پانچ صد روپیہ
نقش تخلیص	بازاری اور پیشہ ور محبوبہ کی ناپاک محبت سے آزاد کر کے انسان کو تباہی و بربادی سے بچا لیتا ہے	ہدیہ پانچ صد روپیہ
نقش انقلاب عظیم	تبادلہ حسب منشاء کرانے کے لیے اس سے بڑھ کر اور کوئی روحانی تحفہ نہیں ہے	ہدیہ پانچ صد روپیہ
نقش یوسفؑ	گھر سے مفرور اور آوارہ لڑکوں کو واپس بلانے کے لیے شاہ زنجانی کا بے نظیر روحانی تحفہ	ہدیہ پانچ صد روپیہ
نقش محافظ	یہ نقش پاس رکھنے سے حمل ضائع نہیں ہوتا اور بچہ صحیح سالم پیدا ہو کر زندہ رہتا ہے	ہدیہ پانچ صد روپیہ
نقش ولادت	درد ولادت میں کمی کر کے بچے کی پیدائش کو بے آسان بنا دیتا ہے	ہدیہ پانچ صد روپیہ

مینیجر شعبہ روحانیات آئینہ قسمت
کاشانہ زنجانی، D-125، گلبرگ 2، (نزد مین مارکیٹ) لاہور
بیرون ملک کے لیے ہر نقش کا ہدیہ 10 پونڈ ہے
فون لاہور: 042-3575227 - 35872277
فون کراچی: 021 - 32217544
0300 - 9483758

Email: azanjani@gmail.com
www.alizanjani.co.uk
Cell: + (92) 300 413 5822
For UK: + (44) 161 408 7086
Kashana-e-Zanjani
125-D, Gulberg - 2,
Lahore (Pakistan)
www.astrologyavenue.com

ALI ZANJANI
Astrologer

Problems Over!
Sitting right where you are with
Just One Phone Call!

FEBRUARY 2015
Golden jubilee Magazine
Monthly AIENA-E-QISMAT LAHORE ® CPL # 134

منجم اعظم الحاج سید ناظر حسین شاہ زنجانی

ماہر روحانیات شہزادہ سید انتظار حسین شاہ زنجانی کی روحانی خدمات سے فیض حاصل کریں

باب مدینۃ العلم حضرت علیؑ کا ارشاد ہے کہ ہر انسان کے اندر ایک عالم اکبر چھپا ہوا ہے اور یہ دنیا عالم اصغر ہے۔ سُبْحَانَ اللّٰہ ۔ اس حقیقت سے انکار ممکن نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے انسان کو ایسی طاقتیں عطا کی ہیں جو روحانی مادی دنیا کو متاثر کرتی ہیں۔ روحانی وجسمانی معالج ریاضت کے بعد ان باطنی قوتوں کو استعمال کرکے خلق خدا کی خدمت کرتے ہیں۔ روحانی ریاضت اور مشقت سے ہی انسان خدائی طاقت سے تعلق وہم آہنگی پیدا کر سکتا ہے کائنات میں روحانی توانائیاں موجود ہیں۔ اگر ہم حاصل کرکے صحیح استعمال کریں تو ہماری ہستی میں وسعت ورفعت پیدا ہو جاتی ہے۔ ایسے ہی رشتہ باہم سے منسلک ایک عظیم المرتبت سید گھرانے کی روحانی شخصیت حضرت سید میراں حسین شاہ زنجانی" پیر بھائی حضرت داتا گنج بخش سید علی ہجویری اس ارض پاک پر روحانی فیوض وبرکات تقسیم کرنے کیلئے متعین ہوئے۔ بانی ادارہ آئینہ قسمت حضرت سید ناظر حسین شاہ زنجانی" المعروف منجم اعظم اس سلسلہ کا تسلسل ہیں جنہوں نے قیام پاکستان کے ساتھ ہی ایک نئے انداز سے اس روحانی سلسلہ کو شروع کیا ماہنامہ آئینہ قسمت جاری کرنے کے ساتھ ساتھ متعدد روحانی کتب تصنیف کیں۔ اور پھر بڑی جانفشانی سے ایک ربع صدی تک اس کی پرورش کی۔ اپنے خاندانی روحانی فیوض وبرکات اور علوم کا فیض عام جاری کیا بعد ازاں ان کے فرزند ارجمند وجانشین شہزادہ سید انتظار حسین شاہ زنجانی کو ذمہ داری ملی۔ آپ بھی اپنے خاندانی فیوض وبرکات سے ہر بنی نوع انسان کو بلا امتیاز مذہب وملت فیضیاب فرماتے ہیں آپ اپنی کسی بھی الجھن کے سلسلے میں ان کی وسیع تر خاندانی خدمات سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں بالمشافہ یا بذریعہ خط وکتابت شاہ زنجانی صاحب سے تمام دنیاوی مشکلات ومصائب اور حاجات زندگی کے لئے موثر عملیات وتعویذات بھی لئے جا سکتے ہیں۔

آپ اپنے ذاتی زائچہ پیدائش کی تحقیق کروا کر اپنے سیارگان کی قوت وکمزوری معلوم کرکے شرف واوج سیارگان کی الواح، برج وستارے کا طلسم، موافق جواہرات صدقات، اسم اعظم معلوم کرکے اپنی قسمت کو بدل سکتے ہیں۔ نوٹ: اپنی سہولت کے لئے بالمشافہ ملنے والے وقت لے کر تشریف لائیں بذریعہ خط وکتابت ٹیلیفونک مشاورت کرنے والے اپنا نام بمعہ والدین، تاریخ پیدائش، وقت، مقام یا اندازاً عمر کے علاوہ وقت سوال بھی تحریر کریں۔ فیس یا ہدیہ کے لئے اندرونی صفحات ملاحظہ فرمائیں۔

ہر انگریزی ماہ بالمشافہ ملنے والوں کے لیے پروگرام (علاوہ رمضان المبارک) اوقات ملاقات صبح 11 بجے سے 6 بجے شام (وقفہ برائے نماز)

کاشانہ زنجانی 11 تا 20 اور 24 تا 30 یا 31
125۔ ڈی، گلبرگ 2
بالمقابل یونین کونسل، حضرت میراں حسین زنجانی روڈ، نزد مین مارکیٹ، لاہور۔ 54660
Mobile: 0300-9483758

Ph: 042-35752277

کاشانہ زنجانی یکم تا 7
نزد ہومیوکنگ وہمدرد دواخانہ
آرام باغ روڈ، کراچی۔ 74200
Ph: 021-32217544

21، 22، 23 فلیشمین ہوٹل
مال روڈ (صدر) راولپنڈی
051-9272004-8

Kashana-e-Zanjani, D-125, Gulberg-II, Near Main Market, Lahore-54660 Pakistan
Lahore Ph: 042-35752277, 35872277 Fax: 35755253 Karachi Ph: 021-32217544 email: aienaeqismat@gmail.com